کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | اتوار 29 ذی القعدہ 1447ھ 17 مئی 2026ء | صفحات 24 | شمارہ 312
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرینگے حکومت کی آئی ایم ایف کو 860 ارب روپے کے اضافی ٹیکس اقدامات کی یقین دہانی

آئی ایم ایف کے دباؤ پر پیٹرول اور ڈیزل پر سبسڈی بند کرنے کا فیصلہ، جی ایس ٹی کی مد میں اضافی 2 ہزار ارب روپے جمع کرنے کا ٹارگٹ، نئے بجٹ کا حجم 17 ہزار ارب روپے سے زائد ہونے کا امکان

انسداد بدعنوانی اور سرکاری خریداریوں کے فریم ورک کی مضبوطی، ٹیکس ریونیو انتظامیہ میں بہتری، کرنسی ایکسچینج کی بتدریج خودمختاری کیلئے روڈ میپ کی تیاری اور ریگولیٹری شفافیت کی اہم شرائط بھی شامل

حکومت نے سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرنے کی یقین دہانی کروادی 2027 سے بجلی کمپنیوں کی فروخت شروع ہوگی، خصوصی اقتصادی زونز کی ٹیکس مراعات 2035 تک ختم کرنے کا منصوبہ شیئر کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت خزانہ اور ایف بی آر کی نااہلی کا بوجھ غریب عوام پر ڈالنے کی تیاری، آئی ایم ایف کو 860 ارب روپے کیا اضافی ٹیکس اقدامات کی یقین دہانی کروادی گئی، آئی ایم ایف کے دباؤ پر پیٹرول اور ڈیزل پر سبسڈی بند کرنے کا بھی فیصلہ کرلیا گیا، نئے بجٹ کا حجم 17 ہزار ارب روپے سے زائد ہونے کا امکان ہے۔ بجٹ 27-2026 میں بھی وزارت خزانہ اور ایف بی آر کی نالائقیوں کی سزا غریب عوام کو دینے کی تیاری کرلی ہے، آئی ایم ایف کو 860 ارب روپے کے اضافی ٹیکس اقدامات کی یقین دہانی کروادی گئی، عالمی مالیاتی فنڈ کی ڈکٹیشن پر پیٹرول اور ڈیزل پر سبسڈی بند کرنیکا فیصلہ کرلیا گیا ہے، ملک میں توانائی اور ایندھن کی قیمتیں نئی بلندیوں پر جانے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف نے جی ایس ٹی کی مد میں بھی اضافی 2 ہزار ارب روپے جمع .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

شہید لیڈی کانسٹیبل شکیلہ پر قوم کو فخر ہے، مریم نواز شریف

تربت میں شہید پولیس اہلکار کو وزیراعلیٰ پنجاب کا خراج عقیدت

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دہشت گردوں کے حملے میں شہید لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی کیا اور کہا کہ بلوچستان کی بیٹی شہید لیڈی .... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی کانگریس رکن کا شہباز شریف وعاصم منیر کے نام تعریفی خط

فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانا حقیقی ریاستی بصیرت کا ثبوت ہے، جیک برگمین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے کلیدی کردار کی عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی کی گئی ہے، امریکی رکن کانگریس جیک برگمین نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے نام اہم تعریفی خط ارسال کیا ہے۔ کانگریشنل .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن چترال میں بنوقابل تقریب سے خطاب کررہے ہیں

دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ناقابل برداشت ہیں، وزیراعلیٰ

تربت میں لیڈی کانسٹیبل کا قتل قانون کی بالادستی اور ریاستی رٹ پر حملہ ہے، ریاست انہیں ہرصورت منطقی انجام تک پہنچائے گی

اساتذہ کو نشانہ بنانے کے واقعات بلوچستان کی علمی وادبی اور فکری شناخت پر حملے ہیں، دہشتگرد علم کے دشمن ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ناقابل برداشت ہیں ریاست دشمن عناصر کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا تربت میں لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کا قتل بلوچستان کے امن، قانون کی بالادستی اور ریاستی رٹ پر حملہ ہے انہوں نے کہا کہ .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیراعظم

تربت میں شہید ہونیوالی لیڈی کانسٹیبل شکیلہ بی بی کو خراج عقیدت پیش، زخمی شوہر و بیٹے کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایات

حکومت ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، قیام امن کیلئے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کی ضلع کیچ میں دہشتگردی کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہید ہونے والی لیڈی کانسٹیبل کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے شہید اہلکار کے لیے دعائے مغفرت اور اہل خانہ کے لیے صبر واستقامت کی دعا کی۔ انہوں نے واقعے میں زخمی ہونے والوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت جاری کی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

تہران، وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی ایرانی اہم منصب سے ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ تھیلیسیمیا کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب میں خواتین اور مرد خون کا ٹیسٹ کروارہے ہیں

ایران ہولناک حملے سے بچ گیا، صدر ٹرمپ امریکی حملے کے مقابلے کیلئے تیار ہیں اس بار جوابی کارروائی میں خلیجی ممالک میں امریکی تنصیبات تباہ کرینگے، ایران

امریکہ وایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے پاکستان کی کوشش

وزیرداخلہ محسن نقوی کی ایران میں ہنگامی آمد

امریکہ کیساتھ تنازع کے حل کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششیں قابل تعریف ہیں پاکستان علاقائی امن اور استحکام کیلئے تعمیری کردار ادا کررہا ہے، ایرانی وزیرداخلہ کی ہم منصب محسن نقوی سے بات چیت

وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی اور ایرانی ہم منصب اسکندر مومنی کا ایران پاکستان تعلقات اور امن مذاکرات کی بحالی کے امکانات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال، بات چیت کا عمل جاری رکھنے پر اتفاق

ایران نے برسوں خلیجی ممالک کو دوست اور برادر سمجھا لیکن انہوں نے اپنی خودمختاری کو داؤ پر لگا کر اپنی سرزمین اور وسائل ایران اور فلسطین کے دشمنوں کے حوالے کردیے، ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محمد مخبر

ایران پر فیصلہ کن حملہ پاکستان کے بعض، بہت اچھے لوگوں کی درخواست پر روکا، میں جنگ بندی کے حق میں نہیں تھا، یہ جنگ بندی پاکستان پر نوازش تھی، امریکی صدر کی وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد، واشنگٹن (زاہد احمد خان، مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی اور ایرانی وزرائے داخلہ کی تہران میں ملاقات، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششیں مخلصانہ اور پُرعزم ہیں ایرانی ٹیلی ویژن نے ایران اور پاکستان کے وزرائے داخلہ کے درمیان ملاقات کی تصاویر نشر کرتے ہوئے اس ملاقات کو 'اہم' قرار دیا ہے۔ ایرانی وزیرداخلہ نے پاکستان کے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی جاری تنازع کے حل کے لیے کوششوں کو مخلصانہ اور پُرعزم قرار دیا اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی ایران پہنچ گئے جہاں انہوں نے ایرانی ہم منصب اسکندر مومنی سے ملاقات کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق محسن نقوی اور ایرانی وزیرداخلہ کی ملاقات میں ایران پاکستان تعلقات اور امن مذاکرات کی بحالی کے امکانات پر تبادلہ خیال ہوا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور بشمول علاقائی امن اور تازہ علاقائی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ ایرانی وزیرداخلہ نے علاقائی امن واستحکام کے لیے........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو ریلیف فراہم اور مہنگائی پر کنٹرول کیلئے زیادہ کوشش کی جائے، نواز شریف

وفاقی حکومت کی جانب سے چاروں صوبوں کے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، قائد مسلم لیگ ن کی ہدایت

اسحاق ڈار اور احسن اقبال کی ملاقات، ملکی اور خطے کی صورتحال، امریکا، ایران جنگ اور پاکستان کی ثالثی کی کاوشوں پر گفتگو

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف نے حکومت کو ہدایت کی ہے کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے، مہنگائی کنٹرول ہوگی تو عوام کو سکون ملے گا۔ انہوں نے........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو 3 دنوں میں قطر سے دوسرا ایل این جی کارگو موصول

160000 کیوبک میٹر ایل این جی بردار جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوا، حکام

کراچی (م ڈ) پاکستان کو جمعہ کے روز تین دنوں کے اندر قطر سے ایل این جی کا اپنا دوسرا کارگو موصول ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے امریکا اور ا........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اے پی این ایس کا الطاف حسن قریشی کے انتقال پر اظہار افسوس

صحافت اور فکری مباحث میں ان کی نمایاں خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

انتقال صحافتی اور ادبی برادری کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، صدر وسیکرٹری جنرل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (APNS) نے معروف مدیر، دانشور اور سینئر صحافی الطاف حسن قریشی، چیف ایڈیٹر اردو ڈائجسٹ، لاہور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سینئر سرمد علی، صدر APNS، اور محمد اطہر قاضی، سیکریٹری جنرل APNS نے ایک مشترکہ بیان میں مرحوم جناب قریشی کو شاندار خراج تحسین........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیلی کمیونیکیشن کا شعبہ قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہا ہے، آصف زرداری

آج ڈیجیٹل نیٹ ورکس، تعلیم، صحت، تجارت، بینکاری اور عوامی خدمات کیلئے بنیادی ضرورت بن چکے، صدر مملکت

شہریوں کیلئے یہ رابطہ کاری اب معاش اور معلومات تک رسائی کا اہم ذریعہ بن گئی ہے، صدر کا عالمی یوم ٹیلی کمیونیکیشن پر پیغام

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) عالمی یوم ٹیلی کمیونیکیشن و انفارمیشن سوسائٹی کے موقع پر، میں پاکستان کی ٹیلی کمیونی کیشن کمیونٹی اور ان تمام افراد کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جو ملک کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اس سال کا موضوع، "ڈیجیٹل لائف لائنز: مربوط دنیا کی مضبوطی"،........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک اہلکار پر گاڑی چڑھانے کا وزیرداخلہ نے نوٹس لے لیا

ملزم کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، منطقی انجام تک پہنچائیں گے، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (آئی این پی) ٹریفک پولیس اہلکار پر گاڑی چڑھانے کے واقعے کا صوبائی حکومت نے سخت نوٹس لے لیا۔ وزیرداخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی ہدایت........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

لیڈی کانسٹیبل کی شہادت کھلی دہشت گردی ہے، میر ضیا لانگو

حملے کی رپورٹ طلب، ملوث عناصر کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، صوبائی وزیر

دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیرداخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے تربت میں لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کی شہادت کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعے کی فوری اور جامع رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے اس افسوسناک واقعے کو کھلی دہشت گردی اور سفاکیت کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین اور معصوم .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی سے ملاقات کررہے ہیں

تربت و نوشکی میں فائرنگ لیڈی کانسٹیبل اور لیکچرار جاں بحق

آبسر ریسرچ فارم کے قریب فائرنگ سے پولیس اہلکار شکیلہ بی بی موقع پر دم توڑ گئیں، شوہر اور بیٹا فائرنگ سے زخمی ہوگئے

نوشکی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے براہوئی زبان کے لیکچرار غمخوار حیات جان کی بازی ہار گئے

ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ کا دھماکہ راہگیر زخمی، پنجگور میں کسٹمز چیک پوسٹ پر حملہ گاڑی نذر آتش

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + مانیٹرنگ ڈیسک + آن لائن) اندرون بلوچستان مختلف اضلاع میں دہشتگردی کے متعدد واقعات میں لیڈی پولیس کانسٹیبل اور لیکچرر جاں بحق جبکہ متعدد........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات کیس گرفتار ملزمہ پنکی کے جسمانی ریمانڈ میں مزید توسیع

ملزمہ شاطر ہے، بار بار بیان بدل رہی ہے، ملزمہ نے ابھی آتے ہوئے کہا کہ مجھے جانتے نہیں ہو میرا نام پنکی ہے، تفتیشی افسر

میرے خلاف 25 پرچے ڈالے جارہے ہیں، کہا جارہا ہے کہ سب قبول کریں ورنہ آپکی فیملی کو اٹھا کر لے جائیں گے، ملزمہ

کراچی (م ڈ) کراچی کی عدالت نے منشیات کیس میں گرفتار ملزمہ پنکی کا 22 مئی تک جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ سینٹرل کی عدالت نے ملزمہ انمول عرف پنکی کا 22 مئی تک جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ دوسری جانب جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت نے قتل کیس میں ملزمہ پنکی کے جسمانی ریمانڈ میں 2 دن کی توسیع کردی۔ ملزمہ کو پیر کو........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ، رویت ہلال

کمیٹی کا اجلاس طلب کرلیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور نے ذوالحج 1447 ہجری کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج اتوار 17 مئی کو طلب کرلیا ہے، جس میں عیدالاضحیٰ کی حتمی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس محکمہ موسمیات کراچی میں ہوگا، جس کی صدارت .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

چین کا امریکہ سے طیارے اور انجن کی خریداری کا اعلان

چینی وزارت خارجہ کی خریداری سے متعلق معاہدے کی تصدیق

بیجنگ (م ڈ) چین کی وزارت تجارت نے چین کی جانب سے امریکا کے ساتھ طیاروں، جیٹ انجنز اور متعلقہ پرزہ جات کی خریداری کے حوالے سے معاہدہ .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

صحافی الطاف حسین کا انتقال، وزیراعظم کا اظہار افسوس

الطاف حسین کی وفات سے پیدا ہونیوالا خلاء پر نہیں ہوسکے گا، شہباز شریف

لاہور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اردو ڈائجسٹ کے بانی اور ملک کے معروف سینئر ترین صحافی الطاف حسین قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ امیر جماعت اسلامی کے زیراہتمام میزان چوک پر بدل دو نظام دعوتی کیمپ میں خطاب کررہے ہیں

جیٹ فیول سستا ہونے سے کمرشل جہازوں کے کرایوں میں کمی کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) کمرشل جہازوں کے کرایوں میں کمی کا امکان ہے۔ حکومت نے جیٹ فیول کی قیمت میں بڑی کمی کردی، فیول کی قیمت میں 111 روپے 44 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی۔ اسی طرح جیٹ فیو........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی رکن کانگریس کا وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے نام تعریفی خط

اسلام آباد (آئی این پی) امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے کلیدی کردار کی عالمی سطح پر بھرپور پذیرائی کی گئی ہے، امریکی رکن کانگریس جیک برگمین نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

امریکیوں کو جنگ کے بڑھے اخراجات برداشت کرنا ہونگے، عراقچی

امریکیوں کی اصل تکلیف اس وقت شروع ہوگی جب قرض اور مارگیج شرح بڑھے گی

ایرانی وزیرخارجہ نے امریکی بانڈز پر بڑھتی ہوئی شرح منافع کے اعداد وشمار شیئر کردیے

تہران (م ڈ) ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی نے ایران جنگ کے امریکا پر پڑنے والے منفی معاشی اثرات سے متعلق طنز کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر امریکی ٹریژری بانڈز پر بڑھتی ہوئی شرح منافع کے اعداد وشمار شیئر کردیے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ امریکیوں کو بتایا جارہا ہے کہ انہیں ایران کے خلاف خود سے چھیڑی گئی جنگ کے بڑھتے ہوئے اخراجات........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عیدالاضحیٰ، صوبائی حکومت کی جانب سے لاک ڈاؤن میں نرمی کا فیصلہ

محکمہ داخلہ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا، صوبے بھر میں کاروباری سرگرمیاں محدود مدت کیلئے بحال کرنے کی اجازت دیدی گئی

نرمی کا اطلاق یکم جون تک رہیگا، شہریوں کی سہولت کیلئے دکانیں، کاروباری مراکز، شاپنگ مالز اور مارکیٹیں کھلی رہیں گی، اعلامیہ

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) حکومت بلوچستان کے محکمہ داخلہ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو سہولت فراہم کرنے کے لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کا فیصلہ کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت صوبے بھر میں کاروباری سرگرمیوں کو محدود مدت کے لیے بحال کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ کے اعلامیے کے مطابق .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو نشانہ بنانیوالے کسی رعایت کے مستحق نہیں، شاہد رند

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا کھلی بربریت ہے، دہشتگردوں کی فائرنگ سے لیڈی کانسٹیبل کے شوہر اور بیٹے کا زخمی ہونا افسوسناک ہے

دہشت گرد اساتذہ، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا کر خوف پھیلانا چاہتے ہیں، دہشتگردوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائیگا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ کے معاون برائے میڈیا وسیاسی امور شاہد رند نے تربت اور نوشکی میں دہشت گردی کے واقعات، لیڈی کانسٹیبل اور معروف براہوئی ادیب پروفیسر غمخوار حیات کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

لیڈی کانسٹیبل کا قتل، انسانی حقوق کے علمبردار خاموش

بلوچستان کی ایک اور بیٹی کانسٹیبل شکیلہ بلوچ انڈین پراکسی کی نذر

اسلام آباد (م ڈ) بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور اس کے دہشتگرد پراکسی نیٹ ورکس اب خواتین اور بچوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں، کانسٹیبل شکیلہ بلوچ کو بھی انڈ........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات کیس: منشیات استعمال کرنیوالوں کو گواہ بنانے کا فیصلہ

رضا کارانہ بیان دینے والوں کو تحقیقات کا حصہ بنایا جائیگا، میٹی کا فیصلہ

کراچی (م ڈ) انمول عرف پنکی کیس میں اعلیٰ افسران کی کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا جس دوران پنکی کی منشیات استعمال کرنیوالے افراد کو مقدمات میں گواہ بنانے کا فیصلہ کیا گیا تفصیلات کے مطابق اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پنکی کارٹیل کی منشیات استعمال........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پانڈا بانڈ کا اجرا پاک چین، مالیاتی تعاون کا نیا باب

پاکستان نے دنیا کی دوسری بڑی مارکیٹ تک رسائی حاصل کرلی، محمد اورنگزیب

پانڈا بانڈ کا اجرا پاکستان کی معاشی ساکھ پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے، وزیرخزانہ

حکومت معاشی اصلاحات، مالیاتی نظم وضبط اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، موجودہ علاقائی صورتحال کے باوجود پاکستان نے معاشی استحکام .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت میری ٹائم شعبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، وفاقی وزیر بحری امور

میری ٹائم سیکٹر میں تعلیمی ترقی، اسکالرشپس اور افرادی قوت کی تربیت کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا جارہا ہے، جنید انوار چوہدری

جدید میری ٹائم تعلیم وصلاحیت سازی کے خصوصی پروگرام بھی شروع کیے جائیں گے تاکہ نوجوانوں کو عالمی سطح پر مسابقت کے قابل بنایا جاسکے، اجلاس سے خطاب

گوادر (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی زیرصدارت میری ٹائم ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ کے قیام سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں میری ٹائم سیکٹر میں تعلیمی ترقی، اسکالرشپس اور افرادی قوت کی تربیت کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا اجلاس میں نورالحق بلوچ نے مجوزہ فنڈ کے خدوخال اور اس کے انتظامی و مالی ڈھانچے پر جامع بریفنگ دی۔ اجلاس میں تجاویز پیش کی گئی........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کی فیدل کاسترو کے بھائی کو گرفتار کرنے کی تیاری شروع

1996 میں دو طیارے مار گرانے کی تحقیقات دوبارہ کھولنے کا اعلان

واشنگٹن (م ڈ) 1996 میں دو طیارے مار گرائے جانے کے واقعے میں کیوبا کے سابق صدر 94 سالہ راؤل کاسترو کے خلاف ممکنہ فوجداری فرد جرم کی تیاری کررہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ انصاف نے اس مقصد کے لیے حال ہی میں سی آئی اے کے سربراہ کو کیوبا بھی بھیجا تھا۔ سی آئی اے کے سربراہ جان ریڈکلف نے ہوانا میں کیوبا کے........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین: مسلح افراد کا تھانہ پر قبضہ، عمارت کو جلادیا

قیدی رہا، مختلف علاقوں میں فورسز کی جھڑپیں، اضافی نفری روانہ

آمدہ اطلاعات کی سرکاری سطح پر تاحال تصدیق یا تردید نہیں کی گئی

دالبندین (یو این اے) ضلع چاغی کے مرکزی شہر دالبندین سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد کی بڑی تعداد نے شہر کے مختلف حساس مقامات پر حملے کیے ہیں، جس کے نتیجے میں علاقے میں شدید کشیدگی اور خوف وہراس کی فضا قائم ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے دالبندین تھانے پر حملہ کرکے اسے اپنے کنٹرول میں........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

فی تولہ سونا 600 روپے کم ہوکر 4 لاکھ 76 ہزار 262 روپے کا ہوگیا

کراچی (آئی این پی) عالمی ومقامی سطح پر سونے چاندی کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ آل صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 600 روپے کم ہوکر 4 لاکھ 76 ہزار 262 روپے........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی فوج نے نائیجیریا میں داعش کے رہنما کو ختم کردیا، ٹرمپ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی فوج نے نائیجیریا میں داعش کے اعلیٰ رہنما کو ختم کردیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نیوسوشل میڈیا پر بیان میں کہا امریکی فوج نے نائیجیریا میں........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

روسی صدر کی یو اے ای کے صدر سے جنگ پر بات چیت

مفاہمت پر مبنی سیاسی اور سفارتی عمل انتہائی ضروری ہے، پیوٹن

ماسکو (م ڈ) روسی صدر ولادیمیر پوتن نے آج متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان سے ایران میں جاری جنگ کے حوالے سے بات چیت کی۔ رپورٹس کے دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ امن کے حصول کے لیے مفاہمت پر مبنی سیاسی اور سفارتی عمل کو جاری رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ پیوٹن نے یوکرین جنگ سے متعلق انسانی ہمدردی کے........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اردو ڈائجسٹ کے بانی وصحافی الطاف حسن قریشی انتقال کرگئے

نماز جنازہ آج 17 مئی کو بعد نماز ظہر جامعیہ اشرفیہ لاہور میں ادا کی جائیگی

لاہور (بیورو رپورٹ) معروف صحافی اور اردو ڈائجسٹ کے بانی الطاف حسن قریشی انتقال کرگئے۔ رپورٹ کے مطابق الطاف حسن قریشی کی نماز جنازہ 17 مئی (اتوار) کو بعد نماز ظہر جامعیہ اشرفیہ لاہور میں ادا کی جائے گی۔ مزید بتایا گیا کہ الطاف حسن قریشی نے اردو ڈائجسٹ کے ذریعے ملک بھر میں سنجیدہ صحافت، دانشورانہ مباحث اور ادبی اقدار........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

محسن نقوی کو آئی پی ایل فائنل کیلئے دعوت نامہ موصول

چیئرمین پی سی بی کے جانے کا فیصلہ وزیراعظم پاکستان کرینگے

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کو آئی پی ایل فائنل کا دعوت نامہ موصول ہوا ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کو آئی پی ایل فائنل دیکھنے کا دعوت نامہ موصول ہوا اور محسن نقوی کی دعوت نامہ وزیراعظم شہباز شریف........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

مخلوط حکومت ہے، مشاورت کے بغیر آئینی ترمیم نہیں کرسکتے، اعظم نذیر

پارلیمنٹ میں موجود اپنے اتحادیوں سے مشاورت کریں گے، اتحادیوں کی طرف سے سگنل موصول ہوگا تو پھر رہنمائی اور مشاورت ہوگی

فی الحال 28 ویں ترمیم کے آثار نظر نہیں آرہے، اتفاق رائے کے بغیر آئینی ترمیم پر پراسس نہیں ہوگا، ابھی کچھ واضح نہیں، وفاقی وزیر

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیرقانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ فی الحال 28 ویں ترمیم کے آثار نظر نہیں آرہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ پہلے پارلیمنٹ میں موجود اپنے اتحادیوں سے مشاورت کریں گے، اتحادیوں کی طرف سے سگنل موصول ہوگا تو پھر رہنمائی اور مشاورت ہوگی۔ وفاقی وزیرقانون کا کہنا تھا کہ ہم مخلوط حکومت ہیں، آئینی ترمیم مشاورت کے بغیر کیسے کرسکتے ہیں، اتفاق رائے کے بغیر آئینی ترمیم پر .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

عزالدین الحداد، اہلیہ و بیٹی سمیت شہید ہوگئے، حماس

شہید عسکری ونگ القسام بریگیڈز کے سربراہ تھے، حماس کی تصدیق

اسلام آباد (م ڈ) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے تصدیق کی ہے کہ اس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈز کے سربراہ عزالدین الحداد اسرائیلی حملے میں شہید ہوگئے۔ حماس کے مطابق عزالدین الحداد جمعہ کی شام غزہ میں ایک اسرائیلی حملے میں شہید ہوئے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کیساتھ پھر سے امتیازی سلوک کیا گیا، بیرسٹر گوہر

کشمیر الیکشن کمیشن نے بغیر کسی وجہ کے رجسٹریشن مسترد کردی، چیئرمین

الیکشن کمیشن میں پی ٹی آئی کی درخواست کو طویل عرصے تک زیرالتوا رکھا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ ایک بار پھر امتیازی سلوک کیا گیا ہے، اس بار پاکستان کے زیرانتظام کشمیر میں یہ سب ہوا۔ انہوں نے سوشل میڈیا ایکس پر اپنی ایک ٹویٹ میں........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں آمد ورفت کا طریقہ کار تیار کرلیا، ایران

نظام سے وہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو ایران سے تعاون کرینگے، ابراہیم عزیزی

تہران (م ڈ) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز میں مخصوص راستے کے تحت سمندری آمدورفت کو منظم کرنے کے لیے ایک طریقہ کار تیار کرلیا ہے، جس کا جلد اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے وضاحت........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ہر شعبے میں کرپشن کا راج، تعلیم غریب کی دسترس سے باہر ہوچکی، حافظ نعیم الرحمٰن

ملک میں گولی وگالی کی سیاست عام، ہماری جماعت کے علاوہ کوئی نئی نسل کا ہاتھ تھامنے کو تیار نہیں، امیر جماعت اسلامی

بنوقابل گیم چینجر بن چکا، مفت آئی ٹی تعلیم کی فراہمی کے اس پروگرام میں اب تک 14 لاکھ 50 ہزار بچے رجسٹرڈ ہوچکے

نوجوان مایوس نہ ہوں، اعتماد و اتحاد کے ساتھ آگے بڑھیں، چترال میں بنوقابل پروگرام کی تقریب سے خطاب

چترال (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ملک میں گولی اور گالی کی سیاست عام، تعلیم مہنگی اور طبقاتی، ہر شعبہ میں کرپشن اقربا، پروری کا راج ہے، جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی نئی نسل کا ہاتھ تھامنے کو تیار نہیں، بنو........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

BZU ملتان میں پشتون طلبہ کیخلاف پُرتشدد نفرت انگیز مہم بند کی جائے، پی ایس او

پشتون طلبہ پر ہونے والے منظم حملے، ہراسانی اور بدترین تشدد، طلبہ کونسل کیخلاف سازشی پروپیگنڈے فوری طور پر بند کئے جائیں

بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں پشتون طلبہ کو نشانہ بنانا جمہوری اقدار اور بین الصوبائی ہم آہنگی کیلئے انتہائی خطرناک عمل ہے

ذاتی مفادات کے حصول کیلئے پشتون طلبہ کو 'ملک دشمن' قرار دینے کے غیر ذمہ دارانہ، اشتعال انگیز اور شرمناک فعل کا تدارک کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے جاری کردہ بیان میں بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں پشتون طلبہ پر ہونے والے حملوں، ہراسانی، تشدد اور نفرت انگیز مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تعلیمی اداروں میں پشتون طلبہ کو نشانہ بنانا نہ صرف ایک ... کہا گیا ہے کہ آج ایک مرتبہ پھر نہتے پشتون طلبہ پر حملہ کیا گیا، جبکہ حملہ آور اسلحہ کے ساتھ یونیورسٹی میں داخل ہوئے، جو یونیورسٹی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ تعلیمی اداروں میں اسلحہ، غنڈہ گردی، تشدد اور طاقت کے استعمال کا کلچر کسی بھی ... یونیورسٹی انتظامیہ سے مطالبہ کیا گیا کہ پشتون طلبہ کو فوری اور مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے، یونیورسٹی میں اسلحہ لانے اور تشدد میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، نفرت انگیز پروپیگنڈا کرنے والوں کا احتساب کیا جائے اور جامعہ میں طلبہ کے لیے خوف، تشدد اور ہراسانی سے ...

ایس پی-این ایچ ایم پی ایوب خان ترین کی کارکردگی لائق تحسین ہے

ان کی سربراہی اور نگرانی میں ہائی ویز پر ٹریفک حادثات میں نمایاں کمی آئی ہے

ان کی مسلسل کاوشیں قانون کے نفاذ میں معاون ہیں، خلجی قومی اتحاد انٹرنیشنل

کوئٹہ (پ ر) خلجی قومی اتحاد انٹرنیشنل کے دفتر سے جاری کردہ بیان میں ایس پی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس ایوب خان ترین کی پے در پے کوششوں کو سراہا اور کہا کہ موصوف ایک ایماندار اور نیک دل اور سماجی انسان ہے۔ جس کی بدولت ہائی ویز پر ٹریفک حادثات نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹریفک کی روانی جاری و ساری ہے۔ ایوب خان ترین سربراہ DLA دن رات ایک کر کے ہائی ویز کی نگرانی میں مصروف رہتے ہے۔ ہم ایوب خان ترین کی سرانجام تمام سرگرمیوں کو سراہتے ہیں اور آئندہ بھی اسی طرح ڈیوٹی سرانجام دینے کی امید رکھتے ہیں۔

اساتذہ معاشرے کی ترقی کے بنیادی ستون ہیں، محمد حنیف بنگلزئی

مچھ میں پائٹ کے زیر اہتمام، یونیسیف کے مالی تعاون سے اساتذہ کی تربیت جاری

کلاس روم مینجمنٹ، تخلیقی اندازِ تعلیم، سیکھنے کے جدید اصولوں کی تربیت دی جا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) مچھ میں پائٹ اور سی پی ڈی کے زیر اہتمام، یونیسیف کے مالی تعاون سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مچھ میں مڈل سطح کے میل و فی میل اساتذہ کیلئے 16 روزہ تربیتی پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ تربیتی ... باقاعدہ تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا، جس میں شریک اساتذہ کیلئے سوال و جواب کا خصوصی سیشن رکھا گیا۔ اس دوران اساتذہ نے تدریسی امور، نصاب، طلبہ کی تعلیمی دلچسپی بڑھانے اور کلاس روم میں درپیش مسائل سے متعلق ...

ڈائریکٹر الیاس بلوچ کوئٹہ میں منعقدہ یوتھ کانفرنس میں لگائے گئے مختلف اسٹالز معائنہ کر رہے ہیں

سول ہسپتال کالونی میں پانی فراہم کیا جائے، پی کے میپ (کوئٹہ)

روڈ توسیع میں ٹیوب ویل ختم کر کے مکینوں کو پینے کے پانی سے محروم کر دیا گیا

متبادل بندوبست کا وعدہ پورا کیا جائے، 120 گھرانے ٹینکرز مافیا کے رحم و کرم پر ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ سول سنڈیمن ہسپتال کالونی میں پانی کی عدم فراہمی اور مکینوں کو درپیش مشکلات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ روڈ کٹنگ و توسیع منصوبے کے دوران ٹیوب ویل کو ختم کیا گیا اور بور مکمل بند کر کے مکینوں کو پینے کے صاف پانی سے محروم کر دیا گیا۔ اُس وقت کوئٹہ پروجیکٹ کے ڈائریکٹر و انتظامیہ نے یہ یقین ... کے سلسلے میں ہسپتال کے ٹیوب ویل و دیگر املاک کو منہدم کر کے سڑک کو توسیع کیا گیا۔ لیکن آج مسلسل طفل تسلیوں سے کام لیا جا رہا ہے اور 120 سے زائد گھرانے پینے کے صاف پانی سے مکمل محروم اور اس شدید مہنگائی میں ٹینکرز مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فوری طور پر پانی کی فراہمی اور دیگر بنیادی مسائل حل کیے جائیں تاکہ اہل علاقہ کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکیں، پارٹی کالونی کے مکینوں کے ...

شاہ محمد نصرت کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ ضلع کوئٹہ تحصیل سریاب سے منسلک ارواشاد رزاق لالا علاقائی سینئر معاون شاہ محمد نصرت کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں۔ مرحومہ کو محمود آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ فاتحہ خوانی تختانی بائی پاس ورانی ٹاؤن میں ان کی رہائش گاہ پر جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا میپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز، ضلع کوئٹہ و تحصیل سریاب کے رہنماؤں نے مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

پی کے میپ ہنہ اوڑک علاقائی یونٹ کانفرنس آج منعقد ہوگی

... کانفرنس آج 17 مئی بروز اتوار شام 4 بجے کلی سارنگزئی نظام الدین کاکڑ کے مہمان خانہ میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس میں پارٹی کے مرکزی، صوبائی، ضلعی اور تحصیل رہنما شرکت کرینگے۔ کانفرنس میں گزشتہ کارکردگی رپورٹ پیش کی جائے گی اور الیکشن کمیشن کے ذریعے نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ کانفرنس کے مندوبین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بروقت شرکت کو یقینی بنائیں۔ کانفرنس کی تیاری کے حوالے سے مسلسل ہنہ اوڑک علاقائی یونٹ کے ایگزیکٹیوز، علاقائی کمیٹی اور تمام ابتدائی یونٹس کے اجلاس منعقد ہوئے اور اس سے پہلے ابتدائی یونٹ کے انتخابات مکمل کیے گئے۔ ہنہ اوڑک علاقائی یونٹ سیکرٹری صادق خان، سینئر معاون سیکرٹری یونس خان اور تمام ایگزیکٹیوز اراکین نے تمام یونٹس کے ممبر شپ کو ہدایت کی ہے کہ وہ کانفرنس میں اپنی حاضری ہر صورت یقینی بنائیں۔

سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم کوئٹہ چلتن لائنز کلب کے عہدیداروں اور ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملک بھر میں پشتون افغان فوبیا خطرناک ہے، احمد خان

پشتون افغان قوم کیخلاف ہر شہر میں ہر محاذ پر نفرت پھیلائی جا رہی ہے

پاکستان میں خانہ جنگی کی خطرناک فضاء قائم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے کہا ہے کہ ملک میں پشتون افغان نسل کش فوبیا سے متحدہ پشتونستان کے پشتونوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے آئے روز ملک کے کونے کونے میں پشتون افغان قوم کے ممتاز علماء دین، قبائلی و سیاسی زعماء، طلبہ اور پشتون افغان عوام کی ٹارگٹ کلنگ کا نہ ختم ہونے والا سلسلے سے ملک میں خانہ جنگی کیلئے سرگرم قوتوں کے خطرناک ارادوں سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان کو بھی افغانستان کے طرز خانہ جنگی میں مبتلا کر کے اسے تا حیات غیر ملکی قوتوں کیلئے جنگ میدان بنا دی جائے زمینی حقائق کے برعکس غیروں کی جنگ میں دھکیلنے سے پاکستان میں خانہ جنگی کی نئی لہر کی فضاء قائم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے ہمیں بخوبی اس بات کا ادراک کرنا چاہیئے کہ اگر پاکستان طاقتور غیر ملکی قوتوں کی پراکسز کا ہمہ جگاہ بن گیا تو اس سے نہ صرف ہمسایہ ممالک بلکہ پورا خطہ آگ کی لپیٹ میں آئے گا انہوں نے ملک میں جاری پشتون بلوچ نسل کشی کو ایک گہری سازش قرار دیتے ہوئے اس گھمبیر اور دردناک حالات میں سیاسی قیادت اور مذیا کو حق پر مبنی کردار ادا کرنی ہوگی تاکہ ہم کل کو خدانخواستہ مکافات عمل کا شکار نہ ہو جائے

میرا چھوٹا بھائی 6 ماہ سے بغیر اطلاع کے گھر نہیں آیا، عبدالرزاق

اگر وہ کسی مسلح تنظیم سے منسلک ہوا ہے تو میرا خاندان سمیت اس سے تعلق نہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے کلی لوڑ کاریز سریاب کے رہائشی صالح محمد کرد نے کہا کہ میرا چھوٹا بھائی جمیل کرد 6 ماہ سے لاپتہ ہے اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میرا بھائی جمیل احمد کرد چھ ماہ قبل لاپتہ ہوا ہے اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کوئی معلوم نہیں ہو سکا اگر وہ کسی مسلح تنظیم سے وابستہ ہوا تو میرا میرے بھائیوں علی احمد، خلیل کرد سمیت دیگر خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

کھیلوں کا فروغ صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے ناگزیر ہے: سید ندیم عالم شاہ

جاپانی قونصل جنرل ندیم شاہ نے کراٹے پلیئرز میں حوصلہ افزائی کیلئے سرٹیفکیٹ تقسیم کیے

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کراٹے ایسوسی ایشن پاکستان کے صدر حسین علی چنگیزی اور ٹیکنیکل آفیشل عبداللہ چنگیزی کی قیادت میں نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ایک وفد نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ندیم شاہ نے جاپان کراٹے ایسوسی ایشن کے ہیڈ کوارٹر ٹوکیو سے موصول ہونے والے سرٹیفکیٹ نوجوان کراٹے پلیئرز میں تقسیم کیے۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ کھیل ترقی، امن اور خوشحالی کی بنیاد ہیں اور ایک صحت مند معاشرے و مضبوط قوم کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، جاپان قونصلیٹ کوئٹہ کراٹے سمیت دیگر کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سمت دینے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہا ہے، کھیل سماجی ہم آہنگی، برداشت اور برابری کو فروغ دیتے ہوئے عدم مساوات کے خاتمے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ کھیل صحت مند معاشرے کیلئے انتہائی ضروری ہیں کھیلوں کے فروغ سے سماجی برائیوں کا خاتمہ ممکن ہے نوجوان نسل کو سماجی برائیوں سے دور رکھنے کیلئے کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے اور اپنے علاقوں شہر کی سطح پر مقابلوں کا انعقاد کروایا جائے کیونکہ جہاں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران ہو جاتے ہیں، کھیل سے نہ صرف جسمانی اور ذہنی نشوونما بہتر ہوتی ہے بلکہ فرقہ واریت اور علاقائی تعصبات کا خاتمہ کر کے قومی ہم آہنگی بھی فروغ پاتی ہے۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ جاپان کراٹے ایسوسی ایشن (جے کے اے) دنیا کی سب سے قدیم اور باوقار جاپانی شوتو کان کراٹے تنظیموں میں سے ایک ہے

کوئٹہ، ایک مزدور ریڑھی میں سامان لوڈ کر کے لے جا رہے ہیں

وفاق المدارس العربیہ کا اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) وفاق المدارس العربیہ ضلع کوئٹہ کے مسئول و رکن امتحانی کمیٹی خادم القرآن قاری ابو محمد غلام رسول ربانی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق، ضلع کوئٹہ کے تحفیظی امتحانات برائے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم سال 1447ھ مطابق 2026 بروز منگل 19 مئی صبح 7:30 بجے منعقد ہوں گے۔ امتحانات کے لیے مدرسہ عربیہ حمیدیہ جامع مسجد حضرت ابوذر غفاری (نیو جنوبی گیٹ بلوچستان یونیورسٹی، میر احمد خان روڈ نزد ریلوے پھاٹک کلی لوہڑ کاریز کوئٹہ) کو مرکز مقرر کیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں تمام امیدوار طلبا و طالبات کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ امتحان میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا ب فارم ہمراہ لانا لازمی ہوگا، کیونکہ کسی بھی شناختی دستاویز کے بغیر کسی امیدوار کو امتحانی ہال میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ قاری غلام رسول ربانی نے واضح کیا کہ وفاق المدارس العربیہ کا امتحانی نظام مکمل طور پر صاف، شفاف، منظم اور میرٹ کے اصولوں کے عین مطابق ہے، جس کے تحت تمام امتحانات نہایت دیانت داری، غیر جانبداری اور اعلی انتظامی معیار کے ساتھ منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ طلبا کی حقیقی صلاحیتوں کو سامنے لایا جا سکے۔

حاجی غلام رسول رند انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان سندھ کے معروف ٹرانسپورٹر قبائلی رہنما حاجی غلام رسول رند طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے وہ کاکا عبدالرسول عبدالوعاب رند کے والد تھے فاتحہ خوانی سرکی گل اباد ڈبل روڈ بلال مسجد میں جاری ہے

ملک احسان الحق اور ان کی اہلیہ کی برسی اتوار 17 مئی کو منائی جائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) روزنامہ جنگ کوئٹہ کے سابق کارکن ملک احسان الحق اور ان کی اہلیہ کی برسی اتوار 17 مئی کو سبحان ایونیو بلمقابل زمزمہ ہوٹل سنگلی روڈ کوئٹہ میں ادا کی جائیگی وہ ملک عمران الحق ملک عرفان الحق ملک رضوان الحق اور ملک عدنان الحق کے والد تھے۔

ڈاکٹر مسز سلیمہ عنایت اللہ خان غلزئی انتقال کر گئیں

کوئٹہ (آئی این پی) اے این پی کے سابق مرکزی سیکریٹری جنرل ڈاکٹر عنایت اللہ خان غلزئی کی اہلیہ ممتاز معالج ڈاکٹر سلیمہ بابڑ قضا الٰہی سے وفات پا گئی۔ وہ ڈاکٹر اللہ بخش غلزئی مرحوم، اسد اللہ خان غلزئی مرحوم کی بھابی، ڈاکٹر حیات اللہ خان غلزئی اور ڈاکٹر سیدال خان غلزئی کی والدہ، ڈاکٹر عابدہ امین آچکزئی، انجینئر شعیب ترین اور ڈاکٹر اعجاز انور کی خوشدامن پروفیسر ڈاکٹر سارہ عنایت کی والدہ تھی۔ مرحوم ڈاکٹر عبدالحمید بابڑ، مرحوم کرنل عبدل مجید بابڑ، مرحوم عبدالرشید بابڑ، مرحوم عبدل وحید بابڑ اور عبدل سمیع بابڑ کی ہمشیرہ تھی۔ نماز جنازہ 6 بجے ان کے آبائی گاں کلی کتیر میں ادا کی جائے گی۔

کوئٹہ، مقامی نجی سکول اینڈ اکیڈمی کے زیر اہتمام سالانہ تقریب سے ڈائریکٹر حاجی طاہر خان اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

وی سی SBK یونیورسٹی ملازمین کے مسائل حل کرائیں: نصیب اللہ بازئی

عیدالاضحیٰ سے قبل یونیورسٹی ملازمین کو بونس دیا جائے: صدر یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر نصیب اللہ بازئی نے یونیورسٹی کی وائس چانسلر محترمہ ڈاکٹر روبینہ مشتاق صاحبہ کو ایک خط کے ذریعے ملازمین کے مسائل بارے آگاہ کیا۔ خط کے متن کے مطابق نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ ملازمین ہمیشہ ادارے کی ترقی، نظم و ضبط اور تعلیمی ماحول کی بہتری کیلئے اپنی خدمات احسن طریقے سے انجام دیتے آئے ہیں، ہم اس امر کی نشاندہی کرنا چاہتے ہیں کہ ملازمین کے بنیادی حقوق اور جائز مطالبات کی پاسداری یونیورسٹی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر یونیورسٹی ملازمین کو بونس دیا جاتا رہا ہے، جو کہ ملازمین کی معاشی مشکلات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتا تھا تاہم رواں سال بدقسمتی سے ملازمین کو اس حق سے محروم رکھا جا رہا ہے، جس پر تمام ملازمین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ اس حوالے سے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن دو ہزار چھ کی سنڈیکیٹ میٹنگ میں کیے گئے فیصلوں اور ملازمین کے فلاحی امور سے متعلق پالیسیوں کا حوالہ دیتے ہوئے انتظامیہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ ملازمین کو ان کا جائز حق فوری طور پر دیا جائے، اگر ہمارے مطالبات پر فوری توجہ نہ دی گئی تو ہم بروز سوموار ایک پُرامن احتجاج کریں گے، ہمارا احتجاجی دھرنا بنیادی حقوق کے حصول تک جاری رہے گا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یونیورسٹی انتظامیہ ملازمین کے مسائل حل کرنے بارے سنجیدگی کا مظاہرہ کرے گی اور بروقت اقدامات اٹھاتے ہوئے اس مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل کرے گی۔

جونیئر / سینئر اور پوسٹل کالونی میں بنیادی سہولیات مہیا کی جائیں

تحریک انصاف کے رہنماؤں کی ایم پی اے زرک مندوخیل سے دورے کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، میر وائیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور سردار بہلول خان نے حلقے کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جونیئر سینئر کالونی اور پوسٹل کالونی کے مسائل کا فوری نوٹس لیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ دونوں کالونیوں میں تمام اسٹریٹ لائٹس طویل عرصے سے بند ہیں، سیوریج کا نظام مکمل طور پر چوک ہو چکا ہے اور مین ہول کے ڈھکن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جس کے باعث اندرونی گلیاں ناقابل استعمال ہو چکی ہیں اور شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تحریک انصاف کے رہنماؤں نے مزید نشاندہی کی کہ علاقے میں پانی کی تمام پائپ لائنیں ناکارہ ہو چکی ہیں، جس کی وجہ سے پینے کے پانی کا شدید بحران پیدا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی سپلائی کو بہتر بنانے کے لیے فوری طور پر ایک نئے ٹیوب ویل اور اندرونی پانی کے پائپوں کی تبدیلی کی اشد ضرورت ہے۔ رہنماؤں نے ایم پی اے زرک خان مندوخیل سے مطالبہ کیا کہ وہ خود آ کر علاقے کا تفصیلی دورہ کریں اور اپنے اردگرد موجود ایسے افراد کو دور کریں جو ان کے لیے بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے عزم دہرایا کہ تحریک انصاف عوام کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہمیشہ فرنٹ لائن پر کھڑی رہے گی۔

تھیلیسیمیا آگاہی سیمینار، کزن میرج سے قبل ٹیسٹ لازمی قرار

مخیر حضرات کا سینٹرز کے قیام کیلئے ہزاروں فٹ زمین عطیہ کرنے کے اعلان

کوئٹہ (یو این اے) نوری نصیر خان ہال کوئٹہ میں میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کاشف اقبال تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے تعاون سے ایک روزہ آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں میر ہیبت خان حلیمی، وفاقی محتسب غلام سرور بروہی، نامور قانون دان علی احمد کرد، امان اللہ کنرانی، علاالدین حلیمی، محمد اقبال، ڈاکٹر حنیف مینگل، سردار اسلم ناصر سمیت سماجی و طبی ماہرین اور میڈیا نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کا بنیادی مقصد کوئٹہ کے نوجوانوں اور عوام میں تھیلیسیمیا جیسے موذی اور جینیاتی مرض سے متعلق شعور بیدار کرنا اور اس کے سدباب کے لیے مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا تھا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے بتایا کہ بلوچستان میں تھیلیسیمیا کی شرح تشویشناک حد تک زیادہ ہے، جہاں بلوچ آبادی میں 8.1 فیصد اور پشتون علاقوں میں 5.6 فیصد افراد اس بیماری کے جین کے حامل ہیں، جبکہ صوبے میں ہر سال تقریباً ایک ہزار بچے اس مرض کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے کزن میرج (برادری میں شادی) سے قبل تھیلیسیمیا ٹیسٹ کو قانوناً لازمی قرار دینے پر زور دیا تاکہ اس جینیاتی مرض کی اگلی نسل میں منتقلی کو روکا جا سکے۔ اس موقع پر علاالدین حلیمی نے فاؤنڈیشن کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حلیمی فاؤنڈیشن سری لنکا کے تعاون سے 60 سے زائد مفت قرنیہ پیوندکاریاں کر چکی ہے اور اب کوئٹہ کینٹ میں جدید آئی اسپتال اور تھیلیسیمیا ٹریٹمنٹ سینٹر قائم کیا گیا ہے، جسے قومی و بین الاقوامی شراکت داری سے "مرکز برتری" بنایا جائے گا۔

چیمبر آف سمال انڈسٹری میں آج شام محفل موسیقی منعقد ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) بزم جہاں آراء کے زیر اہتمام معروف شاعر بقا محمد بگٹی کے اعزاز میں ایک شاندار مشاعرے اور موسیقی کی محفل کا انعقاد آج شام 4 بجے چیمبر آف سمال انڈسٹری، حالی روڈ کوئٹہ میں کیا جائے گا۔ تقریب کی صدارت ممتاز ادبی شخصیت زاہد آفاق کریں گے جبکہ کراچی سے آنے والے معروف شاعر بقا محمد بگٹی مہمان اعزاز ہوں گے۔ اس موقع پر گوادر سے تعلق رکھنے والے نوجوان شاعر فیض محمد شیخ بھی خصوصی مہمان کے طور پر شرکت کریں گے۔ منتظمین کے مطابق چیمبر آف سمال ٹریڈز اینڈ سمال انڈسٹری کے پیٹرن ان چیف حاجی ولی محمد نورزئی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوں گے۔ مشاعرے کے اختتام پر "جشن اے ڈی بلوچ" کے سلسلے میں ایک رنگارنگ موسیقی کی محفل بھی منعقد ہوگی، جس میں نامور گلوکار عارف بگٹی اور نوجوان گلوکار ریحان اقبال خان اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ تقریب کی چیئرپرسن جہاں آراء تبسم اور بزم جہاں آراء کے اراکین نے شعراء، شاعرات، فنکار برادری اور ادب دوست افراد کو تقریب میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ جبکہ غلام علی جون بطور رابطہ سیکرٹری انتظامی امور سرانجام دے رہے ہیں۔

کراچی، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، سماجی رہنما عطاء اللہ کھوسہ کی عیادت کر رہے ہیں

کوئٹہ، کلی لوڑ کاریز سریاب کے رہائشی صالح محمد کرد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کا دورہ کوئٹہ خوش آئند ہے، حیات اللہ خان

ملک علی احمد کاکڑ سے ڈاکٹر گوہر اعجاز ایک تعزیت کے موقع پر مشاورت کر رہے ہیں

شعبہ صحت کے 11 منصوبوں کا افتتاح خوش آئند ہے، اسفندیار محمد زئی

یہ منصوبے صوبے کے عوام کے لئے امید کی نئی کرن ثابت ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی کونسل کے ممبر ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے بلوچستان میں شعبہ صحت کے 11 اہم منصوبوں کے افتتاح کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبے صوبے کے عوام خصوصاً دور دراز علاقوں میں رہنے والے غریب اور پسماندہ طبقات کے لئے امید کی نئی کرن ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 150 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سینٹر، بینظیر ایمبولینس سروس، بلوچستان کی پہلی سرکاری ایئر ایمبولینس، باچا خان میموریل اسپتال، بنیادی صحت مراکز کی بحالی، حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام اور چائلڈ لائف ایمرجنسی سروس جیسے منصوبے صحت کے شعبے میں تاریخی پیش رفت ہیں۔ ان منصوبوں سے عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی جبکہ حاملہ خواتین، بچوں اور ایمرجنسی مریضوں کو خصوصی سہولت فراہم ہوگی۔ اسفندیار خان یار محمد زئی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں بلوچستان کی محرومیوں کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کے ڈیجیٹل نظام، ہیلتھ انشورنس پروگرام اور ضلعی اسپتالوں میں ٹی بی علاج مراکز کے قیام سے صحت کے نظام میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں سے بلوچستان کے عوام کو جدید اور معیاری علاج کی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آئیں گی اور صوبے میں صحت کے شعبے میں ایک مثبت انقلاب برپا ہوگا۔

کوئٹہ: پانی کا بحران سنگین، واسا کی کارکردگی پر سوالات، ٹینکر مافیا بے لگام

گرمیوں کی آمد کے ساتھ ہی پانی کی قلت نے ایک بار پھر شدت اختیار کر لی ہے

حسب سابق امسال بھی پانی کا بحران نہ صرف برقرار ہے بلکہ مزید سنگین تر ہو گیا ہے

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) گرمیوں کی آمد کے ساتھ ہی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پانی کی قلت نے ایک بار پھر شدت اختیار کر لی ہے جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ہر سال کی طرح اس بار بھی پانی کا بحران نہ صرف برقرار ہے بلکہ مزید سنگین ہوتا جا رہا ہے، جبکہ متعلقہ ادارہ واسا اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت کی فراہمی میں مسلسل ناکامی حکام کی ناقص منصوبہ بندی اور غفلت کا واضح ثبوت ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں جن میں سریاب روڈ، پشتون آباد، ہزارہ ٹاؤن، نواں کلی اور دیگر مضافاتی علاقے شامل ہیں، وہاں پانی کی فراہمی کئی کئی دنوں تک معطل رہتی ہے۔ شہریوں کو یا تو دور دراز علاقوں سے پانی لانا پڑتا ہے یا پھر مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ اس صورتحال میں ٹینکر مافیا نے کھلے عام لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے، جو سرکاری خاموشی اور عدم توجہی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف واسا کی جانب سے پانی کی سپلائی غیر یقینی اور ناکافی ہے، تو دوسری جانب ٹینکر مافیا نے اس قلت کو کاروبار میں تبدیل کر دیا ہے۔ واسا حکام کی نااہلی اور بدانتظامی نے صورتحال کو اس نہج پر پہنچایا ہے جہاں شہری بنیادی سہولت سے محروم ہو چکے ہیں۔ کئی علاقوں میں واٹر سپلائی لائنز بوسیدہ ہو چکی ہیں، جن کی مرمت کے لیے نہ کوئی مؤثر حکمت عملی ہے اور نہ ہی کوئی ہنگامی اقدامات دیکھنے میں آتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بارہا شکایات کے باوجود نہ تو پانی کی فراہمی بہتر ہوئی اور نہ ہی ٹینکر مافیا کے خلاف کوئی کارروائی کی گئی۔ شہریوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ٹینکر مافیا کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور پانی کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ پانی کی فراہمی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے تاکہ ہر شہری کو اس کی دہلیز پر صاف پانی میسر ہو۔ بصورت دیگر عوام کا اعتماد حکومتی اداروں سے اٹھتا جائے گا۔

کوئٹہ سبی قومی شاہراہ کی توسیع کا منصوبہ مکمل

... حاجی ولی محمد بڑیچ، مولانا محمد طاہر توحیدی و دیگر مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

میرا چھوٹا بھائی 8 ماہ سے بغیر اطلاع کے گھر نہیں آیا، عبدالرزاق

اگر وہ کسی مسلح تنظیم سے منسلک ہوا ہے تو میرا خاندان سمیت اس سے تعلق نہیں

عوام میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں، بابو رمضان لانگو



NOTICE INVITING TENDER

The Assistant Director Local Govt & Rural Development Department Killa Saifullah invites sealed tenders as per Government of Balochistan *Composite Schedule of Rates 2023* from the interested firms/ contractors for the following works:

S.NO	NAME OF WORK	E/COST
1.	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL FOR AGRICULTURAL LAND AND HOUSE AT SURROUNDING AREA OF TEHSIL MUSLIM BAGH DISTRICT QILLA SAIFULLH (PSDP NO. Z2025.2752) ***TSE-2526051047173***	29,706,883
2.	CONSTRUCTION OF B/T RD KILLI HAJI ABDUL WADOOD KARAGZAI, MUSLIM BAGH (PSDP No. Z2025.2753) **TSE-2526051047193**	23,754,391

The Procurement shall be carried out in accordance with ***Balochistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014*** (amended till date) **BASIC ELIGIBITY:** The Firms/Contractors must have valid registration with the Pakistan Engineering Council, renewed up to 2026, in the relevant Category along with the specialized codes as well as registration with tax authorities i.e. (NTN and BRA), including similar nature work experience & Bank Statement (Turnover) Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 & 4 or above along with relevant specialization codes. Valid Registration with Income Tax with active tax payer list Valid Registration with BRA with active tax payer list Other Mandatory conditions and Detailed Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **ISSUANCE:** The Firms can obtain the bidding Documents from the office of the Assistant Director Local Govt & Rural Development District Killa Saifullah upon payment (nonrefundable) of bidding documents fee each Rs. 1500/- deposited in A/c title: *AD Local Govt District Killa Saifullah, A/c No. 1061004078852272* in National Bank of Pakistan (NBP). (The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2% specified in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.org.pk. **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Documents can be viewed at www.bppra.org.pk. **Last Date of bid submission**: Bids can only be submitted latest by 1st June, 2026 till 11:00 AM in the office of the undersigned. **Tender opening**: Bids will be opened on same day at 12:00 PM in the office of the undersigned **Address**: office of the Assistant Director Local Govt & Rural Development Department District Killa Saifullah Phone No: 0333-7784001,
Email: muzaffarshah848@gmail.com
Bid Validity Period: Ninety (60)

ASSISTANT DIRECTOR
Local Govt & Rural Development
Killa Saifullah

PRQ No.5101/16-5-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Balochistan Residential College Loralai invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041025961 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee** 1,500 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Machinery & Power Plant (Total Item(s) Count: 1)	3%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 4,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee CERTIFICATE PEC **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 01 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 01 June, 2026till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 09:30 AM **Address:** Balochistan Residential College Quetta, Loralai

Phone no: 0824400102Fax no: 0824400059
Email: ecellbrcl@gmail.com

Principal
Balochistan Residential College
Loralai

PRQ No.5099/16-5-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Say No to Corruption
Sardar Bahadur Khan Women's University
Sub-Campuses(Nushki, Pishin & Khuzdar)

Job Opportunities

Sardar Bahadur Khan Women's University (SBKWU) was established in 2004 for promoting and creating awareness of Women's education and empowerment in Balochistan, as the first Women University of the province, this alma-matter aspires to enable potential women of the province to connect with a dynamic academic community and draw on the power of women from across the higher education sector looking for dynamic and competent teachers for hiring on temporary teaching assignments on solely contract basis for its sub-campuses (Nushki, Pishin & Khuzdar) in following departments. Closing Date 1st June, 2026

Faculty positions	Department	Age Limit
Contractual Faculty	Education, English, Islamic Studies & Computer Sciences	43 years as on closing date of the applications

Qualification:
The candidate must fulfill the Higher Education Commission (HEC) criteria available at Link:
https://www.hec.gov.pk/english/services/universities/QA/Pages/Faculty-Appointment-Criteria.aspx
Note: Interested individuals who meet the criteria can obtain application form from University website www.sbkwu.edu.pk (terms and Conditions available in application form)

Registrar
SBK Women's University, Brewery Road Quetta.
www.sbkwu.edu.pk Ph: 081-9213301 Fax: 9213308

PID (Q) 446/26

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

جیکب آباد: ڈنڈوں اور کلہاڑیوں کے وار سے نوجوان قتل

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں ملزمان نے نوجوان کو کلہاڑیوں اور ڈنڈوں سے حملہ کر کے قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے میرانپور تھانے کی حدود گاؤں خوش محمد پہنور میں نوجوان رفیق پہنور کو نامعلوم موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے لاٹھیوں اور کلہاڑیوں کے وار کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، پولیس کے مطابق واقعے کے بعد مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کی گئی، دوسری جانب مقتول کے بھائی نے ویڈیو بیان جاری کرتے ہوئے الزام عائد کیا

این اے 262 میں دوبارہ شفاف گنتی کرائی جائے تو سب واضح ہو جائیگا، رمضان اچکزئی

ایم این اے کیخلاف الیکشن کمیشن، الیکشن ٹریبونل، ہائی کورٹ اور بعد ازاں سپریم کورٹ میں بھی کیسز دائر کیے

سلیکٹڈ ایم این اے کی جانب سے وقت کے ڈپٹی کمشنر پر سنگین الزامات عائد کرنا مکافات عمل ہے، مزدور رہنماء

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز بلوچستان کے مرکزی چیئرمین و مزدور رہنما اور گزشتہ جنرل الیکشن میں حلقہ این اے 262 سے قومی اسمبلی کے امیدوار محمد رمضان اچکزئی نے گزشتہ دنوں قومی اسمبلی میں فارم 47 کے سلیکٹڈ ایم این اے عادل بازئی کی طرف سے اس وقت کے ڈپٹی کمشنر سعد بن اسد پر سنگین الزامات عائد کرنے کو مکافات عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ 08 فروری 2024 کو جنرل الیکشن میں ضلع کوئٹہ سے سعد بن اسد ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر یعنی ریفری کے فرائض سرانجام دے رہے تھے جبکہ عادل بازئی قومی اسمبلی کے امیدوار کی حیثیت سے ایک کھلاڑی کے طور پر دوسرے امیدواروں کی طرح الیکشن میں حصہ لے رہے تھے۔ اس وقت کے ریفری اور اس ناجائز طور پر سلیکٹڈ کھلاڑی نے ساری رات بارگیننگ کی۔ مالی معاملات کے ذریعے الیکشن کو جیتنے اور آزاد امیدوار کی حیثیت سے سلیکٹ ہونے کے بعد اسٹامپ پیپر پر تحریری طور پر مسلم لیگ ن میں شمولیت کی جس کے گواہ مسلم لیگ ن کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل ہے لیکن بعد ازاں پی ٹی آئی کے نوجوانوں کی طرف سے ان کے گھر پر دھاوا بولنے کے بعد انہوں نے قومی اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ ن کے الاٹ شدہ سیٹ جس کا ووٹ مخصوص نشستوں کیلئے بھی استعمال ہوا تھا۔ انہوں نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے مطابق ڈی سیٹ ہونے کے بعد مسلم لیگ ن میں شمولیت سے انکار کر کے سپریم کورٹ میں مخصوص ججوں کے سامنے کیس دائر کر کے اپنا سیٹ بحال کرایا۔ حلقہ این اے 262 کے امیدوار کی حیثیت سے میں نے ڈپٹی کمشنر اور اس جعلی ایم این اے کے خلاف الیکشن کمیشن، الیکشن ٹریبونل، ہائی کورٹ اور بعد ازاں سپریم کورٹ میں بھی کیسز دائر کیے جو تاحال عدالت عظمیٰ میں زیر سماعت ہے۔ آج اگر آئین کے آرٹیکل 218 کے شفاف انتخابات کرانے کی گارنٹی کے تحت حلقہ این اے 262 کے ووٹوں کی دوبارہ گنتی، بیلٹ پیپرز کے کاؤنٹر فائل پر شناختی کارڈ کے نمبرز، انگوٹھوں کی فرانزک اور بیلٹ پیپروں کی تعداد کے مطابق دوبارہ گنتی کا فیصلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ موصوف ڈپٹی کمشنر اور جعلی ایم این اے کی لڑائی الیکشن کے معاملات پر ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد الیکشن کا پورا بھانڈا کھل جائے گا اور عوام جان سکیں گے کہ ان کی لڑائی کی اصل وجوہات کیا ہیں۔ انہوں نے عدالت عظمیٰ اور آئینی عدالت سے اپیل کی ہے کہ میرے زیر سماعت کیس پر جلد سے جلد فیصلہ کر کے حلقہ این اے 262 کیلئے جعلی کی بجائے حقیقی نمائندگی کے آئینی حق کو تسلیم کیا جائے۔

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے چیمبر آف کامرس کے صدر ایوب خان مریانی، نائب صدر میر والیس خان مصافحہ کر رہے ہیں

جامعہ تربت سفارشات پر عمل درآمد یقینی بنائیگی، وی سی

انٹرنل کوالٹی ایشورنس نظام مزید مضبوط بنانے کا عزم کر رکھا ہے، ڈاکٹر گل حسن

تربت (آن لائن) تربت یونیورسٹی میں تدریسی معیار اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید موثر بنانے کے لئے مختلف جائزہ کمیٹیوں نے مجموعی طور پر بارہ انڈر گریجویٹ پروگراموں کا الگ الگ جائزہ لیا۔ فیلڈ وزٹ کے دوران جائزہ کمیٹیوں نے تدریسی اور انتظامی معاملات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیلف اسسمنٹ رپورٹس، پروگرام و کورس فائلز، کوالٹی ایشورنس و مانیٹرنگ سسٹم اور لیبارٹریز و لائبریریوں میں موجود سہولیات کے علاوہ دیگر تدریسی سہولیات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ کمیٹیوں نے تدریسی طریقہ کار، تعلیمی نتائج اور مجموعی تعلیمی ماحول کا جائزہ لینے کے لیے اساتذہ اور طلبہ سے براہ راست ملاقاتیں بھی کیں۔ فیلڈ وزٹ کے اختتام پر جائزہ کمیٹیوں نے اپنی مشاہدات اور سفارشات تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد کے سامنے پیش کیں۔

کروڑوں روپے کا سولر واٹر پلانٹ فعال، عوام پانی سے محروم

جروار پل منصوبہ ایک بار پھر سوالیہ نشان بن گیا، شہریوں کا شدید احتجاج

حیرہ دین (اے این این) جروار پل پٹ فیڈر کے قریب اوڈی سی ایل جروار پل (ڈیرہ گانڈر) پر قائم سولر پاور پلانٹ ایک مرتبہ پھر سوالیہ نشان بن گیا ہے، جہاں کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا منصوبہ فعال ہونے کے باوجود عوام کو میٹھے پانی کی فراہمی میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ منصوبہ 2017 میں صحبت پور شہر اور گردونواح کو صاف اور میٹھا پانی فراہم کرنے کے مقصد سے شروع کیا گیا تھا، جبکہ 2025 میں ایک غیر سرکاری تنظیم کی جانب سے اس کی مرمت کر کے جدید سولر سسٹم پر منتقل بھی کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پاور پلانٹ اس وقت مکمل طور پر فعال حالت میں موجود ہے اور یہاں سے چار انچ کی پائپ لائن صحبت پور شہر کی 15 پولیس چوکی تک بچھائی جا چکی ہے۔ اس کے باوجود شہری آج بھی میٹھے پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں اور مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔

یوسی رانجھا پور: حتمی فہرست ریٹرننگ افسر نے تبدیل کی، جمعیت

الیکشن کمیشن کی ہدایت پر انتخابی عملہ و افسران عمل نہیں کر رہے، رہنماؤں کا بیان

جیکب آباد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع جیکب آباد کے رہنماؤں نے یوسی رانجھا پور کی ضلعی کونسل نشست پر 17 مئی کو ہونے والے الیکشن میں پری پول دھاندلی کے الزامات عائد کرتے ہوئے شفاف انتخابات کا مطالبہ کیا ہے، جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، تعلقہ ٹھل کے امیر ڈاکٹر خلیل احمد کھوسو، مفتی عبدالشکور کھوسو، عبدالقادر چنا، مولانا عبدالملک گھلو، میر حسین برڑو اور قاری عبدالجبار برڑو نے اپنے بیان میں کہا کہ الیکشن آفس کی جانب سے جاری کردہ پریزائیڈنگ افسران اور دیگر انتخابی عملے کی حتمی فہرست کو ریٹرننگ آفیسر نے تبدیل کر دیا ہے جس سے انتخابات کی شفافیت پر سوالات اٹھ رہے ہیں، رہنماؤں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کی جانب سے صاف و شفاف الیکشن کرانے کی ہدایات کے باوجود ریٹرننگ آفیسر ان احکامات پر عمل نہیں کر رہا اور جے یو آئی کارکنوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا جا رہا ہے۔

جیکب آباد: پولیس کی کارروائی، آئس برآمد، ایک شخص گرفتار

پولیس نے بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں پولیس کی کارروائی، لاکھوں روپے مالیت کی آئس برآمد، ایک ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد پولیس اور حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، کارروائی کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی 930 گرام آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا، پولیس ترجمان کے مطابق شہے شاہ چیک پوسٹ پر پولیس اور حساس اداروں نے مشترکہ کارروائی کی اس دوران ایک مسافر کوچ کی تلاشی کے دوران ملزم عبدالعزیز چانڈیو کو گرفتار کیا گیا، پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے 930 گرام آئس برآمد ہوئی جس کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جا رہی ہے، ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزم منشیات کو کوئٹہ سے کراچی اسمگل کرنے جا رہا تھا، پولیس نے برآمد شدہ منشیات قبضے میں لیکر ملزم کو تھانے منتقل کر دیا ہے۔

بچیوں کی تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی سی صحبت پور

گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول تخی در محمد کھوسہ اور گورنمنٹ گرلز اینڈ بوائز ہائی اسکول نانجھی پور میں کمروں کی تعمیر مکمل کر لی گئی ہے

طالبات کو محفوظ، بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں

صحبت پور (خ ن) حکومت بلوچستان کے وژن کے مطابق صوبہ بھر میں تعلیمی شعبے کی بہتری، معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں اسی سلسلے میں ضلع صحبت پور میں بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت مختلف ترقیاتی اسکیموں پر تیزی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول تخی در محمد کھوسہ اور گورنمنٹ گرلز اینڈ بوائز ہائی اسکول نانجھی پور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نئے تعمیر شدہ تدریسی کمروں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے جاری ترقیاتی کاموں اور تعمیراتی معیار کا تفصیلی جائزہ بھی لیا منصوبے کے تحت نہ صرف نئے کمروں کی تعمیر مکمل کی گئی بلکہ خستہ حال کمروں کی مرمت اور بحالی کا کام بھی انجام دیا گیا ہے تاکہ طلبہ و طالبات کو محفوظ، بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تعلیمی ترقی، بالخصوص بچیوں کی تعلیم کے فروغ کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جا رہا ہے ضلعی انتظامیہ صحبت پور کے مطابق تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اور ضلع کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ریلوے سپریم یونین کے صدر شیخ محمد انور ملاقات کر رہے ہیں

جیکب آباد: بجلی لوڈشیڈنگ کیخلاف احتجاج، ڈی سی کا نوٹس

شہریوں و واپڈا احکام کا مشترکہ اجلاس طلب، مسائل کے حل کی یقین دہانی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں واپڈا کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کی احتجاجی تحریک پر ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی نے نوٹس لیتے ہوئے واپڈا سے متعلق مسائل کے حل کے لیے اپنے دفتر کے کانفرنس ہال میں اہم اجلاس طلب کیا، اجلاس میں سندھ دوست کمیٹی سمیت مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی، تاجر اور قوم پرست جماعتوں کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس میں ڈاکٹر اے جی انصاری، انتظار چھلگری، ندیم قریشی، احمد علی خان بروہی، گل حسن سومرو، دیدار علی لاشاری، محمد عالم کھوسو، عبدالمجید سرکی، فدا لکھن، سید علی شاہ، نور محمد منجھو، وارث جلکھرانی، سرچند بھاونانی اور دیگر شریک ہوئے جبکہ واپڈا کی جانب سے ایکسین شفقت حسین لاشاری، ایس ڈی اوز، ہائیڈرو یونین کے نمائندے اور مختلف لائن سپرنٹنڈنٹس اجلاس میں موجود تھے، اجلاس کے دوران شہری رہنما انتظار چھلگری نے 13 نکات پر مشتمل مسائل کے چارٹر پر تفصیلی بریفنگ دی۔

کسی کی شہرت اس کے حق پر ہونے کی دلیل نہیں: ڈاکٹر حسین قادری

نوجوان بغیر تحقیق سوشل میڈیا شخصیات کی پیروی سے گریز کریں، صدر

لاہور (آن لائن) صدر منہاج القرآن انٹرنیشنل پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری نے کہا ہے کہ کسی کی شہرت اس کے حق پر ہونے کی دلیل نہیں۔ نوجوان گمراہی سے بچنے کیلئے قرآن و سنت سے تعلق مضبوط بنائیں۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں نوجوان نسل بغیر تحقیق ہر مشہور شخصیت کی بات کو درست سمجھ کر اس کی پیروی شروع کر دیتی ہے، حالانکہ صرف مقبولیت ہی حق اور سچائی کی دلیل نہیں ہوتی۔ نوجوان اپنے ایمان، دینی اقدار اور اسلامی تعلیمات کو مضبوطی سے تھامے رکھیں اور قرآن و سنت کا گہرائی سے مطالعہ کرتے ہوئے ہر فکری نظریے کو تحقیق، بصیرت اور علم کی بنیاد پر پرکھیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں الحاد، دہریت اور لادینیت نوجوان نسل کے ایمان کیلئے ایک بڑا فکری چیلنج بن چکے ہیں۔ خصوصاً اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم نوجوان مختلف فلسفیوں، سائنس دانوں اور مصنفین کی تحریروں سے متاثر ہو کر دین، مذہب اور اللہ تعالیٰ کے وجود کے حوالے سے شکوک و شبہات کا شکار ہو رہے ہیں۔

لاہور کی ضلعی عدالتوں میں کیسوں کی تعداد بڑھنے لگی

281 عدالتوں میں کیسوں کی تعداد بڑھ کر تین لاکھ 21 ہزار 654 ہوگئی

لاہور (آن لائن) لاہور کی ضلعی عدالتوں میں کیسوں کی تعداد بڑھنے لگی، ماہ اپریل میں لاہور کی 281 عدالتوں میں کیسوں کی تعداد بڑھ کر تین لاکھ 21 ہزار 654 ہوگئی، اپریل کے آغاز پر زیر التوا کیسوں کی تعداد تین لاکھ 5 ہزار 849 تھی، اپریل میں 67 ہزار 554 نئے کیس دائر کئے گئے، اپریل میں 51 ہزار 82 کیسز سماعت مکمل کر کے نمٹائے گئے، 81 فوجداری عدالتوں میں کیسوں کی تعداد 33 ہزار 309 سے کم ہو کر 31 ہزار 389 رہ گئی، فوجداری عدالتوں میں 7 ہزار 754 کیسز نئے دائر جبکہ 9 ہزار 316 کیسوں پر فیصلے ہوئے 200 سول عدالتوں میں 59 ہزار 800 نئے کیسز دائر جبکہ 41 ہزار 766 کیس نمٹا دیئے گئے، سول عدالتوں میں یکم اپریل کو زیر التوا کیسز کی تعداد دو لاکھ 72 ہزار 540 تھی 30 اپریل کو سول کیسز کی تعداد بڑھ کر دو لاکھ 90 ہزار 265 ہوگئی، تحصیل کی عدالتوں میں 19 ہزار 437 کیسز نمٹائے گئے، تحصیل کینٹ کی عدالتوں میں 7 ہزار 374 کیسز نمٹائے گئے۔

صحبت پور: ڈی سی فریدہ ترین فری پاکستان آرگنائزیشن کراچی کی طرف سے دی گئی ایمبولینس پی پی ایچ آئی کے حوالے کر رہی ہیں

کاروباری اوقات کار میں تبدیلی سے متعلق زیر گردش نوٹیفکیشن جعلی قرار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومتی کفایت شعاری مہم کے تحت کاروباری اوقات کار کی تبدیلی سے متعلق زیر گردش نوٹیفکیشن کو جعلی قرار دے دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں کاروباری اوقات کار میں تبدیلی کا کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق اسلام آباد میں کاروباری اوقات کار حکومتی کفایت شعاری مہم کے تحت ہی برقرار رہیں گے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کاروباری اوقات کار میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

لاہور: رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے زیر اہتمام شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں منعقدہ مریضوں کے تحفظ سے متعلق شرکاء کا گروپ فوٹو

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے زیر اہتمام بین الاقوامی کانفرنس اختتام پذیر

ماہرین نے مریضوں کے تحفظ اور معیاری صحت کی سہولیات کے فروغ سراہا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے زیر اہتمام رفاہ انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کیئر امپروومنٹ اینڈ سیفٹی (RIHIS) کی جانب سے منعقدہ مریضوں کے تحفظ سے متعلق نویں بین الاقوامی کانفرنس (2026ICPS) کامیابی کے ساتھ شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج لاہور میں اختتام پذیر ہوئی۔ دو روزہ کانفرنس میں پاکستان اور بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے ممتاز طبی ماہرین، پالیسی سازوں، معالجین اور محققین نے شرکت کی۔ کانفرنس کا موضوع ''ابتدا ہی سے مریضوں کا تحفظ'' تھا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی محمد ارشد قائم خانی، چیف ایگزیکٹو آفیسر صحت سہولت پروگرام، نے پاکستان میں مریضوں کے تحفظ اور معیاری صحت کی سہولیات کے فروغ کے لیے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کی مسلسل کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں معیار کی بہتری، مریض دوست نظام اور بین الاقوامی معیار اپنانے کے حوالے سے رفاہ کی خدمات نے محفوظ طبی نظام سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ حکومت ایک جامع میڈیکل ٹورازم پالیسی پر فعال طور پر کام کر رہی ہے جسے جلد سامنے لایا جائے گا جس کا مقصد پاکستان کو معیاری اور کم لاگت طبی سہولیات کے علاقائی مرکز کے طور پر متعارف کرانا ہے۔

نوکنڈی: گرمی کی شدت میں اضافہ، شہری گھروں تک محصور

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی میں سورج آگ برسانے لگا، گرمی کی شدت میں اضافے کے باعث شہری گھروں میں محصور جبکہ سڑکیں، بازار، گلی، چوک و چوراہے ویران، شدید گرمی کے باعث عصر کے 6 بجے کے بعد شہری معمول کے مطابق گھروں سے نکل سکتے ہیں جبکہ ٹھنڈے مشروبات سمیت گرمی سے بچاؤ کیلئے ایئر کولر کی مانگ میں بے تحاشا اضافہ ہونے لگا۔

مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھا دی ہے، آفتاب کاکڑ

ویکسی نیٹرز علاقوں میں یونین کونسل کی سطح پر موجودگی کے لئے بائیو میٹرک حاضری اور ایپ کے ذریعے ویکسینیشن کے عمل کو بہتر بنا رہے ہیں

کوشش ہے کہ اس تناسب کو 80 فیصد سے زیادہ کیا جائے تاکہ کوئی بھی پیدا ہونیوالا بچہ روٹین امیونائزیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات سے رہ نہ سکے

حفاظتی ٹیکہ جات اور ویکسینیشن سے بچوں میں مختلف بیماریوں سے نبرد آزما ہونے کے لئے ان کے جسم میں قوت مدافعت بڑھتی ہے، اظہار خیال

کوئٹہ (محمد افضل مغل) حفاظتی ٹیکہ جات بلوچستان کے سربراہ ڈاکٹر آفتاب حسین کاکڑ نے کہا ہے کہ ہم نے بہتر حکمت عملی کے تحت 12 مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 38 فیصد سے بڑھا کر 50 فیصد سے زائد کر دی ہے محکمہ میں سزا اور جزا کا عمل جاری ہے اور ویکسی نیٹرز کی اپنے علاقوں میں یونین کونسل کی سطح پر موجودگی کے لئے بائیو میٹرک حاضری اور ایپ کے ذریعے ویکسینیشن کے عمل کو بہتر بنا رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈر کے ساتھ ملکر اس تناسب کو 80 فیصد سے زیادہ کیا جائے تاکہ کوئی بھی پیدا ہونے والا بچہ روٹین امیونائزیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات سے رہ نہ سکے ماؤں اور عوام میں مہلک بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسینیشن کرانے کے لئے شعور و آگاہی کے لئے میڈیا، علمائے کرام اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ اپنا کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو ای پی آئی سینٹر میں بلوچستان بھر کے صحافیوں کو حفاظتی ٹیکہ جات، اور ویکسینیشن کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرتے ہوئے ان کی افادیت سے لوگوں کو روشناس کرانے کے حوالے سے رویوں میں تبدیلی کے لئے منعقدہ ورکشاپ سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونیسیف کے ایس بی سی آفیسر ضیاء الرحمن سالائی، ڈاکٹر نور بخش تگچی، کمیونٹی انگیجمنٹ آفیسر زویا خان اور خیر بخش سمیت دیگر نے بھی ورکشاپ کے شرکاء کو مختلف حوالوں سے ای پی آئی کے مقاصد، ویکسینیشن کے پراسس، حفاظتی ٹیکہ جات کے ذریعہ 12 مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے خواتین، ماؤں اور عوام میں شعور بیدار کرنے کے حوالے سے بتایا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی جانب سے پہلے بلوچستان میں 38 فیصد کوریج ہو رہی تھی لیکن اب اس میں اضافہ کر کے متعلقہ شعبوں کے حکام نے موثر حکمت عملی کے تحت 50 فیصد سے زائد کوریج کو یقینی بنایا ہے ہماری کوشش ہے کہ 80 سے 90 فیصد تک کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام اضلاع میں یونین کونسل کی سطح تک ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات کے کوریج کو بڑھایا جائے جب بیماریوں کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات کے کورسز اور ویکسینیشن کی کوریج صحیح ہوگی تو ہمارے ہسپتال مریضوں سے خالی ہو جائیں گے کیونکہ ان حفاظتی ٹیکہ جات اور ویکسینیشن سے بچوں میں مختلف بیماریوں سے بچنے اور ان سے نبرد آزما ہونے کے لئے ان کے جسم میں قوت مدافعت پیدا ہوتی اور بڑھتی ہے انہوں نے بتایا کہ بچوں کو 15 ماہ تک 6 بار حفاظتی ٹیکہ جات کے مراکز لے جا کر انہیں حفاظتی ٹیکے اور ویکسینیشن کرائی جائیں۔ کیونکہ ہماری کوشش ہے کہ مستقبل کے معماروں کو صحت مند اور تندرست و توانا رکھنے کے لئے انہیں حفاظتی ٹیکوں اور ویکسینیشن کے کورس کروائے۔

بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز مسائل کی دلدل میں پھنس چکے ہیں، طاہر شاہ کاکڑ

صوبے کا ٹرانسپورٹ شعبہ شدید بحران کا شکار ہے، حکومت فوری اقدامات کرے، جنرل سیکرٹری وزیر خان

قومی شاہراہوں پر بدامنی، بھتہ خوری اور غیر ضروری چیکنگ نے کاروبار تباہ کر دیا ہے، اقبال سرگڑھ، حبیب خان

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات طاہر شاہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری وزیر خان، اقبال سرگڑھ، حبیب اللہ خان اور دیگر عہدیداروں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ شدید بحران سے دوچار ہو چکا ہے جبکہ ٹرانسپورٹرز مسائل کے دلدل میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ اگر حکومت اور متعلقہ قومی اداروں نے فوری توجہ نہ دی تو بلوچستان سے ٹرانسپورٹ کا کاروبار مکمل طور پر ختم ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات، مختلف چیک پوسٹوں پر مسافر گاڑیوں کو گھنٹوں کھڑا رکھنا، کسٹم اور دیگر اداروں کی جانب سے مبینہ بھتہ خوری، نیشنل ہائی وے پولیس کی بلاجواز سختی اور آئے روز جرمانوں نے ٹرانسپورٹرز کیلئے کاروبار جاری رکھنا ناممکن بنا دیا ہے۔ ایک طرف مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ دوسری جانب ٹرانسپورٹرز مالی نقصانات برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ مسافر گاڑیوں کیلئے غیر ضروری ٹائم شیڈول نافذ کر کے ٹرانسپورٹرز کو مزید مشکلات سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان جیسے طویل فاصلے اور حساس حالات والے صوبے میں زمینی حقائق کو مدنظر رکھے بغیر فیصلے کرنا ٹرانسپورٹرز اور عوام دونوں کے ساتھ زیادتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف قسم کے ٹیکسز اور سرکاری فیسوں میں مسلسل اضافہ بھی ٹرانسپورٹ شعبے کو تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں جس کے باعث گاڑیوں کے اخراجات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اسپیئر پارٹس، ٹائرز اور دیگر اشیاء کی قیمتیں بھی ناقابل برداشت ہو چکی ہیں جبکہ آمدن میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔ موجودہ حالات میں بیشتر ٹرانسپورٹرز گاڑیاں فروخت کرنے یا کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ قومی شاہراہوں پر امن و امان کی صورتحال بہتر بنائی جائے، غیر ضروری چیک پوسٹوں اور بھتہ خوری کا خاتمہ کیا جائے، نیشنل ہائی وے پولیس کی جانب سے بلاجواز کارروائیوں کو روکا جائے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کو خصوصی ریلیف پیکیج دیا جائے تاکہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ مزید تباہی سے بچ سکے۔

لیکچرار حیات غمخوار کی ٹارگٹ کلنگ انتہائی قابل مذمت ہے، غلام دستگیر بادینی

حیات غمخوار ایک فرد نہیں بلکہ ایک علمی ادارہ تھے پوری زندگی براہوی زبان، ادب، تعلیم اور شعور کے فروغ کیلئے وقف کر رکھی تھی

اس طرح علم و ادب سے وابستہ شخصیات کو چن چن کر قتل کیا جاتا رہا تو معاشرے میں خوف، بے چینی اور مایوسی مزید بڑھے گی

حیات غمخوار کے قتل کو محض ایک عام واقعہ نہ سمجھا جائے بلکہ اس کی اعلیٰ سطحی اور شفاف تحقیقات کرائی جائے، رکن صوبائی اسمبلی

نوشکی (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے براہوی زبان کے نامور شاعر، ادیب، مصنف، دانشور اور لیکچرار حیات غمخوار کی ٹارگٹ کلنگ اور بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں اہل قلم، اساتذہ، دانشوروں اور علمی شخصیات کو مسلسل نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک، تشویشناک اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ ایسے بزدلانہ واقعات نہ صرف انسانیت کے خلاف جرم ہیں بلکہ یہ بلوچستان کی علمی، ادبی اور تہذیبی شناخت پر حملہ ہیں۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ سخت مذمتی بیان میں کہا کہ حیات غمخوار ایک فرد نہیں بلکہ ایک علمی ادارہ تھے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی براہوی زبان، ادب، تعلیم اور شعور کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ انہوں نے نوجوان نسل کو علم، قلم، شعور اور مثبت فکر کا راستہ دکھایا۔ ان کی ادبی تخلیقات، علمی خدمات اور تدریسی کردار ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ ایسے عظیم علمی انسان کا قتل پورے بلوچستان خصوصاً نوشکی کے علمی و ادبی حلقوں کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ افسوس کی بات یہ ہے کہ بلوچستان میں آئے روز معزز شخصیات، اساتذہ، قبائلی معتبرین اور اہل قلم کو ٹارگٹ کر کے بدامنی پھیلانے کی مذموم کوشش کی جا رہی ہے، مگر حکومت اور متعلقہ ادارے اب تک عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں۔ اگر اس طرح علم و ادب سے وابستہ شخصیات کو چن چن کر قتل کیا جاتا رہا تو معاشرے میں خوف، بے چینی اور مایوسی مزید بڑھے گی۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ حیات غمخوار کے قتل کو محض ایک عام واقعہ نہ سمجھا جائے بلکہ اس کی اعلیٰ سطحی اور شفاف تحقیقات کر کے اصل کرداروں اور سہولت کاروں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔ قاتل خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

عوام کو سماجی شعبہ میں ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، علی درانی

انتظامی نظم و نسق کی بہتری کے حوالے سے سول سروس افسران پر بھاری زمہ داری عائد ہوتی ہے، بی سی ایس آفیسرز

بلوچستان ایک وسیع و عریض رقبہ کا حامل تاہم ایک پسماندہ صوبہ ہے جبکہ وسائل بھی قلیل ہیں، اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سول سروس ایگزیکٹو برانچ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی پہلی جنرل باڈی کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا۔ جس کی صدارت ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری علی درانی نے کی۔ اجلاس کے انعقاد کا بنیادی مقصد زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز اور سینئر افسران کے درمیان براہ راست ملاقات کے علاوہ نو منتخب کابینہ کے گزشتہ تین ماہ کے دوران سول سروس ریفارمز سے متعلق امور پر تبادلہ خیال اور اس حوالے اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس سے اپنے خطاب میں بی سی ایس آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری علی درانی نے کہا کہ عوام کو سماجی شعبہ میں ریلیف کی فراہمی اور انتظامی نظم و نسق کی بہتری کے حوالے سے سول سروس افسران پر بھاری زمہ داری عائد ہوتی ہے بالخصوص نچلی سطح پر تعلیم اور صحت کی سہولتیں عوام کا بنیادی حق ہیں اور ہمیں اس جانب خصوصی توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع و عریض رقبہ کا حامل تاہم ایک پسماندہ صوبہ ہے جبکہ وسائل بھی قلیل ہیں، دستیاب وسائل کو صحیح معنوں میں بروئے کار لانا سول سروس افسران کی اولین زمہ داری ہے۔ انہوں نے افسران سے توقع ظاہر کی کہ وہ ضلعوں میں تعیناتی کے دوران عوامی خدمت کے جذبہ کو اپنا شعار بنائیں گے اور عوام کے اعتماد، امیدوں اور خواہشات پر پورا اترنے کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں مذید کہا کہ ریونیو سے جڑے مسائل کا میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر حل بھی علاقائی ترقی و خوشحالی میں بے حد اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا موجودہ صوبائی حکومت گڈ گورننس کے قیام کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے۔ بلوچستان سول سروس ایگزیکٹو برانچ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن گڈ گورننس کے قیام کے لیے حکومتی ریفارمز پر اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرواتی ہے اور ساتھ ہی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انکی کابینہ اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر صاحب سے توقع رکھتی ہے کہ وہ بی سی ایس افسران کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کیلئے بھرپور تعاون کرینگے۔ اس دوران اجلاس کے ایجنڈا میں شامل دیگر نقاط پر بھی غور و خوص کیا گیا جن پر شرکا نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا اور اس کیلئے متفقہ لائحہ عمل طے کرنے سے اتفاق کیا گیا۔

گوادر: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عبدالشکور پیشکان میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران سول و عسکری حکام کے ہمراہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں

جھل مگسی: اشتہاری ملزم گرفتار

گنداواہ/جھل مگسی (نامہ نگار) جھل مگسی پولیس تھانہ باریجہ صابر علی مگسی کے عملے نے دوران گشت اور اسنیپ چیکنگ کے دوران مقدمہ زنا بالجبر میں مطلوب اشتہاری ملزم اسحاق ولد محبن قوم لونگانی مگسی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کو ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاک اپ منتقل کر دیا گیا ہے۔

تھیلیسیمیا موروثی مرض والدین سے بچوں میں منتقل ہوتا ہے، غلام سرور بروہی

مریضوں کو بار بار خون کی ضرورت پڑتی ہے، احتیاط علاج سے بہتر ہے شادی سے قبل خون کا معائنہ لازمی کروائیں

تھیلیسیمیا ایک سنجیدہ مرض ہے جس کی بروقت تشخیص اور احتیاطی تدابیر کے ذریعے کافی حد تک روک تھام ممکن ہے

بلوچستان ریفارمز کا تھیلیسیمیا سینٹر اوتھل کے قیام کیلئے 20 ہزار فٹ اراضی ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کو عطیہ کرنیکا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ہیبت خان حلیمی، چیئرمین کاشف اقبال تھیلیسیمیا سینٹر کراچی محمد اقبال، وفاقی محتسب بلوچستان ریجن غلام سرور بروہی، عورت فاؤنڈیشن کے ریجنل ڈائریکٹر اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز حلیمی فاؤنڈیشن علاؤالدین خلجی، سابق ڈائریکٹر آر ایچ سی اور ممبر بورڈ حلیمی فاؤنڈیشن ڈاکٹر حنیف مینگل، انچارج تھیلیسیمیا سینٹر حکومت بلوچستان سردار اسلم ناصر، سیکرٹری میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن صائمہ موسیٰ، فاؤنڈر ممبر بورڈ حلیمی فاؤنڈیشن محمد سلیم، الفلاح بینک کے ریجنل ہیڈ ثناء اللہ باجی، فائزہ میر، فوکل پرسن حلیمی فاؤنڈیشن محمد اقبال، آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹر ارم، اصغر خان، سابق صوبائی وزیر اور نامور قانون دان امان اللہ کنرانی، معروف قانون دان علی احمد کرد، میڈیا نمائندگان، سماجی کارکنان، حکومتی عہدیداران، نوجوانوں، طالب علموں، ڈاکٹروں اور تعلیم سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاؤالدین خلجی نے شرکاء کو میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک غیر منافع بخش تنظیم ہے جو خصوصاً بلوچستان میں انسانیت اور صحت کے شعبے میں خدمات کے فروغ کے لیے کام کر رہی ہے۔ فاؤنڈیشن کا بنیادی مقصد صحت کے شعبے کو درپیش اہم چیلنجز سے نمٹنا اور پسماندہ و نادار طبقات تک معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فاؤنڈیشن اب تک متعدد فلاحی منصوبے مکمل کر چکی ہے، جن میں مفت قرنیہ پیوندکاری نمایاں ہے۔ حکومت سری لنکا کے تعاون، یاسمین جویا (آنرری قونصل جنرل آف سری لنکا برائے پنجاب) کی معاونت اور مغل آئی ہسپتال کے اشتراک سے بلوچستان کے مریضوں کے لیے 60 سے زائد مفت قرنیہ پیوندکاریاں کامیابی سے کی جا چکی ہیں۔ اسی طرح ریجنل بلڈ سینٹر بلوچستان کے تعاون سے باقاعدگی کے ساتھ خون عطیہ مہمات بھی منعقد کی جاتی ہیں، جن کا مقصد خصوصاً تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خون کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال، کوئٹہ کینٹ میں جدید سہولیات سے آراستہ آئی ہسپتال اور تھیلیسیمیا ٹریٹمنٹ سینٹر قائم کیا گیا ہے، جہاں تشخیصی سہولیات، بلڈ بینک اور او پی ڈی خدمات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔ فاؤنڈیشن کا وژن اس ادارے کو ایک ''مرکز برتری'' میں تبدیل کرنا ہے، جہاں آنکھوں کی بیماریوں، خون کے امراض، تشخیص اور احتیاطی صحت سے متعلق جدید سہولیات دستیاب ہوں۔ اس مقصد کے لیے قومی اور بین الاقوامی شراکت داریوں کو فروغ دینے پر بھی کام جاری ہے۔ اسی سلسلے میں میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کی جانب سے ''تھیلیسیمیا'' کے موضوع پر ایک روزہ آگاہی سیمینار نوری نصیر خان ہال میں کاشف اقبال تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے تعاون سے منعقد کیا گیا، جس کا مقصد کوئٹہ کے نوجوانوں میں اس مرض سے متعلق شعور و آگاہی پیدا کرنا تھا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں مزید تھیلیسیمیا سینٹرز کے قیام کی اشد ضرورت ہے۔

پریم یونین کے مطالبے پر حنیف عباسی نے ڈبلیو آئی ٹی سزائیں ختم کر دیں، خوشحال خٹک ٹرین بحال کرنے کا اعلان

ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے

آئی بی کلیئرنس رپورٹ کی شرط جلد ختم کروانے کا وعدہ، منگور ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے لیاقت علی شہید اسٹیشن رکھنے کا فیصلہ

شیخ انور کی وزیر ریلوے کو محکمہ کو خسارہ سے نکال کر منافع بخش بنانے پر مبارکباد، ریلوے محنت کشوں کے کی یقین دہانی کروادی

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پریم یونین کے مطالبے پر سروس رولز میں موجود ڈبلیو آئی ٹی سزائیں ختم کرنے اور خوشحال خٹک ٹرین کو دوبارہ بحال کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کے روز ریلویز ہیڈ کوارٹرز میں پریم یونین سی بی اے اوپن لائن کے صدر شیخ محمد انور سے ملاقات کے موقع پر کیا شیخ محمد انور نے وفاقی وزیر کو ملازمین کے مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی صدر پریم یونین کے مطالبے پر حاجی محمد حنیف عباسی نے ''منگور'' ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے ''لیاقت علی شہید'' ریلوے اسٹیشن رکھنے کا فیصلہ کیا۔ لیاقت علی شہید نے رینجر اور خوشحال گڑھ پولیس چوکی اور ''منگور'' ریلوے اسٹیشن کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے کیلئے آنے والے خودکش حملہ آور کو دبوچ کر اس کا منصوبہ ناکام کر دیا اور اپنی جان وطن پر نچھاور کر دی۔ شیخ انور نے لیاقت علی شہید کو تمغہ شجاعت اور اہل خانہ کو وزیر ریلوے کی جانب سے نقد امداد دینے اور اس کے جنازے میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پریم یونین کے صدر کے مطالبے پر ریلوے ملازمین کو ''ڈبلیو آئی ٹی'' کی سزائیں ختم کرنے کی (ماسوائے ایکسیڈنٹ اور فراڈ) ریلوے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حفیظ اللہ کو ہدایات دیں۔ جس کے نتیجے میں ہزاروں ملازمین کی ترقی کا راستہ کھل جائے گا۔ انہوں نے سی بی اے یونین کے صدر شیخ محمد انور کی درخواست پر ML-2 کی واحد ٹرین خوشحال خان خٹک کو جلد از جلد بحال کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے ملازمین کی ترقی کے لئے آئی بی کلیئرنس کی رپورٹ کی شرط بھی جلد از جلد ختم کروانے کا وعدہ کیا۔ اس ملاقات میں یہ بھی مطالبہ کیا گیا کہ ٹیکنیکل اسٹاف کے ٹیکنیکل الاؤنس کو 2022ء کے پے سکیلوں کی بنیاد پر دیا جائے۔ جس پر انہوں نے مثبت پیش رفت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شیخ انور نے وزیر ریلوے کو محکمہ کو خسارہ سے نکال کر منافع بخش بنانے پر مبارکباد دی اور اس سلسلے میں ریلوے محنت کشوں کے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروادی۔

CONDOLENCE

APNS expresses profound grief over the sad demise of

Distinguished Editor, Intellectual and Veteran Journalist

Mr. Altaf Hasan Qureshi

Chief Editor, Urdu Digest Lahore.

May Allah the Almighty rest his soul in eternal peace and grant courage to the family to bear the loss.

His funeral prayers will be offered on Sunday, May 17, after Zohar prayers at Jamia Ashrafia, Lahore.

APNS
آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی
All Pakistan Newspapers Society

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 17 مئی 2026ء

بلوچستان کی تیز رفتاری ترقی اور مختلف شعبوں میں انقلابی اقدامات

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جمعہ کے روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام کے دیرینہ مسائل کے حل اور صوبے کی تیز رفتار ترقی کے حوالے سے ہر سطح پر اپنا فعال و متحرک کردار ادا کرے گی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بھی دوٹوک انداز میں صوبے کی تیز رفتار ترقی، عوامی مسائل کے حل، صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں اقدامات کا عزم دہرایا اور کہا کہ صوبائی حکومت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلابی اقدامات پر عمل پیرا ہے اور بلوچستان میں تعلیم وصحت اور غریب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے موثر اقدامات کا تسلسل جاری ہے بلوچستان میں ننانوے بند سکول فعال ہو چکے ہیں اور تیرہ ہزار سے زائد اساتذہ کی تعیناتی میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل جاری ہے اور اب تک آٹھ ہزار سے زائد مکانات کی تعمیر مکمل کی جا چکی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگرچہ یہ منصوبہ وفاقی حکومت کے تحت جاری ہے اور صوبائی حکومت اس میں صرف معاونت فراہم کر رہی ہے گوکہ اس منصوبے میں صوبائی حکومت جو کردار چاہتی ہے وہ نہیں پایا اس لئے یہ منصوبہ اس رفتار سے مکمل نہیں کیا جاسکا جو ہماری خواہش تھی تاہم ہماری کوشش ہوگی کہ اس منصوبے پر تیزی سے عمل درآمد کیا جائے تاکہ متاثرہ خاندان جلد مکمل بحالی کی منزل حاصل کرسکیں بلوچستان میں پیپلز بس سروس کا آغاز ہو چکا ہے اور کوئٹہ کے بعد تربت میں بھی یہ جدید سفری سہولت فراہم کردی گئی ہے ہمارا عزم ہے کہ صوبے کے تمام بڑے شہروں تک اس سروس کو توسیع دی جائے تاکہ عوام کو محفوظ معیاری اور جدید ٹرانسپورٹ کی سہولیات میسر آسکیں ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں صحت تعلیم آبنوشی اور دیگر شعبوں میں بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے یہ صرف ہمارا نکتہ نظر نہیں بلکہ عین حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ شعبے ماضی میں کلیدی حیثیت کے باوجود نظر انداز رہے اور اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے بلوچستان میں انسانی ترقی کو مرکزیت دینے کی حکومتی کاوشیں مستحسن اور قابل ستائش ہیں اور یہ گزشتہ روز چیئرمین پیپلز پارٹی نے وزیر اعلیٰ کے ہمراہ مختلف منصوبوں کا افتتاح کیا ہے ہم سمجھتے ہیں وہ ایک ایسے مستقبل کی نوید ہے جس میں بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کا خواب حقیقت بنتا دکھائی دیتا ہے۔ صحت ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور امیر وغریب کے درمیان علاج کی سہولیات میں فرق ختم ہونا چاہئے کتنا بڑا المیہ ہے کہ بلوچستان میں آج بھی دور دراز علاقوں کے لوگ معمولی بیماری کے علاج کے لئے بھی سینکڑوں کلومیٹر کا سفر کرنے پر مجبور رہے ہیں، وہاں مفت اور معیاری علاج کی فراہمی ایک انقلابی تصور کی حیثیت رکھتی ہے۔ اگر یہ وژن مکمل طور پر عملی شکل اختیار کر لیتا ہے تو یہ نہ صرف صحت کے شعبے میں بلکہ صوبے کی مجموعی سماجی و معاشی ترقی میں بھی اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ صحت کے شعبے میں گیارہ اہم منصوبوں کا افتتاح، ڈیڑھ سو بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سینٹر، بینظیر ایمبولینس سروس اور پیپلز ایئر ایمبولینس سروس جیسے اقدامات بلوچستان کے عوام کے لئے ایک نئے دور کا آغاز ہیں۔ خاص طور پر ایئر ایمبولینس سروس انتہائی اہم منصوبہ ہے اسی طرح کوئٹہ میں جدید ٹراما سینٹر کا قیام نہایت اہم پیش رفت ہے۔ بلوچستان میں سڑک حادثات اور دیگر ہنگامی حالات کے پیش نظر فوری اور معیاری طبی سہولیات کی شدید ضرورت تھی۔ تعلیم کے شعبے میں موجودہ حکومت کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بتایا ہے کہ ننانوے بند اسکول فعال ہو چکے ہیں اور تیرہ ہزار سے زائد اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی کی گئی ہے یہ تعلیم کے شعبے میں ایک بڑی پیش رفت ہے۔ بلوچستان کی ترقی کا راستہ تعلیم سے ہو کر گزرتا ہے۔ اگر نئی نسل کو معیاری تعلیم فراہم کی جائے تو وہ نہ صرف صوبے بلکہ ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے بند سکولوں کی فعالیت امید کی کرن ہے تاہم اب بھی اس ضمن میں مزید بہت کچھ کرنا باقی ہے کیونکہ بلوچستان میں ان دونوں کلیدی شعبوں یعنی تعلیم اور صحت میں اب بھی گوناگوں چیلنجز موجود ہیں۔ صوبے کے کئی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی، اساتذہ اور ڈاکٹرز کی قلت، انفراسٹرکچر کی کمزوری اور وسائل کی محدودیت جیسے مسائل اب بھی موجود ہیں۔ ایسے میں حکومت کے لئے ضروری ہے کہ ان منصوبوں کے تسلسل کو یقینی بناتے ہوئے بنیادی سطح پر اصلاحات کا عمل تیز کرے۔ تعلیم کے شعبے میں جدید نصاب، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، اساتذہ کی تربیت اور لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بلوچستان میں خواتین کی تعلیم کا فروغ نہ صرف سماجی ترقی بلکہ معاشی استحکام کے لئے بھی ناگزیر ہے۔ اگر بچیوں کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں تو یہ پورے معاشرے کی تقدیر بدل سکتا ہے۔ صحت کے شعبے میں بھی بنیادی صحت مراکز کی بحالی، ٹیلی میڈیسن کے فروغ، دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز کی تعیناتی اور صحت کے بجٹ میں اضافہ ناگزیر ہے۔ بڑے منصوبوں کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی ہی حقیقی تبدیلی کی ضمانت بن سکتی ہے۔ اگر دیہی علاقوں میں صحت کے مراکز فعال ہوں تو بڑے ہسپتالوں پر دباؤ بھی کم ہوگا اور عوام کو بروقت طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ پسماندہ علاقوں کی ترقی سے معیشت کو طاقت ملے گی جب عام آدمی کو صحت، تعلیم اور روزگار کی سہولیات میسر آئیں گی تو وہ معاشی سرگرمیوں میں فعال کردار ادا کر سکے گا۔ اس طرح ترقی کا دائرہ وسیع ہوگا اور معاشی استحکام ممکن ہو سکے گا۔ ماضی میں کئی منصوبے اعلانات تک محدود رہ گئے۔ اس بار ضروری ہے کہ حکومت ان منصوبوں کی بروقت تکمیل، موثر نگرانی اور پائیداری کو یقینی بنائے جو منصوبے تکمیل کے بعد فعال ہو چکے ہیں انہیں چلانے کے لئے موثر نظام تشکیل دیا جائے جن منصوبوں کی ابھی تکمیل نہیں ہوئی ان کی جلد سے جلد تکمیل ہونی چاہئے بالخصوص صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے اگر آج صحت اور تعلیم کو مضبوط بنایا جائے تو آنے والی نسلیں ایک بہتر اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد رکھ سکیں گی۔ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی سے جڑی ہوئی ہے۔ اگر صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں تو یہ نہ صرف صوبے میں امن واستحکام کو فروغ دے گا بلکہ قومی ترقی کے عمل کو بھی تیز کرے گا ضروری ہے کہ ان اقدامات کو مستقل مزاجی، شفافیت اور جدید حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے یہی راستہ صوبے کو پسماندگی سے نکال کر ترقی، استحکام اور خوشحالی کی منزل تک لے جاسکتا ہے۔

بلوچستان میں امید کی پرواز

پیپلز ایئر ایمبولینس اور عوامی خدمت کی نئی روایت۔ اگرچہ وسیع وعریض رقبے، دشوار گزار پہاڑوں، طویل فاصلوں اور بنیادی طبی سہولیات کی کمی کے باعث بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے صحت کے شعبے میں سنگین مشکلات کا سامنا کرتے رہے ہیں۔ کسی حادثے، پیچیدہ بیماری یا ایمرجنسی کی صورت میں مریض کو بروقت بڑے اسپتال تک پہنچانا اکثر زندگی اور موت کا مسئلہ بن جاتا تھا۔ ایسے حالات میں جب کوئٹہ میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ''پیپلز ایئر ایمبولینس سروس'' کا افتتاح کیا تو یہ محض ایک منصوبے کا آغاز نہیں بلکہ بلوچستان کے محروم عوام کے لیے امید کی ایک نئی پرواز ثابت ہوا۔ یہ اقدام دراصل اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ ریاست کی اصل ذمہ داری صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں بلکہ دور دراز علاقوں میں بسنے والے عام شہری تک بنیادی سہولتوں کی فراہمی بھی حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ بلوچستان کے ایسے اضلاع جہاں سڑکوں کا سفر کئی کئی گھنٹوں بلکہ بعض اوقات دنوں پر محیط ہوتا ہے، وہاں ایئر ایمبولینس جیسی سہولت کسی نعمت سے کم نہیں۔ اب کسی مریض، زخمی یا حاملہ خاتون کو فوری طبی امداد کے لیے بروقت بڑے اسپتال منتقل کرنا ممکن ہو سکے گا۔

موجودہ صوبائی حکومت نے گزشتہ عرصے میں بلوچستان میں ترقیاتی اور عوامی فلاحی منصوبوں پر

خاص توجہ دی ہے۔ صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر اور رابطہ سڑکوں کے شعبوں میں متعدد منصوبے شروع کیے گئے۔ نوجوانوں کے لیے روزگار اسکیمیں، خواتین کی فلاح کے منصوبے، پسماندہ اضلاع میں طبی مراکز کی اپ گریڈیشن اور جدید سہولیات کی فراہمی ایسے اقدامات ہیں جو صوبے میں حکومتی سنجیدگی کو ظاہر کرتے ہیں۔

اسی ترقیاتی سفر کے دوران یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کچھ ملک دشمن اور تخریبی عناصر ہمیشہ سے بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کے دشمن رہے ہیں۔ یہ عناصر نہ صرف ترقیاتی منصوبوں میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں بلکہ نوجوان نسل کو گمراہ کرنے، انہیں غلط راستوں پر ڈالنے اور غیر ملکی ایجنڈوں کے لیے استعمال کرنے کی مذموم کوششیں بھی کرتے ہیں۔ تاہم ریاست، سیکیورٹی ادارے اور عوام کی اکثریت اس بات پر مکمل متفق ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے اس سفر کو کسی صورت روکا نہیں جا سکتا۔ پیپلز ایئر ایمبولینس سروس اسی تسلسل کی ایک اہم کڑی ہے۔ یہ منصوبہ صرف ایک جہاز نہیں بلکہ ایک ایسا متحرک طبی نظام ہے جس میں جدید لائف سپورٹ سہولیات، تربیت یافتہ ڈاکٹرز، پیرا میڈکس اور ایمرجنسی ریسپانس اسٹاف شامل ہوگا۔ بلوچستان جیسے جغرافیائی لحاظ سے مشکل صوبے میں یہ اقدام انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ محروم طبقات، غریب عوام اور دور افتادہ علاقوں کی ترقی کی سیاست کی ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو تک، اور پھر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری تک، پارٹی کی سیاست کا محور عام آدمی کی فلاح رہا ہے۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہو یا اب بلوچستان کے لیے ایئر ایمبولینس جیسا منصوبہ، یہ اقدامات اس سیاسی فکر کی عکاسی کرتے ہیں جس میں ریاستی وسائل کو عوامی خدمت کے لیے استعمال کرنے پر زور دیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ یہ شکوہ کیا کہ انہیں قومی ترقی کے دھارے میں نظر انداز کیا گیا، مگر حالیہ اقدامات سے یہ تاثر کمزور ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی اور عوامی فلاح کے منصوبے دیانتداری اور تسلسل کے ساتھ آگے بڑھتے رہے تو بلوچستان نہ صرف ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگا بلکہ وہاں کے عوام میں احساس محرومی بھی کم ہوگا۔ پیپلز ایئر ایمبولینس دراصل ایک پیغام ہے یہ پیغام کہ بلوچستان اب صرف خبروں میں دکھایا جانے والا دور افتادہ خطہ نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کا ایک اہم اور قابل توجہ حصہ ہے، جہاں انسانی جان کی قیمت کو بھی وہی اہمیت دی جا رہی ہے جو ملک کے بڑے شہروں میں دی جاتی

پہلی اینٹ کو اکھڑنے سے بچانا چاہیے

شاعر بے مثال چچا غالب کے پاس بہرحال بحیثیت شاعر یہ سہولت اور آسانی میسر تھی' ان کے پاس اپنا سر پھوڑنے کیلئے ایک سے زائد در موجود تھے تبھی تو وہ فرماتے ہیں کہ: وفا کیسی کہاں کا عشق جب سر پھوڑنا ٹھہرا تو پھر اے سنگ دل تیرا ہی سنگ آستاں کیوں ہو۔

عاشقوں اور چچا غالب کی طرح لیکن ہم کالم نویسوں کو ایسی سہولت اور آسانی میسر نہیں کہ ایک در سے خیر نہ ملی تو دوسرے در پر جا دستک دی۔ سو ہم ایک ہی سنگ آستاں پر روز سر پھوڑتے ہیں اور اگلے روز پھر اسی در پر بیکار میں وقت ضائع کرتے ہیں۔ ہم ناکام تو ہوتے ہیں مگر شکر ہے کہ ناامید نہیں ہوتے۔ بقول فیض:

دل ناامید تو نہیں ناکام ہی تو ہے لمبی ہے غم کی شام مگر شام ہی تو ہے

سو ہم قلم گھسیٹنے والے آج لکھتے ہیں اور یہ دیکھنے کے باوجود کہ اس پر کوئی عمل نہیں ہوا کسی کے کان پر جوں نہیں رینگی 'اصحاب اقتدار و اختیار نے لکھے کو پرکاہ کی حیثیت نہیں دی کل دوبارہ اسی جذبے کے ساتھ لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ پڑھے کو حیثیت نہ دینے سے خیال آیا کہ لکھے کو حیثیت دینے کا امکان تو تب پیدا ہوتا ہے اگر کسی نے پڑھا ہو۔ لاپروائی 'لاعلمی اور بے حسی کا یہ عالم ہے کہ جنہیں پڑھنا چاہیے وہ ایسی چیزیں سرے سے پڑھتے ہی نہیں اور جب پڑھا ہی نہیں تو کسی نے اس پر خاک عمل کرنا یا ایکشن لینا ہے۔ لیکن کیا اس بات پر لکھنے والا اپنا کام چھوڑ دے؟ ہم سے تو ہمارے کام کے بارے میں سوال ہوگا۔ ہمارے لکھے پر خرابی سدھارنے اور درستی کرنے یا نہ کرنے کا سوال انہی سے ہوگا جو اس کام کا اختیار رکھتے ہیں۔ اس سوال کا جواب ان کے ذمے ہے جنہیں مالک کائنات نے کچھ ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ اب وہ جانیں اور ان کا کام ہم تو اپنا کام کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ ایسے موقعوں پر ہمیں اپنے بہت پیارے دوست کنور انجاز رجب کی ایک مرصع غزل یاد آ جاتی ہے۔ سب دھندوں کو چھوڑیں پہلے غزل سے لطف لیں۔

اپنی خواہش میں جو بس گئے ہیں وہ دیوار و در چھوڑ دیں دھوپ آنکھوں میں چبھنے لگی ہے تو کیا ہم سفر چھوڑ دیں دست بردار ہو جائیں فریاد سے اور بغاوت کریں کیا سوالی ترے قصر انصاف زنجیر در چھوڑ دیں جب لعاب دہن اپنا تریاق ہے دست و بازو بھی ہیں سانپ گلیوں میں لہرا رہے ہیں تو کیا ہم گھر چھوڑ دیں شہریاروں سے ڈر جائیں ہم حق پرستی سے توبہ کریں اپنے اندر بھی اک آدمی ہے اسے ہم کدھر چھوڑ دیں ہم نے دیکھا ہے دریاؤں کا رخ کنور شہر کی سمت ہے شہر والے اگر بے خبر ہیں تو کیا بے خبر چھوڑ دیں

ایک طرف ہم جیسے لکھنے والے معترض ہیں تو دوسری طرف سرکار نے ہر بگڑے ہوئے کام کا حل یہ نکالا ہے کہ خرابی کی درستی کے بجائے خرابی کا باعث بننے والا ادارہ 'محکمہ یا شعبہ سرے سے بند کر دیا جائے یا پرائیویٹائز کر کے جان چھڑوا لی جائے۔ تعلیمی ادارے 'ہسپتال اور صفائی ستھرائی' سب پرائیویٹائز ہو رہے ہیں۔ ہر خرابی کا حل یہ نکالا ہے کہ خرابی کو ٹھیک کرنے کے بجائے خرابی کا بیج ہی مار دیا جائے تاکہ نہ ہوگا بانس نہ بجے گی بانسری۔

یہ عاجز کپاس کی بربادی اور کسمپرسی پر بارہا لکھ چکا ہے۔ سالانہ ایک کروڑ 50 لاکھ گانٹھ پیدا کرنے والے ملک کی پیداوار گھٹتے گھٹتے 50 لاکھ گانٹھ سے نیچے جا چکی ہے اور صورتحال کسی قسم کی بہتری کے بجائے مزید تنزلی کی طرف رواں دواں ہے۔ محکمہ زراعت کے ارباب اختیار کے دعوے اپنی جگہ لیکن صورتحال یہ ہے کہ بہاولنگر' چولستان' سندھ اور بلوچستان کے کچھ علاقوں کے علاوہ کپاس کا مستقبل تاریک اور معاملہ تقریباً صاف ہو چکا ہے اور اس کی بنیادی وجوہات حکومتی کارکردگی' توجہ' مدد اور نگرانی سے چشم پوشی کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ کپاس کی فصل بارے تحقیق کرنے والے زرعی تحقیقاتی ادارے نہ تو ترقی دادہ نئے بیج ایجاد کر سکے اور نہ ہی وائرس کا کوئی حل نکال سکے۔ ضرورت تھی کہ زرعی سائنسدان کم وقت میں تیار ہونے والی کپاس کی ورائٹیاں متعارف کراتے' زیادہ حدت برداشت کرنے والی کپاس کی شروعات کرتے اور کم پانی سے اُگنے والی فصل کا اہتمام کرتے' لیکن یہ خود غرض اور لالچی زرعی سائنسدان بچی کچی اور دوسرے ممالک سے چوری شدہ میٹریل سے تیار کردہ اپنی نام نہاد ورائٹیاں بلیک میں بیچ کر نوٹ کماتے رہے اور کپاس کی فصل کا دھڑن تختہ ہوگیا۔ سرکار کا کام تھا کہ زرعی سائنسدانوں کی کارکردگی کو مانیٹر کرتی 'ان کی تحقیق کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے ان کے مستقبل کا تعین کرتی۔ اپنے زرعی تحقیقاتی اداروں کی کارکردگی پر نظر رکھتی' ان کے تحقیقاتی کام کی بنیاد پر ان کیلئے فنڈ مختص کرتی' ان کو تحقیقی کاموں کے ٹارگٹ دیتی اور ان کے نتائج کے حوالے سے جزا یا سزا کا میکانزم بناتی' مگر سائنسدان موج میلہ کرتے رہے' ادارے نالائقی کا نمونہ اور بے عملی کا گڑھ بن گئے جبکہ سرکار ستو پی کر سوئی رہی۔ ایسے تمام اداروں کی بربادی کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔ جب بربادی مکمل ہوگئی اور خرابی ناقابل اصلاح حد تک تنزلی کی آخری گہرائی پر پہنچ گئی تو سرکار نے اداروں سے ہی جان چھڑانے کی ٹھان لی۔ اٹھارہویں ترمیم کے بعد بہت سے ادارے تو صوبائی حکومتوں کے حوالے کر دیے گئے جن کے پاس ان اداروں کو چلانے کیلئے نہ تو مہارت ہی میسر تھی' نہ ان کو چلانے کیلئے پیسے تھے اور نہ ہی ان کو درست کرنے کا کوئی ارادہ و نیت تھی۔ ایسے میں زرعی تحقیق کا کیا حشر ہونا تھا اس کے بارے میں زیادہ سوچنے اور تردد کرنے کی ضرورت نہیں۔ جہاں وفاقی حکومت نے زیادہ تر ایسے اداروں کو صوبائی حکومتوں کے حوالے کر کے اپنا بوجھ ہلکا کیا وہیں باقی ماندہ بچے کھچے اداروں میں بیج پر تحقیق کرنے کے بجائے ان کا ہی بیج مارنے کا منصوبہ بنایا اور انہیں پوری طرح غیر فعال اور سفید ہاتھی بننے کی کھلی چھوٹ دے دی تاکہ جب ان کا بوریا بستر لپیٹا جائے تو کسی کے پاس ان کو برقرار رکھنے کا کوئی جواز بھی موجود نہ ہو۔ ملتان میں سینٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا قیام یکم جولائی 1970ء کو عمل میں آیا۔ پاکستان سینٹرل کاٹن کمیٹی کے زیر انتظام سینٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ پاکستان میں مکمل طور پر صرف کپاس کی تحقیق کیلئے وجود میں آنے والا پہلا ادارہ تھا۔ یہاں کپاس کے بہت سے متعلقہ شعبوں میں بہت قابل ذکر کام بھی ہوا اور اٹھائیس کے لگ بھگ نئے بیج بھی ایجاد ہوئے تاہم آہستہ آہستہ دیگر سرکاری اداروں کی طرح اسے بھی کرپشن' نااہلی' نالائقی اور آرام طلبی کی دیمک نے کھوکھلا کر دیا۔ اس طرح تحقیقی میدان میں شاندار کارکردگی کا حامل یہ ادارہ سفید ہاتھی بن گیا۔ یہی حال اس کے سرپرست ادارے پاکستان سینٹرل کاٹن کمیٹی کا ہوا۔ سرکار نے اسے فعال کرنے' متحرک بنانے اور نتائج دینے والا ادارہ بنانے کے بجائے اس سے جان چھڑانے کا سلسلہ شروع کر دیا۔

ملتان میں 116 ایکڑ پر مشتمل کپاس کے اس قدیمی ادارے کیساتھ یہی کچھ ہو رہا ہے۔ اس کی 15 ایکڑ زمین پر جمخانہ بنانے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ میں اس پروجیکٹ پر تنقید کسی منفی ذہنیت کے تحت نہیں کر رہا کہ میں ذاتی طور پر ملتان میں جمخانہ ٹائپ کسی اچھے سول کلب کا نہ صرف حامی ہوں بلکہ اسکے اولین محرکین میں سے ہوں' لیکن ریسرچ کے برباد شدہ ادارے کو بامقصد بنانے کے بجائے اسکی بندر بانٹ کے خلاف ہوں۔ جمخانہ کہیں اور بن سکتا ہے مگر یہ ادارہ مٹ گیا تو دوبارہ نہیں بنے گا۔ ایک بار پندرہ ایکڑ پر جمخانہ بننے دیں پھر دیکھیں کہ بقیہ 101 ایکڑ کو شکرے کس طرح شکار کرتے ہیں۔ یہ پندرہ ایکڑ اس سلسلے کی پہلی کڑی ثابت ہوں گے۔ ایک اینٹ نکل جائے تو پھر باقی ساری دیوار چند ہی دنوں میں وجود سے عدم کا سفر طے کر لیتی ہے۔ 116 ایکڑ پر مشتمل ایک زرعی تحقیقاتی ادارے کے حوالے سے یہ عاجز تو اس پہلی اینٹ کو اکھڑنے سے بچانے کی سعی کر رہا ہے۔ محکمہ زراعت کے ارباب اختیار کے دعوے اپنی جگہ لیکن صورتحال یہ ہے کہ بہاولنگر' چولستان' سندھ اور بلوچستان کے کچھ علاقوں کے علاوہ کپاس کا مستقبل تاریک اور معاملہ تقریباً صاف ہو چکا ہے اور اس کی بنیادی وجوہات حکومتی کارکردگی' توجہ' مدد اور نگرانی سے چشم پوشی کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ کپاس کی فصل بارے تحقیق کرنے والے زرعی تحقیقاتی ادارے نہ تو ترقی دادہ نئے بیج ایجاد کر سکے اور نہ ہی وائرس کا کوئی حل نکال سکے۔ ضرورت تھی کہ زرعی سائنسدان کم وقت میں تیار ہونے والی کپاس کی ورائٹیاں متعارف کراتے' زیادہ حدت برداشت کرنے والی کپاس کی شروعات کرتے اور کم پانی سے اُگنے والی فصل کا اہتمام کرتے' لیکن یہ خود غرض اور لالچی زرعی سائنسدان بچی کچی اور دوسرے ممالک سے چوری شدہ میٹریل سے تیار کردہ اپنی نام نہاد ورائٹیاں بلیک میں بیچ کر نوٹ کماتے رہے اور کپاس کی فصل کا دھڑن تختہ ہوگیا۔ سرکار کا کام تھا کہ زرعی سائنسدانوں کی کارکردگی کو مانیٹر کرتی 'ان کی تحقیق کے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے ان کے مستقبل کا تعین کرتی۔

کسٹم گودام میں آتشزدگی، گاڑیوں کا اتنا نقصان تو ایران جنگ سے نہیں ہوا ہوگا

عمر دین کھیتران ان لوگوں میں شامل تھے جنھوں نے بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے قریب ضلع مستونگ میں محکمہ کسٹمز کے ایک گودام میں لگنے والی آگ اور اس سے ہونے والی تباہی کو قریب سے دیکھا۔ عمر دین کے لیے لکپاس میں واقع گودام پر نقصان کی مالیت کے حوالے سے اندازہ لگانا مشکل تھا لیکن ان کا کہنا ہے کہ وہاں آگ سے 'بہت بڑی تباہی ہوئی ہے۔' اگرچہ تا حال محکمہ کسٹمز نے گودام میں موجود نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی تعداد کے بارے میں نہیں بتایا تاہم گاڑیوں کی حد تک عمر دین کا اندازہ تھا کہ وہاں آگ سے 200 سے زیادہ گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ 10 مئی کو گودام میں لگنے والی اس آگ کی بازگشت جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بھی سنائی دی جہاں اس حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی رحمت بلوچ کا کہنا تھا کہ جتنی بڑی تعداد میں گاڑیوں کو اس آگ سے نقصان پہنچا ہے شاید اتنا نقصان 'امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ سے گاڑیوں کا نہیں ہوا ہوگا۔' خیال رہے کہ گودام میں آگ لگنے کے واقعے سے قبل محکمہ کسٹمز کوئٹہ میں اندازاً 60 کروڑ روپے مالیت کی چاندی کو سیسے سے تبدیل کرنے کا سکینڈل بھی سامنے آیا تھا۔ محکمہ کسٹمز کے حکام کی جانب سے گودام میں آگ لگنے کے واقعے کا مقدمہ ضلع مستونگ میں دشت پولیس سٹیشن میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کرایا گیا ہے۔ سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے اس آگ کے حوالے سے رولنگ دیتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان کو اس سلسلے میں تحقیقات کے لیے کمیٹی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

کوئٹہ کراچی ہائی وے پر محکمہ کسٹمز کا چیک پوسٹ اور بڑا گودام موجود ہے جہاں مختلف کارروائیوں میں پکڑی جانے والی غیر ملکی اشیا اور نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو رکھا گیا تھا۔ آگ لگنے کے بعد عمر دین کھیتران فائر بریگیڈ کوئٹہ کے عملے کے ان لوگوں میں شامل تھے جو اطلاع ملنے کے بعد سب سے پہلے پہنچے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ وہ جب لکپاس پہنچے تو ہوا تیز ہونے کی وجہ سے نہ صرف آگ کی شدت بہت زیادہ تھی بلکہ یہ وسیع وعریض علاقے پر پھیلی ہوئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ حالات کا جائزہ لینے کے بعد مزید گاڑیاں منگوا کر آگ بجھانے کی کوششوں کا آغاز کر دیا گیا لیکن اس پر قابو پانے

میں بہت زیادہ وقت لگا۔ آگ بجھانے کی کارروائیوں میں بلوچستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے کے ادارے پی ڈی ایم اے کے 33 کارکنوں اور گاڑیوں نے بھی حصہ لیا۔ عمر دین کھیتران نے بتایا کہ گودام میں جہاں تیزی سے آگ پکڑنے والی اشیا موجود تھیں وہاں ایل پی جی کے ٹینکرز بھی تھے جن میں سے بعض کے پھٹنے سے دھماکے ہوئے۔

پی ڈی ایم اے کے ڈائریکٹر عطا اللہ مینگل نے بتایا کہ ایل پی جی ٹینکر کے پھٹنے سے 35 لوگ زخمی ہوئے جن میں سے 20 افراد کو 30 فیصد تک زخم آئے جبکہ سات کی حالت تشویشناک تھی۔

آگ کے بعد صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے جائے وقوعہ جانے والے کوئٹہ کے ایک سینئر سرکاری اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بی بی سی کو بتایا کہ محکمہ کسٹمز کی جانب سے جو ایف آئی آر درج کرائی گئی ہے اس کے مطابق اس گودام میں غیر ملکی سگریٹ، چھالیہ، ٹائر، کپڑے، گاڑیاں اور پٹرولیم مصنوعات وغیرہ موجود تھیں۔ عمر دین کھیتران نے بتایا کہ ان کے لیے نقصان کا تخمینہ لگانا ممکن نہیں لیکن 'وہاں میں نے بہت بڑی تباہی دیکھی۔' کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے سرکاری اہلکار نے بتایا اگرچہ واقعے کا مقدمہ درج کرایا گیا ہے لیکن اس میں نقصان کا تخمینہ نہیں بتایا گیا۔ ان کے بقول 'مقدمے میں محکمہ کسٹمز کی جانب سے یہ کہا گیا ہے کہ کولنگ کا عمل مکمل ہونے کے بعد نقصانات کا تخمینہ تفصیلی معائنہ اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے ذریعے طے کیا جائے گا۔' تاہم سرکاری اہلکار نے بتایا کہ انھوں نے وہاں جو مناظر دیکھے اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ نقصان اربوں روپے میں ہو سکتا ہے۔ جمعرات کو کسٹمز کے گوداموں میں آگ بھڑکنے کی بازگشت بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بھی سنائی دی۔ حزب اختلاف کی جماعت نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی رحمت بلوچ نے اس حوالے سے بحث کے دوران یہ دعویٰ کیا کہ آگ سے 15 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کسٹمز کے گودام میں آگ لگنے کے واقعے پر بحث کے دوران دو اراکین اسمبلی نے الزام عائد کیا کہ 'یہ آگ لگی نہیں ہے بلکہ لگائی گئی ہے۔' انھوں نے اسے سازش قرار دیتے ہوئے سپیکر سے اپیل کی کہ وہ اس سلسلے میں انکوائری کمیٹی بنائیں اور اس میں اسمبلی اور عدلیہ کو بھی شامل کیا جائے کیونکہ تاجروں کا بہت بڑا نقصان ہوا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام سے تعلق رکھنے والے حزب اختلاف کے رکن اصغر ترین نے الزام عائد کیا کہ گاڑیوں کی مبینہ چوری کے بعد گودام میں آگ لگا دی گئی۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت بلوچ نے بھی یہ کہا کہ ایک سازش کے تحت گودام میں آگ لگائی گئی۔ پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی کا کہنا تھا کہ چیف کلیکٹر کسٹمز کو اسمبلی میں طلب کر کے ان سے واقعے کے بارے میں بریفنگ لی جائے۔ تاہم سپیکر بلوچستان اسمبلی نے رولنگ دیتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان کو ہدایت کی کہ وہ اس سلسلے میں تحقیقاتی کمیٹی بنائیں جو 30 دنوں میں اپنی رپورٹ اسمبلی میں پیش کرے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رحمت بلوچ نے کہا کہ جلنے والا سامان اور گاڑیاں یہاں کے تاجروں کی تھیں۔ ان کے کیسز عدالتوں میں تھے جبکہ بعض کیسز میں عدالتوں سے تاجروں کے حق میں ریلیز آرڈر بھی ایشو ہوئے تھے لیکن ان کا سامان اور گاڑیاں اس آگ میں جل گئیں۔ انھوں نے مطالبہ کیا کہ آگ کی وجہ سے تاجروں کا جو نقصان ہوا ہے اس کا ازالہ کیا جائے۔ آگ سے قبل کسٹمز کوئٹہ میں ساڑھے چار سو کلوگرام چاندی کو غائب کرنے کا سکینڈل منظر عام پر آ گیا تھا۔ آگ لگنے کے اس واقعے سے قبل کوئٹہ میں محکمہ کسٹمز میں چاندی کے اینٹوں کو سیسے سے تبدیل کرنے کا اسکینڈل سامنے آیا تھا۔ محکمہ کسٹمز کے حکام کے مطابق بلوچستان میں گذشتہ چند ماہ کے دوران مختلف کارروائیوں کے دوران 688 کلوگرام چاندی پکڑی گئی تھی۔ اپریل کے مہینے میں جب پکڑی جانے والی چاندی کو پاکستان منٹ ہاؤس لاہور بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا تو کوئٹہ میں ان میں سے 450 کلوگرام چاندی کو سیسے سے تبدیل کیا گیا تھا۔ محکمہ کسٹمز کے حکام کے مطابق تبدیل کی جانے والی چاندی کی مالیت 60 کروڑ روپے کے لگ بھگ تھی۔ اس سکینڈل کے حوالے سے محکمہ کسٹمز کے دو افسروں کو گرفتار کرنے کے علاوہ دو افسروں سمیت 6 اہلکاروں کو معطل کیا گیا۔ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے سرکاری اہلکار نے بتایا کہ چونکہ گودام میں غیر ملکی قیمتی سامان موجود تھا اس لیے آگ کے بعد وہاں لوگوں کی ایک بڑی تعداد لوٹ مار کے لیے جمع ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ انھوں نے وہاں پر موجود کسٹمز اور پولیس کے اہلکاروں سے معلومات حاصل کی تو انھوں نے بتایا کہ وہاں لوٹ مار کے لیے جمع ہونے والے لوگوں کی تعداد پانچ چھ سو کے لگ بھگ تھی جن کو منتشر کرنے کے لیے پولیس اور دیگر اداروں کو کارروائی کرنی بھی پڑی۔ انھوں نے بتایا کہ آگ کے دوران ایل پی جی ٹینکر کے پھٹنے کی وجہ سے جو لوگ زخمی ہوئے تھے ان میں لوٹ مار کے لیے آنے والے لوگ بھی شامل تھے۔ انھوں نے کہا کہ کسٹمز حکام نے مقدمے کے اندراج کے لیے جو درخواست دی ہے اس میں بھی اس بات کا ذکر ہے کہ بعض نامعلوم افراد اور شرپسند عناصر موقع پر جمع ہو گئے اور سرکاری تحویل میں موجود سامان کو لوٹنے کی کوشش کے علاوہ امن و امان کی صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کی اور فائر فائٹنگ اور دیگر کارروائیوں میں رکاوٹ ڈالی۔ اس واقعے کے حوالے سے محکمہ کسٹمز کے حکام سے ان کا موقف جاننے کے لیے رابطے کی متعدد بار کوشش کی گئی اور ان کو میسج بھی بھیجا گیا لیکن انھوں نے نہ کال وصول کی اور نہ ہی میسج کا جواب دیا

بھارتی بنگال کے انتخابی نتائج، ایک تجزیہ

یہ شاید آج کچھ لوگوں کے لئے اچنبھے کی بات ہو کہ انڈین آئین کے خالق ڈاکٹر امبید کر 1946 کی برطانوی ہند کی دستور ساز اسمبلی (کونسل آف اسٹیٹس) میں مسلم لیگ کے نمائندے کے طور پر شامل ہوئے تھے کیوں کہ وہ بمبئی میں اپنی نشست کانگریسی امیدوار کے مقابلے میں ہار گئے تھے اور اس وجہ سے ہی جب پاکستان وجود میں آگیا اور ان کی نشست مشرقی بنگال سے تھی جو پاکستان بن گیا تھا تو ان کو دوبارہ سے کانگریس کی جانب سے منتخب کروانا پڑا تھا مگر آج بنگال کی صورت حال یہ ہے کہ وہاں کی تازہ تازہ کامیاب سیاسی جماعت بی جے پی میں ایک بھی رکن اسمبلی مسلمان نہیں ہے حالاں کہ مغربی بنگال کی آبادی میں سے پچیس فیصد مسلمان ہیں۔ انڈین بنگال یا مغربی بنگال کے

انتخابی نتائج کا ذکر اور اس کے اثرات کا مطالعہ کرنا اس سبب سے بھی ضروری ہے کہ آج بھی انڈیا میں پیش آئے واقعات کا پاکستان پر، اس کے عوام کی نفسیات پر اثر ضرور پڑتا ہے اور اگر مسلمانوں کی بات ہو تو اس کے اثرات مزید شدید ہو جاتے ہیں۔ دوئم یہ انسانی مسئلہ بھی ہے کیوں کہ انڈیا میں متنازعہ سٹیزن شپ ایکٹ کے وقت سے ہی یہ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اس سے سب سے زیادہ متاثر بنگال اور آسام ہوں گے اور تازہ ترین انتخابی نتائج کے بعد تو اس کا خوف بنگلہ دیش میں بہت بڑھ گیا ہے کہ لاکھوں افراد کو دھکیلنے کی کوشش کی جا سکتی ہے جو کہ بنگلہ دیش کی سیاست و معاشرت کے لئے بہت بڑا چیلنج ہوگا اور یہ روہنگیا کے مسئلہ سے بھی بڑا اور سر ثابت ہوگا۔ اصل مسئلہ سمجھنا یہ ہے کہ ایک ایسی جماعت جس کا پچیس فیصد آبادی سے کوئی امیدوار نہیں، وہ علانیہ مذہبی تعصبات رکھتی ہے آخر کیسے پہلی بار کامیاب ہوگئی؟ 1947 کے بعد مغربی بنگالی مسلمانوں کے مسائل میں سر فہرست خوف کی سیاست تھی، ہندو اکثریتی ریاست کا خوف، اپنی بقا کے لئے اور حب الوطنی ثابت کرنے کے لئے کانگریس سے بہتر ان کے پاس کوئی انتخاب نہیں تھا۔ لہذا وہ کانگریسی جھنڈا تھام کر انتخابات میں حصہ لیتے رہے مگر ان کو جلد ہی احساس ہو گیا تھا کہ ان کے پاس اس جھنڈے کا بس ڈنڈا ہی ہے جو کہ ان پر ہی چلتا ہے مگر 1977 تک کوئی دوسرا آپشن نہ ہونے کے سبب سے وہ کانگریسی ہی رہے مگر اس دوران کانگریس نے ان کے مسائل کو حل کرنے یا اپنے ساتھ جوڑے رکھنے کے لئے کوئی عملی اقدام نہ کیا۔ پھر 1977 میں وہ لیفٹ کی سیاست سے وابستہ ہو گئے مگر سچر کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق ان کے حصے میں بس نعرہ بازی ہی آئی اور پچیس فیصد رکھنے والے لوگ سرکاری ملازمتوں میں بس تین فیصد سے کچھ زیادہ نمائندگی رکھتے ہیں۔ اس صورت حال نے 2011 میں ترنمول کانگریس کو امیدوں کا مرکز بنا دیا مگر گزشتہ پندرہ سالوں میں ترنمول کانگریس نے بھی سوائے ڈر کی بنیاد پر ووٹ لینے کے اور مسلمانوں کے لئے اور کچھ نہیں کیا لہذا مسلمانوں کے پاس ان سے جڑے رہنے کا جواز ختم ہوتا چلا گیا۔ خیال رہے کہ ایسا نہیں ہے کہ مسلمان بالکل ہی ترنمول کانگریس سے جدا ہو گئے مگر ان کے انتہائی قابل لحاظ حصے نے ضرور وابستگی ترک کر دی۔ مغربی بنگال میں اس صورت حال کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنے والوں میں انڈین نیشنل کانگریس سرفہرست ہے۔ شاید یہ کچھ لوگوں کے لئے حیرت کی بات ہو مگر حقیقت یہ ہی ہے کہ کانگریس کی حکمت عملی یہ ہی تھی کہ وہ کسی طرح سے ترنمول کانگریس کی جگہ بی جے پی کو کامیاب کرا دے تاکہ ترنمول کانگریس کے زوال پذیر ہونے سے کانگریس کو دوبارہ ادھر قدم جمانے کا موقع میسر آ جائے اور اس مقصد کو حاصل کرنے کی غرض سے کانگریس نے کم وبیش ہر حلقے میں امیدوار میدان میں اتار دیے۔ اس کے ساتھ ساتھ مسلمانوں میں کچھ ناعاقبت اندیش سیاست دانوں نے بھی خالص مذہب کی بنیاد پر انتخابی مہم چلائی جیسا کہ اسدالدین اویسی، ہمایوں کبیر وغیرہ نے اور اس طرح سے وہ مسلمان ووٹوں میں تقسیم کا باعث بنے جبکہ ہندو ووٹرز کو ایک جھنڈے کے تحت بھی کرنے کا بی جے پی کا پروپیگنڈا موثر کروا دیا اس سبب سے ہی ایسے ستائیس حلقوں میں بھی بی جے پی جیت گئی کہ جہاں پر مسلمان ووٹرز کی تعداد تیس فیصد سے زائد تھی۔ مثال کے طور پر بیلڈانگا میں مسلم ووٹرز تریسٹھ فیصد ہیں، ماضی میں بی جے پی کو وہاں سے اٹھائیس فیصد ووٹ ملے تھے جو کہ اب بتیس فیصد ہو گئے مگر ماضی میں ترنمول کانگریس کو وہاں سے پچپن فیصد مگر اب چھبیس فیصد ووٹ ملے ہمایوں کبیر کی عام جنتا انیان پارٹی کو بیس فیصد جبکہ کانگریس ستائیس فیصد ووٹ حاصل کر سکی۔ اسی طرح سے جنگی پور جہاں مسلمان چھپن فیصد ہیں وہاں گزشتہ انتخابات میں بی جے پی کو بائیس فیصد مگر اب بیالیس فیصد ووٹ ملے ترنمول کانگریس جسے گزشتہ بار اڑسٹھ فیصد ووٹ ملے تھے اس بار سینتیس فیصد پر آ گئی اور کانگریس نے کوئی پندرہ فیصد ووٹ حاصل کیے، کانڈی میں مسلمان اکیاون فیصد ہیں وہاں پر بی جے پی نے چھتیس فیصد ترنمول کانگریس نے اکتیس فیصد، کانگریس پندرہ فیصد اور اسدالدین اویسی کی اے آئی ایم آئی ایم نے کوئی ساڑھے گیارہ فیصد ووٹ حاصل کیے۔ باقی حلقوں کی کہانی بھی کچھ اسی طرح کی ہیں۔ خیال رہے کہ ان انتخابات میں ٹرن آؤٹ کوئی بانوے فیصد رہا جو آزادی کے بعد کسی بھی مغربی بنگال کے انتخابات میں سب سے زیادہ ہے۔

منشیات فروشی کی ملزمہ کی عدالت میں پیشی

منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف قتل کے مقدمے میں عدالت نے ان کے جسمانی ریمانڈ میں دو دن کی توسیع کر دی ہے۔ سنیچر کے روز انمول عرف پنکی کو کراچی کے جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں قتل کے مقدمے میں جب ریمانڈ کے لیے پیش کیا گیا تو انھوں نے الزام عائد کیا کہ ان پر تشدد کیا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ لیاری میں بغدادی پولیس نے

ایک نامعلوم نوجوان کی لاش ملنے کے بعد ملزمہ کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ اس کیس کے مدعی محمد شیروز کا کہنا ہے کہ وہ سات مئی کو موٹر سائیکل پر حاجی پیر محمد روڈ سے گزر رہے تھے کہ وشو سکول کے قریب انھوں نے دیکھا کہ لوگوں کا ہجوم، چھیپا ایمبولینس اور پولیس موجود ہے۔ ایف آئی آر میں کہا گیا ہے کہ فٹ پاتھ پر ایک 25 سے 30 سالہ نوجوان کی لاش پڑی تھی جس نے رنگین شرٹ اور چیک والا ٹراؤزر پہن رکھا تھا جسے مدعی نے چھیپا ڈرائیور کی مدد سے ایمبولینس میں رکھا اور اسے بغدادی تھانے منتقل کیا گیا۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ لاش کی جامہ تلاشی کے دوران اے ایس آئی محمد زاہد کو مقتول کی پتلون کی دائیں جیب سے ایک چھوٹی سنہری ڈبیہ ملی جس پر درج تھا 'کوئین میڈم پنکی ڈان، نام ہی کافی ہے، انجوائے۔' درخواست گزار کے مطابق اس ڈبیہ پر دل کے نشان بنے ہوئے تھے اور اس میں نشہ آور چیز موجود تھی۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ مقامی طور پر معلومات کرنے پر مدعی کو پتہ چلا کہ انمول عرف پنکی نامی خاتون اس علاقے میں یہ نشہ فروخت کرتی ہے۔ مدعی محمد شیروز کے بیان کی روشنی میں پولیس نے موقف اختیار کیا کہ متوفی کی موت انمول عرف پنکی کی جانب سے فراہم کردہ نشہ آور چیز کے باعث ہوئی۔ ملزمہ انمول عرف پنکی کو پولیس کے ساتھ جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں پیش کیا گیا تو ان کے اوپر دوپٹہ ڈالا ہوا تھا۔ اس دوران وہ بار بار کہتی رہیں کہ 'اس کو ہٹائیں، دم گھٹ رہا ہے' تاہم پولیس اہلکار دوبارہ ان پر دوپٹہ ڈال دیتی تھیں۔ پیشی کے دوران ملزمہ نے مجسٹریٹ کو بتایا کہ انھیں 22 دن سے حراست میں رکھا گیا ہے۔ ملزمہ کے مطابق انھیں وین کے ذریعے لاہور سے کراچی منتقل کیا گیا اور اس دوران ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر ان سے بھی کہاں، تو بھی کہاں لے کر جایا جا رہا ہے۔ انھوں نے عدالت میں یہ بھی دعویٰ کیا کہ انھیں تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ملزمہ انمول نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ یہ سب کچھ ان کا سابقہ شوہر کروا رہا ہے۔ اس پر عدالت نے استفسار کیا کہ وہ یہ سب کیوں کروا رہا ہے تو انمول نے جواب دیا کہ انھوں نے تین ماہ پہلے اپنے شوہر کو چھوڑ دیا۔ اس دوران تفتیشی افسر مقبول مہر نے عدالت کو بتایا کہ ملزمہ کے پہلے شوہر نے انھیں 14 سال پہلے چھوڑا تھا اور اس کے بعد ملزمہ نے لاہور کے ایک سابق ڈی ایس پی سے بھی شادی کی تھی۔ انمول کے وائس نوٹس لیک ہونے سے متعلق تفتیشی افسر کا کہنا تھا وہ وائس میسجز پولیس نے نہیں بلکہ انمول کے کلائنٹس نے لیک کیے ہیں۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ اب تک سات لوگوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے اور ملزمہ کی نشاندہی پر ریکوری ہو رہی ہے تاہم وہ ٹال مٹول سے کام لے رہی ہیں، اس لیے مزید ریمانڈ دیا جائے۔

مقبول مہر نے دعویٰ کیا کہ تفتیش کاروں کو ملزمہ کے موبائل سے منشیات بنانے کی ویڈیوز ملی ہیں۔ تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ ملزمہ نے منشیات کا اپنا برانڈ بنایا ہوا ہے، جس کی ڈبیاں ملی ہیں۔ اس کے جواب میں ملزمہ کے وکیل نے اپنی موکلہ کے خلاف سارے کیسز کو جعلی قرار دیتے ہوئے عدالت سے انمول کو عدالتی ریمانڈ پر بھیجنے کی استدعا کی۔ ملزمہ کے وکیل نے عدالت سے کہا کہ قتل کے کیس کی تاریخوں میں تضاد ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ یہ مقدمہ بدنیتی پر مبنی ہے کیونکہ ملزمہ لاہور میں تھی۔ انمول عرف پنکی کے وکیل میر ہدایت اللہ کا کہنا ہے کہ تفتیشی افسر کے بقول ان کی موکلہ اتنے عرصے سے کام کر رہی ہیں لیکن اگر ایسا ہے اور تفتیش کاروں کے پاس ہر چیز ہے تو پھر گرفتار کیوں نہیں کیا گیا۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے بتایا کہ ان کی موکلہ کو لاہور سے لایا گیا اور یہاں جھوٹے کیس میں ملوث کیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق ملزمہ سے کوئی منشیات نہیں ملی اور جو ویڈیو منظر عام پر آئی، اس میں پولیس نے آنکھوں پر پٹی باندھی ہوئی تھی۔ انھوں نے مزید دعویٰ کیا کہ ان کی موکلہ زیر حراست تھیں جب انھیں ایک گھر میں لے جا کر ان کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کی گئی۔ ان کے مطابق ان کی موکلہ بیس سال سے کراچی میں نہیں۔ میر ہدایت اللہ کا دعویٰ ہے کہ ملزمہ اور ان کے خاندان کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ملزمہ کے وکیل کے مطابق انمول نے پولیس کے ان الزامات کو بھی مسترد کیا کہ ان کا تعلق کسی انٹرنیشنل گینگ سے ہے۔ وکیل ہدایت اللہ کا دعویٰ ہے کہ ملزمہ نے کسی کا نام نہیں لیا لیکن انھیں کہا جا رہا ہے کہ 'آپ بس گالہ کا نام لو اور جن لوگوں کے نام ہم آپ کو بتاتے ہیں،

امریکہ کے لیے دوٹوک پیغام

صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین کا دو روزہ دورہ کر کے واشنگٹن واپس روانہ ہو گئے ہیں۔ اس دورے کے بارے میں متعدد اندازے قائم کیے جا رہے تھے تاہم دونوں ملکوں کے سربراہان کی ملاقات کے بعد کوئی مشترکہ اعلامیہ سامنے نہیں آیا۔ اس کی بجائے امریکہ اور چین نے اپنے اپنے طور پر بات چیت کے بارے میں میڈیا کو معلومات فراہم کی ہیں۔ اس ملاقات کو دو حوالوں سے اہم سمجھا جا رہا تھا۔ ایک تو ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے متعدد ممالک پر بھاری ٹیرف لگانے کا سلسلہ شروع کیا تھا جس کے ذریعے وہ تجارتی خسارہ کنٹرول کرنے اور امریکہ کے قومی خزانے کی آمدنی میں اضافے کے خواہش مند تھے۔ تاہم چین نے ٹرمپ کے سامنے ہتھیار ڈالنے کی بجائے ٹیرف کا جواب امریکی مصنوعات پر جوابی ٹیرف عائد کر کے دیا۔ ایک وقت میں دونوں ملکوں کے درمیان تناؤ کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی اور قیاس کیا جا رہا تھا کہ دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے درمیان تصادم کی وجہ سے عالمی معاشی صورت حال متاثر ہوگی۔ تاہم دونوں ملکوں نے باہمی افہام و تفہیم سے اس معاملہ کو سنبھال لیا تھا۔ اس دورہ میں توقع کی جا رہی تھی کہ اس معاملہ پر امریکہ اور چین کسی بہتر مفاہمت تک پہنچ سکیں گے۔ تاہم اس دورے کے حوالے سے سب سے اہم معاملہ ایران جنگ بھی جا رہی تھی۔ امریکہ نے اسرائیل کے ساتھ مل کر 28 فروری کو ایران پر بمباری شروع کی تھی اور شدید تباہی پھیلائی تھی۔ اس کے جواب میں ایک تو ایران نے مشرق وسطی میں امریکی حلیف ممالک کو نشانہ بنایا لیکن سب سے بڑھ کر پاسداران انقلاب کی بحری فورس نے آبنائے ہرمز کو بند کر دیا۔ یہ آبی گزرگاہ عرب ممالک کے تیل کی برآمد میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اس راستے کے بند ہونے سے تیل کی ترسیل متاثر ہوئی جس کے اثرات پوری دنیا کی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ ٹرمپ یہ دعوے کرنے کے باوجود کہ ایرانی بحریہ کو تباہ کر دیا گیا، آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک بحال کرانے میں



کامیاب نہیں ہو سکے۔ لہذا اپریل کے شروع میں اسلام آباد میں ایران کے ساتھ براہ راست مذاکرات کی ناکامی کے بعد سے امریکہ نے بھی ایران کا بلاکیڈ شروع کر دیا۔ اس حکمت عملی سے ٹرمپ حکومت ایران کی معاشی شہ رگ دبا کر اسے کسی معاہدے پر مجبور کرنا چاہتی تھی۔ ڈونلڈ ٹرمپ کسی بھی طرح چین جانے سے پہلے ایران کے ساتھ حتمی جنگ بندی کا معاہدہ طے کرنا چاہتے تھے لیکن ایران نے آبنائے ہرمز کا ہتھکنڈا استعمال کرتے ہوئے امریکہ کو اس تنازعہ سے نکلنے کا کوئی مناسب راستہ دینے سے انکار کیا ہوا ہے۔ چین نے ایران میں بھاری سرمایہ کاری کی ہے اور وہ ایرانی تیل کا سب سے بڑا خریدار بھی ہے۔ اس لیے مبصرین یہ اندازے قائم کر رہے تھے کہ دونوں سربراہوں کی ملاقات میں ایران جنگ کے بارے میں کوئی اتفاق رائے پیدا ہو سکے گا۔ امریکہ کو توقع تھی کہ چینی صدر شی جن پنگ ایران پر دباؤ ڈال کر اسے کسی معاہدے پر آمادہ کرنے میں معاونت کریں گے۔ ٹرمپ کے دورہ کے دوران ایران تنازعہ پر بات چیت کے باوجود بیجنگ نے کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا ہے، جس سے یہ ظاہر ہو سکے کہ وہ ایران کو کسی بھی قیمت پر امریکہ کے ساتھ معاہدہ کرنے پر آمادہ کرے گا۔ اگرچہ چینی صدر نے جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کھولنے، ایران کو جنگ کے دوران ہتھیار فراہم نہ کرنے اور اس اصول پر اتفاق کیا کہ ایران مستقبل میں جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا۔ تاہم یہ ساری معلومات امریکی صدر اور سرکاری ذرائع سے سامنے آئی ہیں۔ چین نے ان کی تصدیق یا تائید میں کوئی بیان جاری نہیں کیا۔ البتہ اس کی طرف سے امریکہ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات کی تردید بھی نہیں کی گئی۔

اس سربراہی ملاقات کے بعد یہ کہنا تو مشکل ہے کہ ایران جنگ کا خاتمہ ہو جائے گا لیکن یہ اشارے بہر حال موجود ہیں کہ چین اس تنازعہ کو ختم کرانے میں دلچسپی رکھتا ہے اور ایک خاص حد تک اپنا اثر و رسوخ بھی استعمال کر رہا ہے۔ اس میں سے ایک پہلو تو پاکستان کی سفارتی مصالحتی کوششوں کی حوصلہ افزائی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ایران کو امن قائم کرنے اور آبنائے ہرمز کھولنے کا پیغام دیا جا رہا ہے۔ اس پس منظر میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے نئی دہلی میں برکس وزرائے خارجہ کے اجلاس میں شرکت کے بعد بتایا کہ پاکستان کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران اگرچہ امریکہ پر اعتماد نہیں کرتا لیکن اگر معقول رویہ اختیار کیا جائے تو تہران سفارتی طریقے سے کسی مصالحت پر تیار ہے۔ انہوں نے یہ وعدہ بھی دہرایا کہ ایران جوہری ہتھیار بنانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔ موجودہ تنازعہ میں ایسا کوئی وعدہ بنیادی اہمیت کا حامل ہو سکتا ہے۔ اگرچہ امریکہ اب بھی ایک تو ایران کی جوہری سہولتوں پر دس بیس سال کی پابندی لگانے کی بات کرتا ہے، دوسرے افزودہ یورینیم کے بارے میں بھی وہ واضح معاہدہ چاہتا ہے۔ جبکہ ایران فی الوقت مستقل جنگ بندی کے بدلے آبنائے ہرمز کھولنے پر اتفاق کرنے کی بات کر رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کے دورہ چین کے بعد آئندہ چند دنوں میں واضح ہو سکے گا کہ بیجنگ تہران کو کیا پیغام بھیجتا ہے اور ایرانی قیادت اس پر کیا رد عمل ظاہر کرتی ہے۔ بصورت دیگر صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر جنگ میں شدت پیدا کرنے کی بات تو کی ہے۔ تاہم اس دورہ کے دوران چین کے صدر شی جن پنگ نے دو ایسی باتیں کی ہیں جنہیں پہلے اتنی صراحت سے بیان نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے صدر ٹرمپ سے کہا کہ امریکہ کو تائیوان کے سوال پر معقول رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ کوئی غیر ذمہ دارانہ رویہ دونوں ملکوں کے درمیان تنازعہ بلکہ تصادم کا سبب بن سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اس معاملے پر صحافیوں کے سوالوں کا جواب نہیں دیا لیکن صدر شی جن پنگ کا یہ پیغام بہت صاف اور دوٹوک تھا کہ 'تائیوان کی خود مختاری اور امن ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے'۔ امریکہ کی طرف سے اگرچہ تائیوان کی خود مختاری کے اصول سے پیچھے ہٹنے کا کوئی اشارہ نہیں دیا گیا لیکن ٹرمپ نے تائیوان کو اسلحہ فراہم کرنے کے سوال پر صاف جواب دینے سے گریز کیا ہے۔ اس کے علاوہ صدر شی جن پنگ کے واضح پیغام پر خاموشی اختیار کر کے امریکہ نے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ چین اب عسکری لحاظ سے اتنا طاقت ور ہے کہ اسے دھمکانے اور دباؤ میں لانے کا کوئی طریقہ کامیاب نہیں ہوگا۔ اسی کے ساتھ صدر شی جن پنگ نے چین کو امریکہ کے مد مقابل برابر کی عالمی طاقت کے طور پر پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دو بڑے اور ذمہ دار ممالک کے طور پر دنیا کے امن کو یقینی بنانا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ان کا پیغام تھا کہ امریکہ کو چین کے ساتھ تعاون اور اشتراک کا راستہ اختیار کرنا چاہیے کیوں کہ تصادم سے کسی کا فائدہ نہیں ہوگا۔

رومان، حقیقت پسندی اور اقبال شناسی

حقیقت پسندی اچھی چیز ہے مگر اتنی اچھی بھی نہیں کہ خواب اور رومان زندگی سے نکل جائیں۔ آدمی اتنا بدذوق ہو جائے کہ شاعری کو فقہ کے پیمانے سے ناپنے لگے۔

مجھ پر اللہ تعالیٰ کے بڑے احسانات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس نے مجھے استاذ گرامی جاوید احمد غامدی صاحب کے دروازے تک پہنچا دیا۔ بقدر ظرف ان سے معارف سیکھے اور آداب بھی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ دین کی حقیقت جانی۔ یہ جانا کہ قرآن مجید کو کیسے سمجھنا چاہیے۔ راویوں نے رسالت مآب سے جو باتیں منسوب کیں ان کی حقیقت تک کیسے پہنچا جائے۔ ہماری علمی روایت نے جن علوم کی صورت میں ظہور کیا ان کا مقام و مرتبہ کیا ہے۔ فقہ، کلام اور تصوف کے باب میں ہونے والے مباحث کو سمجھنے کا قرینہ کیا ہے۔ روایت سے تعلق کیوں ضروری ہے اور جدید ہونے کا مفہوم کیا ہے۔ ان سوالات کے جواب اسی بارگاہ علم سے ملے اور تادم تحریر ان پر علی الجملہ اطمینان ہے۔ اس نظام فکر کی تفہیم میں شاہ کلید کی حیثیت ایک لفظ کو حاصل ہے۔ وہ ہے: خوش ذوقی۔ آدمی خوش ذوق نہ ہو تو قرآن مجید کے مفاہیم تک اس کی رسائی ہو سکتی ہے اور نہ وہ نبی کریم کے ارشادات کی حکمت کو جان سکتا ہے۔ اگر وہ عہد جاہلیت کی شاعرانہ روایت تک رسائی نہیں رکھتا تو اس پر کبھی یہ حقیقت منکشف نہیں ہو سکتی کہ قرآن مجید کس درجے کا ادب ہے۔ وہ اس راز سے بھی واقف نہیں ہو سکتا کہ قرآن مجید کیسے زبان و بیان کا معجزہ ہے۔ وہ اسالیب کلام کے تنوع کو نہیں جان پاتا اور یہ بدذوقی فہم قرآن میں سب سے بڑا مانع ہے۔ قرآن ایک اسلوب کو رفع الزام کے لیے استعمال کرتا ہے اور اہل تفسیر اسے الزام کے معنی میں لے لیتے ہیں۔ "تدبر قرآن" اور "البیان" اس کی مثالوں سے مملو ہیں۔ فہم قرآن کے باب میں فراہی دبستان کا سب سے قابل قدر اضافہ یہی ہے کہ اس نے لوگوں میں خوش ذوقی پیدا کی۔ انہوں

نے سیدنا عمر کے اس قول کی عملی شرح ہمارے سامنے رکھی کہ عہد جاہلیت کے اشعار یاد کرو کہ اس میں تمہاری کتاب کی تفسیر اور کلام کے معانی ہیں۔ یہی معاملہ ارشادات پیغمبر کا ہے۔ نبی نے بھی کوئی بات آداب کے دائرے میں بیان کی اور لوگوں نے اسے احکام کے معنی میں لیا۔ کسی چیز کو تہذیب کے باب میں واضح کیا اور فقہا نے اسے حلال وحرام کا ماخذ مان لیا۔ کوئی بات آپ نے نصیحتاً ارشاد فرمائی اور اسے واجب الاطاعت حکم کا درجہ دے دیا گیا۔ غامدی صاحب کی 'علم النبی' میں اس کے بے شمار شواہد جمع کر دیے گئے ہیں۔ مولانا مودودی نے کہیں یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ جو آدمی مسلسل احادیث اور سیرت کا مطالعہ کرتا ہے وہ مزاج شناس پیغمبر ہو جاتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ عرب کی سب سے فصیح ہستی جب کلام کرتی ہے تو اس کا معیار کیا ہوتا ہے۔ جملہ خود بول اٹھتا ہے کہ وہ زبان پیغمبر سے صادر ہوا ہے یا نہیں۔ مکتب فراہی نے اس خوش ذوقی کو فہم دین میں اصل الاصول بنا دیا۔ جو اس راز کو پا لیتا ہے اسے یہ جاننے میں دقت نہیں ہوتی کہ قرآن ہو یا حدیث' کہاں الفاظ ظاہری مفہوم پر دلالت کر رہے ہیں اور کہاں مجازی معنوں میں ہیں۔ کہاں گریز ہے اور کہاں براہ راست کلام کیا جا رہا ہے۔ یہ کہنے کی حاجت نہیں کہ یہ انسانی کاوش ہے جس میں غلطی کا پورا امکان ہے۔ یہاں صرف یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ کلام کی تفہیم کے لیے خوش ذوقی کیوں لازم ہے۔ میں نے جاوید صاحب کا جو مضمون سب سے پہلے پڑھا اور پھر ان کا اسیر ہو گیا وہ 'دبستان شبلی' کے عنوان سے ان کی کتاب 'مقامات' کا حصہ ہے۔ یہ سراپا ادب ہے۔ یہ پڑھنے والے پر ایک رومان کا دروازہ کھولتا ہے۔ میں اسی باب سے اس شہر علم میں داخل ہوا۔ اس مضمون سے متاثر ہو کر میں نے اسی عنوان سے ایک مضمون لکھا جو غالباً 1989ء میں 'اشراق' میں شائع ہوا۔ پھر جاوید صاحب سے علامہ اقبال کے کمال فن کی نمائندہ کتاب 'جاوید نامہ' بھی سبقاً سبقاً پڑھی۔ اس سے اقبال کی عظمت اور علم کا جو نقش قائم ہوا وہ ابھی تک سلامت ہے۔ معلوم ہوا اقبال محض شاعر نہیں ہیں۔ وہ شاعری کی زبان میں زندگی کے بڑے حقائق سے متعارف کراتے ہیں۔ حقائق کو ادب کی زبان میں شاید ہی کسی نے اس کامیابی کے ساتھ بیان کیا ہو۔

بڑے آدمی کا ایک نظام فکر ہوتا ہے۔ بلاتشبیہ عرض ہے کہ جس طرح دین کا عمومی تصور سامنے نہ ہو تو یہ طے کرنا مشکل ہے کہ قرآن وسنت میں کون سی بات احکام کے باب میں کہی گئی ہے' کہاں تہذیب کے دائرے میں کلام کیا جا رہا ہے' کہاں محض نصیحت کرنا مطلوب ہے اسی طرح اگر آپ اقبال کے مجموعی نظام فکر سے واقف نہیں ہیں تو آپ نہیں جان سکتے کہ کہاں وہ کمزور کی ہمت بندھا رہے ہیں' کہاں تقلید کے خوگر میں ذوق تحقیق پیدا کر رہے ہیں' کہاں تہذیبی احساس کمتری کے مریض کو پیغام شفا دے رہے ہیں' کہاں غلام کو انسانی تاریخ کے عروج و زوال کی داستان سنا کر اس کو جدوجہد پر آمادہ کر رہے ہیں اور کہاں عظمت رفتہ کی تلاش میں سرگرداں اپنی قوم کو نئے راستوں کی ضرورت اور اس کی مشکلات سے آگاہ کر رہے ہیں۔ ان سب سے ناواقفیت ان کے کلام کی تفہیم میں حجاب بن جاتی ہے۔ ایک بار پھر بلاتشبیہ عرض ہے کہ آپ پھر اقبال کے اشعار سے وہی سلوک کرتے ہیں جو ہمارے اہل تفسیر نے قرآن مجید سے کیا ہے۔ پھر وہ رفع الزام کو الزام کے معانی میں لے کر اس کو حسب ذوق معانی پہناتا ہے۔ پھر وہ شاعری سے عملی حکمت عملی کے اصول کشید کرتا اور استہزا کرتا ہے کہ دیکھو اقبال نے کیسے بچوں والی بات کر دی۔ دیکھیے اقبال نے کس خوش ذوقی سے اس علمی کوتاہ قامتی کو بیان کیا ہے:

تری نگاہ فرومایہ، ہاتھ ہے کوتاہ
ترا گنہ کہ نخیل بلند کا ہے گناہ

دینی علم سے واجبی سا تعلق رکھنے والا بھی جانتا ہے کہ اقبال دین کا ماخذ نہیں ہیں۔ دین کا واحد ماخذ اللہ کے آخری رسول سیدنا محمد کی ہستی ہے۔ ان کا دیا ہوا دین قرآن وسنت کی صورت میں ہمارے پاس محفوظ ہے۔ اب اقبال ہوں یا ابوحنیفہ' دین کے باب میں ان کے کلام کو اسی کسوٹی پر پرکھا جائے گا۔ تفہیم کے عمل میں مگر یہ سمجھنا ہوگا کہ ابوحنیفہ فقیہ ہیں اور اقبال شاعر و مفکر۔ دونوں کے فرمودات کو ایک پیمانے پر نہیں پرکھا جائے گا۔ اس فرق کو سمجھنے کے لیے خوش ذوق ہونا لازم ہے۔ فراہی دبستان کا بڑا احسان یہی ہے کہ اس نے اس بات کی اہمیت کو واضح کیا۔ یہ اسی کی فرع ہے کہ فہم دین ہی نہیں فہم اقبال کے لیے بھی خوش ذوقی لازم ہے۔ مجھ پر جاوید صاحب کا احسان ہے کہ انہوں نے میرے لیے اس بات کی تفہیم کو آسان کر دیا۔ اب مجھے دین کی باتوں کو سمجھنے میں کوئی دقت پیش آتی ہے نہ اقبال کے کلام کی تفہیم میرے لیے مشکل ہوتی ہے۔ مجھے یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ رومان اور حقیقت پسندی میں تصادم نہیں اگر دونوں کو اپنے اپنے مقام پر رکھا جائے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔اوورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اعلان لاتعلقی
ہم تین بھائی 1۔محمد عمران 2۔عبدالمنان 3۔محمد ذیشان پسران صادق الرحمٰن (مرحوم) اپنے حقیقی بھائی محمد کامران ولد صادق الرحمٰن (مرحوم) جس کو اس کا شرعی اور قانونی حصہ جائیداد سے مل چکا ہے اب ہم تینوں بھائی کا اپنے چوتھے بھائی محمد کامران سے کسی قسم کا کوئی تعلق یا واسطہ نہ ہوگا جو شخص یا ادارہ، دوکاندار اس سے لین دین کاروبار کرے گا وہ اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا
سندس ADVT ....

اعلان لاتعلقی
منکہ مسمی عبدالعلیم شیخ عرف علی حسن سکنہ نواں کلی زرغون آباد کوئٹہ یہ کہ میں اپنے سوتیلے بیٹے عمر فاروق ولد مشتاق حسین مرحوم سے بوجہ نشہ کرنا والدین سے لڑائی جھگڑا مار پیٹ گالم گلوچ کے اعلان لاتعلقی کرتا ہوں آج کے بعد جو شخص ادارہ دوکاندار اس سے لین دین کاروبار ادھار دے گا یا رشتہ داری کرے گا وہ اپنے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا المشتہر عبدالعلیم شیخ (عرف علی حسن)
سندس ADVT ....

اطلاع عام
ایک عدد کان رقبہ 354 مربع فٹ واقع مشن روڈ کوئٹہ انتقال نمبر 2128 جو اس وقت پامیر خان ولد اختر محمد کے نام سے سید احمد اللہ ولد سید زمان شاہ کے نام ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر تحصیل آفس سے رابطہ کریں یا
03003846028/03153846024
چلتن ADVT ....

بلوچستان پولیس کی قربانیاں اور عوام دوست طرز عمل

تحریر: ظفر درانی

سوشل میڈیا آج کے دور کی اہم ایجاد ہے اس پلیٹ فارم سے دنیا بھر کے لوگ اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں جہاں سوشل میڈیا کے بے شمار فوائد ہیں وہیں اس کے نقصانات سے بھی انکار ممکن نہیں ہے۔ جیسے جھوٹی خبریں اور افواہیں اس پلیٹ فارم سے بہت تیزی سے پھیلتی ہیں جو معاشرے میں بے چینی اور انتشار کا سبب بنتی ہیں۔ اگر چہ اچھے کردار کے بہترین مستند اور تجربہ کار صحافی بھی ہیں جو معاشرے میں کسی قسم کا بگاڑ پیدا کرنے سے گریز کرتے ہیں کیونکہ برسوں کی سخت محنت کے بعد ایک اچھا صحافی بنتا ہے جو کسی صورت بھی اپنا کردار مسخ نہیں کرنا چاہتا لیکن آج ایسے افراد سوشل میڈیا پر صحافی بنے پھرتے ہیں جنہیں صحافت کی الف ب کا علم بھی نہیں ہوتا۔ صرف موبائل فون اور کیمرہ اٹھایا اور کسی بھی جگہ جا کر کچھ بھی ریکارڈ کر کے اس پر اپنی بے مقصد رائے کا اظہار کرتے دیتے ہیں اسے ہرگز صحافت نہیں کہا جاسکتا۔ اب بلوچستان پولیس کی مثال لے لیں اس فورس کی قربانیاں اور قیام امن کے لئے موثر کردار کسی سے پوشیدہ نہیں مگر بعض عناصر سوشل میڈیا پر پولیس کے حوالے سے غلط اطلاعات پھیلاتے ہیں لمحہ فکریہ ہے پولیس کے کسی ایک یا چند جوانوں کی غلط حرکت کے باعث پورے محکمے میں موجود ہزاروں بے گناہ ملازمین اور اعلیٰ افسران بھی بلاوجہ تنقید کی زد میں آجاتے ہیں۔ ٹھیک ہے کہ بہتری اور اصلاح کی گنجائش ہر جگہ ہر وقت موجود رہتی ہے مگر بلوچستان کے پولیس تھانوں میں "اندھیر نگری چوپٹ راج" والا معاملہ نہیں ہے لوگوں کے مسائل بھی حل ہوتے ہیں ممکن ہے کہ بعض تھانے کسی وجہ سے لوگوں کے مسائل حل کرنے میں غفلت کا شکار ہوئے ہوں لیکن بات جب اعلیٰ افسران تک پہنچتی ہے تو وہ مسائل حل کردیتے ہیں۔

عزیزان من! جیسا کہ آپ اکثر سنتے ہیں کہ فلاں دفتر میں فلاں افسر اچھی شہرت کا حامل ہے اور لوگوں کے مسائل غور سے سننے کے بعد انہیں کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے بالکل اسی طرح راقم الحروف نے بھی پولیس کے ایک اعلیٰ افسر سے متعلق سنا تھا چنانچہ چند روز پہلے راقم الحروف بحیثیت ایک سینئر سٹیزن اپنا مسئلہ لے کر مذکورہ پولیس افسر کے دفتر پہنچ گیا لیکن مذکورہ افسر کی مصروفیت کے باعث راقم کو دو روز بعد ملاقات کا وقت دیا گیا دو روز بعد راقم الحروف اس اعلیٰ پولیس افسر ایس ایس پی دوستین دشتی کے دفتر میں پہنچا۔ وہ اپنے ماتحت افسران سے کسی مسئلے پر بات چیت کررہے تھے ان سے فارغ ہوئے تو مجھے اپنے پاس والی کرسی پر بیٹھنے کو کہا اور حال احوال کرنے لگا۔ راقم نے بتایا کہ اس کام کے سلسلے میں تھانہ بھی جاسکتا تھا لیکن براہ راست آپ کے دفتر چلا آیا چنانچہ ایس ایس پی دوستین دشتی کا کہنا تھا کہ آئی جی صاحب کی ہدایات پر تھانے میں اور یہاں بھی دیگر پولیس افسران عوام کی خدمت کے لئے بیٹھے ہیں آئی جی صاحب کی واضح ہدایات ہیں کہ عوام کے مسائل کے حل میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور جو فوری حل ہونے والے مسائل ہیں انہیں حل کیا جائے تاکہ سائل کو در بدر نہ ہونا پڑے۔ راقم نے اپنا مسئلہ بیان کیا اس دوران وہ اپنی نوٹ بک پر کچھ لکھتے رہے، نہایت تسلی سے مسئلہ سننے کے بعد راقم کو ایک درخواست لکھ کر لاتے اور ثبوت بھی منسلک کرنے کا کہا گیا بعد ازاں میرے پہلو میں بیٹھے ایس پی خلیل خان بگٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ سینئر سٹیزن ہیں اور بہت دور سے آئے ہیں ان سے آپ بھی تفصیلات نوٹ کرلیں اور کوشش کریں کہ ان کا مسئلہ حل ہوجائے۔ راقم نے دستاویزی ثبوتوں کے ساتھ ایس پی خلیل بگٹی کو تمام تفصیلات سے آگاہ کیا اس طرح پندرہ بیس منٹ کی ملاقات کے بعد راقم الحروف نے اجازت چاہی اور دفتر سے روانہ ہوگیا۔ ایک ہفتہ بعد جب راقم نے ایس پی صاحب سے رابطہ کیا تو انہوں نے راقم کو اگلے روز دفتر آنے کا کہا اگلے دن میں پہنچا تو دوسرا فریق بھی وہیں موجود تھا گفت وشنید کے بعد یہ مسئلہ حل ہوگیا اور میری دادرسی ہوئی۔ اس واقعے کو یہاں رقم کرنے کا مقصد ہرگز کسی کی چاپلوسی یا خوشامد نہیں بلکہ حقائق بیان کرنا ہے کہ ہر پولیس ملازم کو شک کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاسکتا اور نہ ہر کسی کو جھوٹا سمجھا جاسکتا ہے۔ لیکن ایک بات طے ہے کہ نام نہاد صحافیوں نے ہمیشہ کسی منظر کے ایک پہلو کو پیش کرکے اس سے متعلق منفی رجحانات کو جنم دیا ہے حالانکہ ایک منظر کے پس منظر سمیت اور بھی کوئی پہلو ہوتے ہیں تنقید برائے تنقید سے پہلے یہ بھی سوچنا چاہئے کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا اگر سیکورٹی کے اعتبار سے انتہائی حساس صوبہ ہے شہری علاقوں میں امن وامان برقرار رکھنے کے لئے پولیس اپنا بنیادی کردار ادا کررہی ہے دہشت گردی، جرائم اور جغرافیائی چیلنجز کے باوجود یہ فورس ہمیشہ پیش پیش رہی ہے گویا کہ بلوچستان پولیس نازک حالات میں بھی فرنٹ لائن فورس کے طور پر کام کررہی ہے گزشتہ دو دھائیوں کے دوران سینکڑوں پولیس اہلکار اور افسران شہید ہوچکے ہیں جو اس ادارے کی پیشہ ورانہ وابستگی اور قومی خدمت کی ایک اعلیٰ مثال ہے پولیس اہلکاران وافسران ٹارگٹ کلنگ خودکش حملوں اور بم دھماکوں میں اپنی قیمتی جانیں گنوا چکے ہیں جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بلوچستان پولیس نے صوبہ بھر میں امن کے قیام اور عوام کو بچانے کے لئے کتنی بھاری قیمت ادا کی ہے اگر مجموعی طور پر بلوچستان پولیس کے شہداء کی تعداد پر غور کیا جائے تو یہ تعداد ایک ہزار سے بھی زیادہ ہے کسی نے سوشل میڈیا پر بہت خوبصورت پوسٹ بھیجی تھی کہ" اس دنیا کی سب سے مہنگی اشیاء احساس ہے جو ہر کسی کے پاس نہیں ہوتا"۔ لہٰذا سوشل میڈیا پر جو بھی حضرات بلوچستان پولیس سے متعلق کوئی بھی پوسٹ بھیجتے ہیں تو اس میں تنقید برائے تنقید کی بجائے لوگوں میں پولیس سے متعلق عوام دوست پہلوؤں کو بھی اجاگر کرنا چاہئے تاکہ عوام میں بھی مثبت تاثر کو فروغ دیا جاسکے۔

کچلاک، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک اچکزئی سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ و دیگر ڈاکٹر عنایت اللہ غلزئی کی اہلیہ کی نماز میں شریک ہیں

گوادر م، بجلی نادہندگان کے خلاف کیسکو کا بڑا کریک ڈاؤن، متعدد کنکشنز منقطع
وفاقی وصوبائی محکموں کے علاوہ گھریلو اور کمرشل صارفین کے متعدد کنکشنز منقطع کیے گئے
مختلف اسکولوں نے واجبات کی مد میں مجموعی طور پر 2 لاکھ 45 ہزار 125 روپے جمع کرادیے

گوادر (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) مکران سرکل کی جانب سے مکران بھر میں سرکاری وفاقی وصوبائی اداروں، گھریلو، کمرشل اور ٹاپ 200 بجلی نادہندگان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، جن کے دوران لاکھوں روپے کی ریکوری کے ساتھ متعدد بجلی کنکشنز بھی منقطع کردیے گئے۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن مکران سرکل انجینئر سیف اللہ جاموٹ کی خصوصی ہدایات پر ایکسین آپریشن تربت و گوادر انجینئر آصف عزیز بگٹی اور انجینئر حسین بخش کی سربراہی میں ریکوری و ڈسکنکشن مہم تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں سب ڈویژنل افسران حبیب الرحمٰن، مہیم خان بلوچ، حسین بلوچ، فاضل فضل بلوچ اور نصیر احمد بلوچ کی نگرانی میں تربت، گوادر، پنجگور، پسنی، اورماڑہ، سربندر، جیوانی، پیشکان اور دیگر دیہی علاقوں میں نادہندگان کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔ کارروائیوں کے دوران سرکاری وفاقی وصوبائی محکموں کے علاوہ گھریلو اور کمرشل صارفین کے متعدد بجلی کنکشنز منقطع کیے گئے، جس کے نتیجے میں متعلقہ اداروں اور صارفین نے واجبات کی مد میں لاکھوں روپے جمع کرادیے۔ دوسری جانب آپریشن سب ڈویژن کیسکو پسنی کے مختلف گورنمنٹ ہائی اور پرائمری اسکولوں نے اپنے واجبات کی مد میں مجموعی طور پر 2 لاکھ 45 ہزار 125 روپے جمع کرادیے، جبکہ دیگر نادہندہ اداروں اور صارفین سے بھی ریکوری کا عمل جاری ہے۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال اوستہ محمد میں پولیو مہم اور آگاہی پروگرام کا انعقاد
ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے، والدین بچوں کو قطرے لازمی پلائیں

اوستہ محمد (یو این اے) تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال اوستہ محمد میں کومنیٹ پروجیکٹ (یونیسیف) اور ڈی ای او سی کی جانب سے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی معاونت سے پولیو آگاہی اور مہم کے افتتاحی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس کی سرپرستی سردار محمد بارون خان جمالی نے کی۔ پروگرام کا مقصد عوام میں پولیو کے خلاف شعور بیدار کرنا اور 18 سے 21 مئی 2026 تک چلنے والی انسداد پولیو مہم کے لیے عوامی حمایت حاصل کرنا تھا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری، ڈی ایچ او ڈاکٹر امیر علی جمالی، ڈی پی او ڈاکٹر خلیل احمد، ایم ایس ڈاکٹر عبدالجبار، ڈاکٹر احمدین، منصور حسین سمیت مقامی اثر و رسوخ رکھنے والی شخصیات، علمائے کرام، کونسلرز، زمینداروں اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پروگرام کے دوران شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ رواں سال پورے پاکستان میں صرف تین پولیو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، تاہم اوستہ محمد کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا ہے جو کہ تشویشناک ہے۔ سردار محمد بارون خان جمالی اور دیگر مقررین نے اپنے خطاب میں تاکید کی کہ وائرس کی موجودگی کے پیش نظر پیدائش سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچا کے دو قطرے پلانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے والدین اور عوام سے اپیل کی کہ وہ مہم کے دوران پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔

خضدار، جی او سی 33 ڈویژن میجر جنرل شہریار حفیظ منیر دورہ بی آر سی کے موقع پر طلباء اور اسٹاف سے خطاب کررہے ہیں

میجر جنرل شہریار منیر حفیظ کا ریزیڈنشل کالج خضدار اور پبلک لائبریری کا معائنہ
بلوچستان کا مستقبل نوجوانوں کے ہاتھوں میں، پاک فوج تعلیم کے فروغ کیلئے تعاون جاری رکھے گی، شہریار منیر
جی او سی کی پرنسپل سے ملاقات اور کالج کے تدریسی وانتظامی امور، طلباء کی سہولیات اور درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی

خضدار (بیورو رپورٹ) جی او سی 33 ڈویژن میجر جنرل شہر یار منیر حفیظ خضدار میں بلوچستان ریزیڈنشل کالج خضدار اور کیپٹن (ر) محمد عاشق عثمان پبلک لائبریری خضدار کا معائنہ کیا یہ دونوں منصوبے پی ایس ڈی پی فیز-1 کے تحت تعمیر و بحالی کے بعد عوام کے لیے فعال کیے گئے ہیں دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کمانڈنٹ ایف سی قلات اسکاؤٹس کرنل عرفان بخش ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات انجینئر سلیم رزاق عمرانی سمیت اسٹاف افسران اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی ہمراہ تھے جی او سی 33 ڈویژن میجر جنرل شہریار منیر حفیظ نے سب سے پہلے بی آر سی خضدار پہنچ کر پرنسپل سے ملاقات کی اور کالج کے تدریسی وانتظامی امور، طلباء کی سہولیات اور درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران اساتذہ نے درسی سرگرمیوں اور وسائل سے متعلق اپنے نکات پیش کیے اس کے بعد جی او سی نے طلباء سے براہ راست مکالمہ کیا ان کے تعلیمی اہداف کیریئر پلاننگ اور درپیش چیلنجز کے بارے میں آگاہی حاصل کی انہوں نے طلباء کی محنت اور جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل انہی نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہے اور پاک فوج تعلیمی فروغ کے لیے ہر سطح پر تعاون جاری رکھے گی دوسرے مرحلے میں جی او سی نے پی ایس ڈی پی فیز-1 کے تحت بحال ہونے والی کیپٹن (ر) شہید محمد عاشق عثمان پبلک لائبریری کا معائنہ کیا انہوں نے لائبریری کے اسٹڈی ہال ڈیجیٹل سیکشن اور کتب خانے کا دورہ کرکے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مقامی طلبہ اور عام شہریوں سے ملاقات کی گئی جنہوں نے لائبریری کے زیادہ سے زیادہ استعمال اور مزید بہتری کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ایکسین انجینئر سلیم رزاق عمرانی نے منصوبے کی تکمیل اور عوامی رسائی کے حوالے سے بریفنگ دی

اساتذہ کی ٹارگٹ کلنگ گہری سازش، تعلیم دشمنی ہے، بی این پی نوشکی
ماورائے عدالت ہلاکتوں کے خلاف متحد ہو کر تحریک چلانے کی ضرورت ہے

نوشکی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی نوشکی کے ضلعی سیکریٹریٹ سے جاری ہونے والے بیان میں ادیب شاعر محقق اور کالج کے پروفیسر غمخوار حیات کی کلی مینگل کے قریب ٹارگٹ کلنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایسے تعلیم یافتہ افراد کا قتل عام پورے سماج کا قتل عام ہوتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ چند روز قبل ہائی سکول جمالدینی میں دوران سکول ایک قابل استاد کو شہید کیا گیا اور آج ایک کالج پروفیسر کو شہید کرکے سماج کو بے دست پا کرنے کی گھناؤنی کھیل کھیلی گئی بیان میں کہا گیا کہ پروفیسر غمخوار حیات کی شہادت سے صرف نوشکی ہی نہیں بلکہ اس شہادت سے پورے بلوچستان کے تمام علمی، ادبی، تحقیقی اور فکری فارمل اور نان فارمل اداروں کو بے دست وپا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی نے اپنے بیان میں تمام سیاسی پارٹیوں، سماجی و ادبی تنظیموں، مذہبی وطلباء تنظیموں، قبائلی عمائدین اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ وہ ان ماورائے عدالت ہلاکتوں کے خلاف متحد ہوکر تحریک چلائیں تاکہ اپنے سیاسی، ادبی، علمی اور فکری اساتذہ کرام و پروفیسروں کی ٹارگٹ کلرز کو کیفر کردار تک پہنچائیں

گوٹھ وڈیرہ حاجی محمد خان موسی جمالی میں بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر مکمل
ترقیاتی منصوبے سے علاقے کے مکینوں کو سفری مشکلات سے نجات مل گئی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد کے جھڈیر علاقے گوٹھ وڈیرہ حاجی محمد خان موسی خان جمالی میں عوامی سہولت کے لیے بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔ اس ترقیاتی منصوبے سے علاقے کے مکینوں کو سفری مشکلات سے نجات مل گئی ہے۔ یہ منصوبہ رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی کے فنڈز سے اور میر قیس خان جمالی، میر حبیب خان جمالی کی تجویز پر مکمل کیا گیا۔ روڈ کی تعمیر سے گوٹھ وڈیرہ حاجی محمد خان موسی خان جمالی اور ملحقہ علاقوں کے رہائشیوں کو آمد ورفت میں نمایاں آسانی ہوئی ہے۔ نصیر آباد کے سماجی شخصیت وڈیرہ عبدالجبار جمالی سمیت دیگر اہل علاقہ نے روڈ کی تکمیل پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پہلے سڑک نہ ہونے کے باعث شہریوں، کسانوں اور طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ بارش کے موسم میں تو آمد ورفت تقریباً ناممکن ہو جاتی تھی۔ اب بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر سے لوگوں کو نہ صرف شہر تک رسائی آسان ہوگی

ریسکیو 1122 کے اشتراک سے نرسنگ کالج میں کوآرڈینیشن ٹریننگ اجلاس کا انعقاد
ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال، نیشنل پروگرام کے تنویر سمیت نرسنگ کالج کے طلبہ وطالبات کی شرکت

نصیر آباد (نامہ نگار) نیشنل پروگرام کے تحت لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHW) کمیونٹی مڈوائفز (CMW) اور ریسکیو 1122 کے اشتراک سے نرسنگ کالج میں مشترکہ کوآرڈینیشن ٹریننگ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز جمالی نے کی جسے پیشہ ورانہ ہم آہنگی ٹریننگ بہتر سروس ڈلیوری اور قومی صحت اہداف کے حصول کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا میٹنگ میں ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی نیشنل پروگرام کے تنویر احمد کھوسہ نرسنگ کالج کی پرنسپل میڈم لیلا ڈی ایم یونار جمالی سمیت نرسنگ کالج کے طلبہ و طالبات نے شرکت کی اجلاس کا بنیادی مقصد لیڈی ہیلتھ ورکرز کمیونٹی مڈوائفز اور 1122 کے فیلڈ اسٹاف کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانا ورک پلان میں ہم آہنگی پیدا کرنا اور صحت عامہ کے قومی اہداف کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا تھا اس موقع پر شرکا نے اپنے پیشہ ورانہ تجربات شیئر کیے درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا اور آئندہ کے لیے موثر عملی اقدامات پر اتفاق کیا مقررین نے کہا کہ ایسی کوآرڈینیشن میٹنگز نہ صرف ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دیتی ہیں بلکہ فیلڈ میں خدمات انجام دینے والی خواتین ہیلتھ ورکرز کے حوصلے بلند کرنے ان کی استعداد کار بڑھانے اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون، ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ جذبے کے ذریعے ماں اور بچے کی صحت بنیادی طبی سہولیات اور کمیونٹی سطح پر عوامی صحت کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا۔

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین بی ایس ڈی آئی کے تحت تعمیر شدہ تدریسی کمروں کا افتتاح کررہی ہیں

گوٹھ درگی کے مکینوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں
فری کسان فری پاکستان آرگنائزیشن کی جانب سے ایمبولینس پی پی ایچ آئی کے حوالے

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی خصوصی کاوشوں اور عوامی فلاح و بہبود کے وژن کے تحت ضلع کے دور دراز علاقے گوٹھ درگی کے مکینوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں فری کسان فری پاکستان آرگنائزیشن کراچی سے ایمبولینس کی فراہمی کے لیے باضابطہ درخواست کی گئی تھی، جس پر تنظیم نے فوری مثبت ردعمل دیتے ہوئے ایک ایمبولینس فراہم کر دی۔ فراہم کردہ ایمبولینس کو ڈپٹی کمشنر صحبت پور، محترمہ فریدہ ترین، کی جانب سے باقاعدہ طور پر پی پی ایچ آئی صحبت پور کے حوالے کر دیا گیا ہے تاکہ گوٹھ درگی اور اس سے ملحقہ علاقوں کے عوام کو بروقت اور معیاری طبی و ہنگامی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ صحبت پور نے فری کسان فری پاکستان آرگنائزیشن کراچی کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ فلاحی اداروں کے اس نوعیت کے اقدامات نہ صرف صحت کے شعبے میں بہتری کا باعث بنتے ہیں بلکہ دور افتادہ علاقوں میں رہنے والے افراد کے لیے فوری طبی امداد کی فراہمی میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں ضلعی انتظامیہ صحبت پور اس عزم کا اعادہ کرتی ہے

معروف دانشور پروفیسر غمخوار حیات کا بہیمانہ قتل علمی نقصان ہے، سردار ساسولی
اساتذہ، دانشوروں اور تعلیم یافتہ شخصیات کو نشانہ بنانا دراصل بلوچستان کے روشن مستقبل پر حملہ ہے
مرحوم نے اپنی پوری زندگی علم و ادب کے فروغ، معاشرے میں شعور بیدار کرنے کیلئے وقف کر رکھی تھی

نوشکی (آن لائن) ساسولی قبیلہ کے سربراہ سردار چنگیز خان ساسولی نے نوشکی کے کلی مینگل ایریا میں پیش آنے والے انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے سماجی شخصیت معروف دانشور، قلم کار اور ادیب پروفیسر غمخوار حیات کا بہیمانہ قتل نہ صرف ایک عظیم علمی شخصیت کا نقصان ہے بلکہ یہ علم، شعور اور تعلیم دشمن عناصر کی کھلی بزدلانہ کارروائی ہے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی علم و ادب کے فروغ، نوجوان نسل کی رہنمائی اور معاشرے میں شعور بیدار کرنے کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ سردار چنگیز خان ساسولی نے کہا کہ اس طرح کے المناک واقعات پورے معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔ اساتذہ، دانشوروں اور تعلیم یافتہ شخصیات کو نشانہ بنانا دراصل بلوچستان کے روشن مستقبل پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قلم اور علم کی آواز کو گولیوں سے خاموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرکے قانون کے تحت سخت سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

کوہلو، ڈی سی عظیم جان دمڑ کھلی کچہری سے خطاب کررہے ہیں

ڈی سی کی سربراہی میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کوہلو میں کھلی کچہری کا انعقاد
شہریوں نے پانی کی قلت، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، ودیگر مسائل کے حوالے سے تحفظات اور مطالبات پیش کئے
مسائل کے حل کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، شہریوں کی شکایات کا ازالہ ترجیح ہے، عظیم جان

کوہلو (نمائندہ مشرق) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے ہدایت پر عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کوہلو میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے قبائلی عمائدین، سیاسی وسماجی شخصیات، نوجوانوں، طلبا، اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی ہیشہریوں نے پینے کے پانی کی قلت، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، آمد ورفت کے مسائل، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی کمی، دور دراز علاقوں میں صحت کے بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حوالے سے اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔ کئی اہم نوعیت کے مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دمڑ نے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو سننا اور ان کے حل کیلئے عملی اقدامات کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے،

گنداخہ، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سردار فقیر محمد میں تعمیراتی کام تیز

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ کے علاقے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سردار فقیر محمد پندرانی میں پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت دو نئے کمروں اور برآمدے کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ یہ اہم تعلیمی منصوبہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی، کرنل رضوان طیب، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال اور سابق ڈی او شاہ بخش پندرانی کی خصوصی کاوشوں سے ممکن بنایا جا رہا ہے۔ تعمیراتی کام سب انجینئر عبدالباسط، ٹھیکیدار حاجی علی مردان پلال اور منشی سومر خان کی نگرانی میں اعلیٰ معیار، شفافیت اور مضبوط بنیادوں پر کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر اسکول کمیٹی ممبر میر نصر اللہ خان پندرانی، والدین اور سماجی شخصیات نے منصوبے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت اور صوبائی وزیر کی توجہ کے باعث تعلیمی شعبے میں نمایاں بہتری آ رہی ہے اور پہلی بار تحصیل گنداخہ میں ترقیاتی منصوبوں پر اتنی سنجیدگی سے کام دیکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے کمروں کی تعمیر سے طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول ملے گا اور شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا۔

آغا خان ہسپتال قلات گردے کے امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے امید کی کرن
ڈائیلاسز یونٹ میں گزشتہ 5 ماہ کے دوران مجموعی طور پر 236 ڈائیلیسز سیشنز کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں
پہاڑی علاقوں میں رہائش پذیر گردے کے امراض میں مبتلاء مریضوں کو علاج کیلئے کراچی اور کوئٹہ جانا پڑتا تھا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات اور ڈی ایچ او قلات کی کوششوں سے 50 بیڈڈ پرنس عبدالکریم خان ہسپتال قلات گردے کے امراض میں مبتلاء مریضوں کیلئے امید کی کرن بن چکا ہے ڈائیلیسز یونٹ آپریشنل ہونے سے قلات ڈویژن کے دور دراز علاقوں سے لوگ علاج کی دستیاب سہولت سے مستفید ہونے کیلئے ہسپتال کا رخ کررہے ہیں سرکاری ذرائع کے مطابق پرنس عبدالکریم خان ہسپتال قلات کے ڈائیلاسز یونٹ میں گزشتہ 5 ماہ کے دوران مجموعی طور پر 236 ڈائیلیسز سیشنز کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں جو طبی عملے کی محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے واضح رہے کہ قلات ڈویژن کی اکثریتی آبادی دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں رہائش پذیر اور غربت کے باعث گردے کے امراض میں مبتلاء مریضوں کو علاج کیلئے کراچی اور کوئٹہ جانا پڑتا تھا مالی دشواریوں کے باعث اکثر مریض ڈائیلاسز کروانے سے محروم رہ جاتے تھے 2012 میں ایم پی اے قلات آغا عرفان کریم نے عوامی مشکلات کے پیش نظر قلات میں ڈائیلیسز یونٹ قیام کی منظوری دی تھی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی خصوصی دلچسپی کی بدولت ڈائیلیسز یونٹ مکمل فعال ہونے سے علاقے کے عوام کو انکے اپنے علاقے میں مفت ڈائیلیسز کی سہولت میسر اور سینکڑوں مریض مستفید ہورہے ہیں

کمرشل پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کیخلاف کریک ڈاؤن درجنوں دکانیں سیل
ٹیکس نا ہندگان کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کی جائے گی کسی کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی
پراپرٹی مالکان میں کھلبلی، ایکسائز آفس میں لوگوں کی لائنیں، پراپرٹی ٹیکس فوری جمع کریں، جاوید بلوچ کی گفتگو

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد کمرشل پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کے خلاف ایکسائز کا کریک ڈاؤن درجنوں دکان مارکیٹیں سیل کردیے گئے پراپرٹی مالکان میں کھلبلی مچ گئی ٹیکس جمع کرنے کے لیے ایکسائز آفس میں لوگوں کی لینے لگ گئی ٹیکس نا ہندگان کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کو کی جائے گی کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی مالکان زحمت سے بچنے کے لیے پراپرٹی ٹیکس فوری جمع کریں ای ٹی او جاوید بلوچ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ای ٹی او ایکسائز جعفرآباد جاوید بلوچ کی سربراہی میں تحصیلدار اوستہ محمد گامن خان بوہڑ ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسو بھاری پولیس وایکسائز افسران اور اہلکاروں کے ہمراہ اوستہ محمد سٹی میں پراپرٹی نہ ہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایک درجن سے زائد دکانیں مارکیٹیں سیل کردیے گئے دکانیں اور مارکیٹیں سیل ہونے کی خبریں شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی پراپرٹی مالکان میں کھلبلی مچ گئی ایکسائز افس اوستا محمد میں ٹیکس جمع کرنے کے لیے لوگوں کی بھیڑ لگ گئی تاہم اس موقع پر ای ٹی او جعفر آباد جاوید بلوچ نے کہا کہ کمرشل پراپرٹی ٹیکس نا ہندگان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا

درخواستیں مطلوب ہیں

پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان کو کوئٹہ شہر، ڈویژنز اور مختلف اضلاع کے دفاتر میں درج ذیل آسامیوں کو پُر کرنے کیلئے بلوچستان کے لوکل اڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں بھرتی حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ریکروٹمنٹ پالیسی 1991 کے تحت ڈویژنل وضلعی کوٹہ کی بنیاد پر کئے جائیں گی جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی بالائی حد	تعداد	زونل کوٹہ
1	ڈیٹا انٹری آپریٹر (B-15)	ایف اے/ایف ایس سی ازمستند تعلیمی بورڈ، ایک سالہ کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی ڈپلومہ	18تا43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
2	کمپیوٹر وائرلیس آپریٹر (B-12)	ایف اے/ایف ایس سی ازمستند تعلیمی بورڈ، ایک سالہ آئی ٹی ڈپلومہ	18تا43	16	میرٹ 03، قلات زون 03، ژوب زون 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
3	اسسٹنٹ کمپیوٹر آپریٹر (B-12)	ایف اے/ایف ایس سی ازمستند تعلیمی بورڈ، ایک سالہ کمپیوٹر سائنس یا آئی ٹی ڈپلومہ	18تا43	19	میرٹ 04، قلات زون 04، ژوب 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 01
4	شفٹ انچارج (B-12)	ایف ایس سی یا ڈپلومہ ایسوسی ایٹ انجینئرنگ یا پیرامیڈیکل ڈپلومہ مطلوبہ فیلڈ میں تجربہ قابل ترجیح	18تا30	30	میرٹ 05، قلات زون 05، ژوب زون 04، نصیر آباد زون 03، مکران زون 03، کوئٹہ زون 03، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
5	ریسکیور (B-12)	ایف اے/ایف ایس سی سیکنڈ ڈویژن یا مساوی تعلیم ازمستند تعلیمی بورڈ سے	18تا30	150	میرٹ 24، قلات زون 24، ژوب زون 16، نصیر آباد زون 16، مکران زون 15، کوئٹہ زون 15، سبی زون 10، کوئٹہ سٹی 10، خواتین کوٹہ 10، اقلیت کوٹہ 10
6	ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن (B-12)	کسی مستند بورڈ سے ایف اے/ایف ایس سی سیکنڈ ڈویژن یا ان کے مساوی تعلیمی قابلیت بمعہ میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ	18تا30	104	میرٹ 17، قلات زون 17، ژوب زون 12، نصیر آباد زون 12، مکران زون 11، کوئٹہ زون 10، سبی زون 5، کوئٹہ سٹی 5، معذور کوٹہ 05، خواتین کوٹہ 5، اقلیت کوٹہ 05
7	ڈرٹ ریسکیور (B-11)	کسی بھی مستند بورڈ سے ایف اے/ایف ایس سی سیکنڈ ڈویژن یا ان کے مساوی تعلیمی قابلیت	18تا30	02	میرٹ 01، قلات زون 01
8	فائر ریسکیور (B-11)	ایف اے/ایف ایس سی سیکنڈ ڈویژن یا مساوی تعلیم ازمستند تعلیمی بورڈ سے	18تا30	90	میرٹ 14، قلات زون 14، ژوب زون 10، نصیر آباد زون 10، مکران زون 10، کوئٹہ زون 10، سبی زون 05، معذور کوٹہ 04، خواتین کوٹہ 04، اقلیت کوٹہ 04
9	جونیئر کلرک (B-11)	ایف اے/ایف ایس سی ازمستند بورڈ ٹائپنگ اسپیڈ (اردو، انگلش 30 الفاظ فی منٹ)	18تا43	01	میرٹ 01
10	پی اے ٹو ڈویژنل ڈائریکٹر (B-11)	ایف اے/ایف ایس سی ازمستند بورڈ ٹائپنگ اسپیڈ (اردو، انگلش 30 الفاظ فی منٹ)	18تا43	06	میرٹ 01، قلات زون 01، ژوب 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01
11	وائرلیس ٹیکنیشن (B-11)	کسی مستند بورڈ سے ایف اے۔ ایف ایس سی سیکنڈ ڈویژن یا ان کے مساوی تعلیمی قابلیت	18تا43	30	میرٹ 05، قلات زون 05، ژوب زون 04، نصیر آباد زون 03، مکران زون 03، کوئٹہ زون 03، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
12	ریکارڈ کیپر (B-08)	میٹرک ازمستند بورڈ	18تا43	28	میرٹ 05، قلات زون 04، ژوب زون 03، نصیر آباد زون 03، مکران زون 03، کوئٹہ زون 03، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
13	الیکٹریکل ٹیکنیشن (B-08)	کسی مستند ادارے سے تین سالہ الیکٹریکل کا ڈپلومہ	18تا43	01	میرٹ 01
14	الیکٹریشن (B-08)	کسی مستند ادارے سے تین سالہ الیکٹریکل کا ڈپلومہ	18تا43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
15	کال ایجنٹ (B-07)	میٹرک بمعہ متعلقہ فیلڈ میں تجربہ قابل ترجیح	18تا43	30	میرٹ 05، قلات زون 05، ژوب زون 04، نصیر آباد زون 03، مکران زون 03، کوئٹہ زون 03، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
16	ٹیوب ویل آپریٹر (B-07)	میٹرک بمعہ متعلقہ فیلڈ میں دو سالہ تجربہ	18تا43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
17	سٹور کیپر (B-07)	میٹرک ازمستند بورڈ	18تا43	16	میرٹ 03، قلات زون 03، ژوب زون 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
18	ڈرائیور/آپریٹر (B-05)	مڈل پاس LTV/HTV لائسنس یافتہ	18تا43	281	میرٹ 49، قلات زون 48، ژوب زون 34، نصیر آباد زون 34، مکران زون 34، کوئٹہ زون 31، سبی زون 17، کوئٹہ سٹی 17، اقلیت کوٹہ 17
19	کک (B-05)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو کُکنگ کورس سرٹیفکیٹ تجربہ قابل ترجیح	18تا43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
20	سپورٹنگ اسٹاف (B-04)	مڈل پاس	18تا43	34	میرٹ 06، قلات زون 05، ژوب زون 04، نصیر آباد زون 04، مکران زون 04، کوئٹہ زون 04، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
21	سیکورٹی گارڈ (B-04)	مڈل پاس	18تا43	30	میرٹ 05، قلات زون 04، ژوب زون 04، نصیر آباد زون 03، مکران زون 03، کوئٹہ زون 03، سبی زون 02، کوئٹہ سٹی 02، معذور کوٹہ 01، خواتین کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01

ضلعی سطح پر (مقامی افراد)

نمبر شمار	نام آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی بالائی حد	تعداد	ضلعی سطح پر
1	چوکیدار (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	18تا43	20	اپر ڈیرہ بگٹی 02، قلعہ سیف اللہ 02، برشور 02، زیارت 02، ژوب 02، کچھی 02، کیچ (تمپ) 01، حب 02، خاران 02، خضدار 01، معذور کوٹہ 01، اقلیت کوٹہ 01
2	نائب قاصد (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	18تا43	51	کوئٹہ 01، اپر ڈیرہ بگٹی 05، قلعہ سیف اللہ 05، برشور 05، زیارت 05، ژوب 04، کچھی 04، کیچ (تمپ) 04، حب 04، خاران 04، خضدار 04، معذور کوٹہ 02، خواتین کوٹہ 02، اقلیت کوٹہ 02
3	خاکروب (B-01)	پڑھنا لکھنا جانتا ہو	18تا43	10	اپر ڈیرہ بگٹی 01، قلعہ سیف اللہ 01، برشور 01، زیارت 01، ژوب 01، کچھی 01، کیچ (تمپ) 01، حب 01، خاران 01، خضدار 01

شرائط و ضوابط: (1) عمر کی حد 18 سے 28 سال ہوگی تاہم عمر کی بالائی حد میں حکومت بلوچستان کی خصوصی رعایت بھی دی جائے گی جو کہ 43 سال ہے۔ (2) ملازم پیشہ افراد محکمہ کی توسط سے درخواستیں دے سکتے ہیں جو کہ NOC درخواست جمع کرانے کے وقت لازمی ہے۔ (3) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور افراد، غیر مسلم اور خواتین کیلئے کوٹہ مختص ہے۔ (4) درخواست فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، لوکل اڈومیسائل اور تصدیق شدہ تمام اسناد بمعہ 2 عدد تازہ تصاویر لازمی ہے۔ (5) امیدوار ایک سے زیادہ آسامی کیلئے علیحدہ علیحدہ درخواست جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ (6) تعلیمی اسناد اور کوائف غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں امیدوار کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ (7) مشتہر شدہ آسامیوں میں مجاز اتھارٹی کمی یا بیشی کرسکتی ہے۔ (8) ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے تاریخوں کا اعلان بعد میں بذریعہ اشتہار کیا جائے گا۔ (9) ٹیسٹ اور انٹرویو میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیئے جائیں گے۔ (10) درخواست اشتہار شائع ہونے کے 25 یوم کے اندر ایڈمن برانچ پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی گرین سیلوز شیخ ماندہ ائیرپورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کرواسکتے ہیں۔ (11) نامکمل اور تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائیگا۔

درخواست جمع کرانے کے طریقے: (1)۔ ہر امیدوار PDMA کے آن لائن پورٹل Www.jobs.pdma.gob.pk پر آن لائن اپلائی کریں گے۔ (2)۔ امیدوار اپنے درخواستیں PDMA کے دفتر گرین سیلوز ائیرپورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کرواسکتے ہیں۔ (3)۔ امیدوار اپنے درخواستیں بذریعہ ڈاک پی ڈی ایم اے آفس گرین سیلوز ائیرپورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کرواسکتے ہیں۔

ریلیف کمشنر / ڈائریکٹر جنرل
پی ڈی ایم اے بلوچستان

AB NO.1312/16-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

UARAN PAKISTAN

(Ensuring Merit, Competition and Transparency)

Consolidated Advertisement (Phase-2/2026)

Islamabad, the 14th May, 2026

(Vacancies Announcement)

Applications are invited for the following posts. Last date for applying on-line is **1st June, 2026.** Details of qualification, experience, etc. for each post are available on FPSC website **www.fpsc.gov.pk.**

1.	**FIRE OFFICER (BS-16)**, Naval Headquarters, Ministry of Defence. **Vacancies**= Two (2). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =One and **Balochistan** (Open Merit) =One.
2.	**ASSISTANT MANAGER PERSONNEL AND ADMINISTRATION DEPARTMENT (BS-16)**, Naval Headquarters, Ministry of Defence. **Vacancies**= Three (3) Domicile / Quota: **Punjab**=Two (Open Merit=One and Women quota=One) and **EX-FATA** (Open Merit) =One.
3.	**ASSISTANT FISHERIES DEVELOPMENT COMMISSIONER (BS-18)**, Ministry of Maritime Affairs. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit).
4.	**DIRECTOR (BIODIVERSITY PROGRAMME) (BS-19)**, Ministry of Climate Change & Environmental Coordination. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit).
5.	**3RD ENGINEER (ELECTRONICS) (BS-17)**, Naval Headquarters, Ministry of Defence. **Vacancies**=Three (3). DOMICILE / QUOTA: **Punjab** (Open Merit) =Two and **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One.
6.	**ASSISTANT ARMAMENT SUPPLY OFFICER (BS-16)**, Naval Headquarters, Ministry of Defence. **Vacancies**=Two (2). Domicile / Quota: **Punjab**=Two (Open Merit=One and Women quota=One).
7.	**ASSOCIATE PROFESSOR (BS-19)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Five (5). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =One, **Sindh (Rural)** (Open Merit) =Two, **Sindh (Urban)** (Open Merit) =One and **Balochistan** (Open Merit) =One.
8.	**DIRECTOR (TECHNICAL) (BS-19)**, National Library of Pakistan, National Heritage and Culture Division. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
9.	**ASSISTANT DIRECTOR (BS-17)**, National Library of Pakistan, National Heritage and Culture Division. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
10.	**ASSOCIATE PROFESSOR / VICE PRINCIPAL (FEMALE) (BS-19)**, Islamabad Model Colleges, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**=Six (6). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit) =Three, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =One and **Balochistan** (Open Merit) =Two.
11.	**LECTURER (BS-17)**, Junior Naval Academy / PN Cadet College, Ormara & PNS Rehnuma, Karachi, Pakistan Navy, Ministry of Defence. **Vacancies**=Three (3). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =Two and **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One.
12.	**PROFESSOR (BS-20)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Two (2). Domicile / Quota: **Punjab** (Women quota)=One and **Sindh (Rural)** (Open Merit)=One
13.	**SECURITY OFFICER (BS-17)**, Pakistan Mint, Lahore, Ministry of Finance. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit).
14.	**DEPUTY REGISTRAR (BS-18)**, Federal Service Tribunal (FST), Ministry of Law and Justice. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit).
15.	**LABOUR OFFICER (BS-16)**, Pakistan Mint, Lahore, Ministry of Finance. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
16.	**VICE PRINCIPAL (FEMALE) (BS-18)**, Islamabad Model Schools, (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
17.	**DATA PROCESSING ASSISTANT (BS-16)**, Federal Public Service Commission. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Urban)** (Open Merit).
18.	**DATA PROCESSING ASSISTANT (BS-16)**, National Archives of Pakistan, Cabinet Division. **Vacancies**= Fourteen (14). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab**=Seven (Open Merit=Six and Women quota=One), **Sindh (Rural)**=Two (Open Merit=One and Women quota=One), **Sindh (Urban)** (Open Merit)=One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit)=Two and **Balochistan** (Open Merit)=One
19.	**DIRECTOR GENERAL (BS-20)**, Pakistan Planning and Management Institute (PPMI), Ministry of Planning Development and Special Initiatives. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Merit.**
20.	**ORDNANCE MANAGEMENT OFFICER, GRADE-III (OMO) (BS-17)**, OS Directorate, GHQ, Ministry of Defence. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
21.	**JUNIOR ORDNANCE MANAGEMENT OFFICER (JOMO) (BS-16)**, OS Directorate, GHQ, Ministry of Defence. **Vacancies**=One (1). Domicile / Quota: **Khyber Pakhtunkhwa** (Women quota).
22.	**JUNIOR CIVILIAN SECURITY OFFICER (JCSO) (BS-16)**, OS Directorate, GHQ, Ministry of Defence. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Urban)** (Minorities / Non-Muslims quota).
23.	**SENIOR ELEMENTARY TEACHER (MALE) (BS-16)**, Islamabad Model Schools (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**=Ninety Nine (99). Domicile / Quota: **Merit**=Eight, **Punjab**=Forty Nine (Open Merit=Forty Six and Minorities / Non-Muslims quota=Three), **Sindh (Rural)**=Eleven (Open Merit=Ten and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Sindh (Urban)** (Open Merit)=Seven, **Khyber Pakhtunkhwa**=Twelve (Open Merit=Eleven and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Balochistan**=Six (Open Merit=Five and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Ex-FATA** (Open Merit)=Three, **Gilgit Baltistan** (Open Merit)=One and **AJK** (Open Merit)=Two.
24.	**SENIOR ELEMENTARY TEACHER (FEMALE) (BS-16)**, Islamabad Model Schools (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Ninety Nine (99). Domicile / Quota: **Merit**=Eight, **Punjab**=Forty Nine (Open Merit=Forty Seven and Minorities / Non-Muslims quota=Two), **Sindh (Rural)** (Open Merit)=Eleven, **Sindh (Urban)**=Eight (Open Merit=Seven and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit)=Eleven, **Balochistan**=Six (Open Merit=Five and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Ex-FATA** (Open Merit)=Three, **Gilgit Baltistan** (Open Merit)=One and **AJK** (Open Merit)=Two.
25.	**SENIOR ELEMENTARY TEACHER (DRAWING) (FEMALE) (BS-16)**, Islamabad Model Schools (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**=Six (6). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab** (Open Merit) =Three, **Sindh (Urban)** (Open Merit)=One and **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit)=One.
26.	**SENIOR ELEMENTARY TEACHER (PHYSICAL) (MALE) (BS-16)**, Ex-F.G Schools, Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Urban)** (Open Merit).
27.	**SENIOR ELEMENTARY TEACHER (PHYSICAL) (FEMALE) (BS-16)**, Ex-F.G Schools, Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**=Three (3). Domicile / Quota: **Punjab**=Two (Open Merit=One and Minorities / Non-Muslims quota=One) and **Balochistan** (Minorities / Non-Muslims quota) =One.
28.	**ASSISTANT PROFESSOR (BS-18)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Six (6). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =Three, **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =One and **Balochistan** (Open Merit) =One.
29.	**HEAD NURSE (BS-17)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**=Four (4). Domicile / Quota: **Merit**=One and **Punjab**=Three (Open Merit=Two and Women quota=One).
30.	**LECTURER (MALE) (BS-17)**, Islamabad Model Colleges, (Ex-F.G Colleges), Federal Directorate of Education, Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Nine (9). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab**=Four (Open Merit=Three and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One, **Sindh (Urban)** (Open Merit) =Two and **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =One.
31.	**ASSOCIATE PROFESSOR / VICE PRINCIPAL (MALE) (BS-19)**, Islamabad Model Colleges, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Four (4). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =Three and Sindh **(Urban)** (Open Merit) =One.
32.	**ASSISTANT PROFESSOR (MALE) (COMPUTER SCIENCE) (BS-18)**, Islamabad Model Colleges, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Urban)** (Minorities / Non-Muslims quota).
33.	**LIBRARIAN (FEMALE) (BS-17)**, Islamabad Model Schools (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Fourteen (14). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab** (Open Merit) =Seven, **Sindh (Rural)** (Open Merit)=Two, **Sindh (Urban)** (Open Merit)=One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit)=Two and **Balochistan** (Open Merit)=One.
34.	**LIBRARIAN (MALE) (BS-17)**, Islamabad Model Schools (Ex-F.G Schools), Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Seventeen (17). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab**=Nine (Open Merit=Eight and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Sindh (Rural)** (Open Merit) =Two, **Sindh (Urban)** (Open Merit) =One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =Two, **Balochistan** (Open Merit) =One and **EX-FATA** (Open Merit) =One.
35.	**ACCOUNTANT (BS-16)**, Islamabad Model Colleges, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= Two (2). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit) =One and **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One.
36.	**ASSISTANT EDUCATION OFFICER (BS-16)**, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit).
37.	**ASSISTANT ENGINEER (CIVIL) (BS-16)**, Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Sindh (Rural)** (Open Merit).
38.	**ASSISTANT PROFESSOR (MATHEMATICS) (MALE) (BS-18)**, Islamabad Model Colleges (Ex-F.G. Colleges), Federal Directorate of Education (FDE), Ministry of Federal Education and Professional Training. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Balochistan** (Open Merit).
39.	**SENIOR REGISTRAR (BS-18)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Three (3). Domicile / Quota: **Merit**=One, **Punjab** (Open Merit) =One and **Sindh (Urban)** (Open Merit) = One.
40.	**MEDICAL OFFICER (BS-17)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Ten (10). Domicile / Quota: **Punjab**=Six (Open Merit=Four, Women quota=One & Minorities / Non-Muslims quota=One), **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One, **Sindh (Urban)** (Open Merit) =One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =One and **AJK** (Minorities / Non-Muslims quota) =One.
41.	**ASSISTANT ANESTHETIST (BS-17)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= Five (5). Domicile / Quota: **Punjab**=Two (Open Merit=One and Women quota=One), **Sindh (Rural)** (Open Merit) =One, **Khyber Pakhtunkhwa** (Open Merit) =One and **Balochistan** (Open Merit) =One.
42.	**MEDICAL TECHNOLOGIST (BS-17)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Women quota).
43.	**ASSISTANT ACCOUNTS OFFICER (BS-17)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= One (1). Domicile / Quota: **Punjab** (Open Merit).
44.	**CHARGE NURSE (BS-16)**, Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS), Islamabad, Ministry of National Health Services, Regulations and Coordination. **Vacancies**= One Hundred Forty Eight (148). Domicile / Quota: **Merit**=Eleven, **Punjab**=Seventy Three (Open Merit=Thirty Five, Women quota=Nineteen and Minorities / Non-Muslims quota=Nineteen), **Sindh (Rural)**=Seventeen (Open Merit=Fourteen, Women quota=Two and Minorities / Non-Muslims quota=One), **Sindh (Urban)**=Eleven (Open Merit=Ten and Women quota=One), **Khyber Pakhtunkhwa**=Seventeen (Open Merit=Fifteen and Women quota=Two), **Balochistan**=Nine (Open Merit=Eight and Women quota=One), **EX-FATA**=Five (Open Merit=Four and Women quota=One), **Gilgit Baltistan** =Two (Open Merit=One and Minorities / Non-Muslims quota=One) and **AJK**=Three (Open Merit=Two and Women quota=One).

PID (I) 9231/25

Assistant Director
FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

معیاری سہولیات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہیں، ڈی جی ایف ڈی اے

فیصل آباد (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کہا ہے کہ شائقین کو ان ڈور گیمز کی جدید، معیاری اور عالمی معیار کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہیں اس سلسل میں سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے نئی صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے ایک مثالی اور شاہکار منصوبہ بن چکا ہے، جہاں کھیلوں کے شائقین کو عالمی معیار کی ان ڈور سپورٹس سہولیات میسر ہیں اور شہریوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی اور ممبرشپ میں مسلسل اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے سپورٹس کمپلیکس کی مزید توسیع اور بہتری کے لیے جامع ماسٹر پلاننگ بھی کی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بات کمشنر فیصل آباد و چیئرپرسن مینجمنٹ کمیٹی مسرت جبیں کی ہدایات پر ممبرشپ کے خواہشمند امیدواروں کے انٹرویوز کے موقع پر کہی۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن سید مرتضیٰ تنویر، اور مینجمنٹ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔

کراچی، خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری کا پاکستان اور زمبابوے کے درمیان ویمنز کرکٹ T20W جیتنے کے بعد پاکستان ویمن ٹیم کو ٹرافی دے رہی ہیں

دوسرا ٹیسٹ کا پہلا روز بنگلادیش 278 رنز پر ڈھیر، پاکستان کا محتاط آغاز

دوٹیسٹ میچوں کی سیریز میں بنگلادیش کو ایک صفر کی برتری حاصل، پاکستان نے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بغیر کسی نقصان کے 21 رنز بنا لیئے

لٹن داس نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاندار سنچری سکور کی، نجم الحسن شانتو بھی نمایاں بیٹر رہے، خرم شہزاد نے چار وکٹیں لیں

سلہٹ (ویب ڈیسک) سیریز برابر کرنے کا چیلنج، پاکستان کے خلاف بنگلادیش کی ٹیم پہلی اننگز میں 278 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی جبکہ دن کے اختتام تک پاکستان نے بغیر کوئی وکٹ گنوائے 21 رنز بنالئے۔ سلہٹ میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستانی بولرز نے ابتدا ہی سے عمدہ کارکردگی دکھائی اور محمد عباس نے پہلے اوور میں ہی بنگلادیش کو پہلا نقصان پہنچا دیا، بعد ازاں 44 رنز کے مجموعے پر عباس نے اپنی دوسری وکٹ بھی حاصل کی۔ بنگلادیش کی تیسری وکٹ 63 رنز پر گری، جسے خرم شہزاد نے اپنے نام کیا، پہلے سیشن کے اختتام تک میزبان ٹیم نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 101 رنز بنائے تھے۔ دوسرے سیشن میں بھی پاکستانی بولرز نے دباؤ برقرار رکھا اور چائے کے وقفے تک بنگلادیش کے 6 کھلاڑی 168 رنز پر پویلین واپس جا چکے تھے۔ تاہم آخری سیشن میں لٹن داس نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاندار سنچری سکور کی، انہوں نے 126 رنز کی عمدہ اننگز کھیل کر ٹیم کو 278 رنز تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ بنگلادیش کی جانب سے دیگر نمایاں بیٹرز میں نجم الحسن شانتو 29، تنزید حسن 26، مشفق الرحیم 23، مومن الحق 22 اور رجب الاسلام 16 رنز بنا سکے۔ پاکستان کی طرف سے خرم شہزاد نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ محمد عباس نے 3، حسن علی نے 2 اور ساجد خان نے ایک وکٹ حاصل کی۔ جواب میں پاکستان نے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بغیر کسی نقصان کے 21 رنز بنالیے، اوپنرز اذان اویس 13 اور عبداللہ فضل 8 رنز کے ساتھ دوسرے روز بیٹنگ دوبارہ شروع کریں گے۔ پاکستانی ٹیم میں اذان اویس، شان مسعود، بابر اعظم، عبداللہ فضل، سعود شکیل، محمد رضوان، سلمان آغا، خرم شہزاد، ساجد خان، حسن علی اور محمد عباس شامل ہیں۔ اس میچ کے لیے امام الحق، شاہین آفریدی اور نعمان علی کو ٹیم کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ واضح رہے کہ دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں بنگلادیش کو ایک صفر کی برتری حاصل ہے

پاکستانی رنر وقار احمد سیشلز ٹریل رن میں فاتح بن گئے

وقار احمد نے 22 کلو میٹر طویل ٹریک 2 گھنٹے 11 منٹ میں طے کیا

کراچی (آن لائن) پاکستانی رنر وقار احمد سیشلز ٹریل رن جیتنے میں کامیاب ہو گئے۔ افریقی جزائر سیشلز میں ہونے والی سالانہ ٹریل رن میں پاکستانی رنر نے اعزاز کا دفاع کیا۔ وقار احمد نے 22 کلومیٹر طویل ٹریک 2 گھنٹے 11 منٹ میں طے کیا۔ سیشلز ٹریل رن میں رنرز نے پہاڑ، جنگل، ساحلی پٹی کے دشوار گزار راستے طے کیے۔ مقابلے میں جنوبی افریقی رنر ڈینیکل کلاسن 2 گھنٹے 13 منٹ میں دوڑ مکمل کر کے دوسرے نمبر پر رہے۔

بنگلہ دیش کے خلاف دوسرا ٹیسٹ میچ، قومی ٹیم میں تین اہم تبدیلیاں

شاہین شاہ آفریدی، نعمان علی اور امام الحق کو ڈراپ کر دیا گیا ہے رپورٹس

سلہٹ (این این آئی) پاکستان نے بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں ٹیم میں اہم تبدیلیاں کر دیں۔ پاکستان نے بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قومی ٹیم میں تین تبدیلیاں کی گئی ہیں، بابر اعظم کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ انہیں امام الحق کی جگہ پلینگ الیون میں شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ خرم شہزاد کو بھی ٹیم کا حصہ بنایا گیا ہے جبکہ شاہین شاہ آفریدی اور امام الحق کو ڈراپ کر دیا گیا ہے۔ ٹیم مینجمنٹ نے اسپن ڈیپارٹمنٹ میں بھی تبدیلی کرتے ہوئے ساجد خان کو نعمان علی کی جگہ پلینگ الیون میں شامل کرلیا ہے۔

محمد عباس کی پروفیشنل کرکٹ میں 1000 وکٹیں مکمل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فاسٹ بولر محمد عباس کی پروفیشنل کرکٹ میں ایک ہزار وکٹیں مکمل ہوگئیں۔ محمد عباس نے بنگلادیش کے خلاف سہلٹ ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں آج تین وکٹ حاصل کر کے 1000 پروفیشنل وکٹیں مکمل کیں۔ قومی فاسٹ بولر نے 884 فرسٹ کلاس، 84 لسٹ اے اور 32 ٹی ٹوئنٹی وکٹیں حاصل کیں۔ خیال رہے کہ سہلٹ ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں بنگلادیش کی ٹیم 278 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ فاسٹ بولر محمد عباس نے دونوں بنگلادیشی اوپنرز محمود الحسن جوئے اور تنزید حسن کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ کپتان نجم الحسن شانتو کو بھی انہوں نے ہی آؤٹ کیا۔

دوسرا ٹیسٹ، حسن علی کا کیچ پکڑنے کے دوران سر زمین سے ٹکرا گیا

سلہٹ (آن لائن) بنگلادیش کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں پاکستان کے فاسٹ بولر حسن علی کا کیچ پکڑنے کے دوران سر زمین سے ٹکرا گیا۔ حسن علی بولنگ کروا رہے تھے کہ کیچ کے دوران ان کا سر زمین سے ٹکرایا۔ بعد ازاں حسن علی کو اسٹریچر پر گراؤنڈ سے باہر بھیج دیا گیا تاہم کچھ دیر بعد وہ واپس گراؤنڈ میں آگئے۔

چیئرمین پی سی بی کو آئی سی سی بورڈ میٹنگ و آئی پی ایل فائنل کا دعوت نامہ موصول

لاہور (این این آئی) پی سی بی چیئرمین محسن نقوی کو بھارت میں ہونے والی آئی سی سی بورڈ میٹنگ اور آئی پی ایل فائنل کا دعوت نامہ موصول ہوگیا، شرکت کے حوالے سے فیصلہ وزیر اعظم شہباز شریف کریں گے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے اجلاس رواں ماہ میں 2 مرحلوں میں ہوں گے۔ آئی سی سی کی چیف ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 21 مئی کو ہوگا جبکہ بورڈ میٹنگ 30 اور 31 مئی کو بھارت میں ہوگی۔ آئی سی سی اجلاس میں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فارمیٹ میں تبدیلیوں پر تبادلہ خیال ہو گا۔ موجودہ فارمیٹ میں ہر سیریز میں کم از کم 2 ٹیسٹ میچز کھیلنا لازمی ہیں، ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں زمبابوے، آئرلینڈ اور افغانستان کو شامل کیے جانے پر غور کیا جائے گا۔ بورڈ میٹنگ میں پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی نے شرکت کرنا ہے

خاران، آل خاران جشن حسنین جان محمد حسنی لوکل فٹبال ٹورنامنٹ فائنل میچ کے مہمان خصوصی حاجی شاہ فیصل شیخ ونر اور رنر ٹیموں کو ٹرافی دے رہے ہیں

آل خاران جشن حسنین محمد حسنی ٹورنامنٹ نصیر کبدانی کلب نے جیت لیا

شاندار مقابلے کے بعد نصیر کبدانی کلب صفر کے مقابلے میں دو گول سے ٹورنامنٹ کی فاتح، سرفراز شہید فٹبال کلب رنر بن گئی

خاران کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، اس طرح کے مقابلوں سے ان کی حوصلہ افزائی ہوگی، شاہ فیصل شیخ کا اختتامی تقریب سے خطاب

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) آل خاران جشن حسنین جان محمد حسنی لوکل فٹبال ٹورنامنٹ زیر نگرانی ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن خاران فائنل میچ کھیلا گیا۔ شاندار اور کامیاب فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ شاعر نصیر جان کبدانی فٹبال کلب خاران بمقابلہ شہید سرفراز ناز فٹبال کلب خاران کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار فائنل میچ کے معزز مہمان خاص سپورٹس دوست شخصیت انیس شیخ کے فرزند حاجی شاہ فیصل شیخ تھے یہ میچ شاعر نصیر جان کبدانی فٹبال کلب نے صفر کے مقابلے دو گول سے جیت لیا شاندار اور دلچسپ فائنل میچ کے تقریب میں سیکرٹری ڈی ایف اے خاران سردار زادہ ڈی سی منور حسین سمالانی، خاران کے نامور صحافی محمد عیسیٰ محمد حسنی، میر قسیم ملازئی، سفر خان راسکوئی، جبکہ ڈی ایف اے خاران کے ممبران عبدالحکیم ساجن، سید حدایت اللہ شاہ، ملک نگائی، خازن بیدت خان ملازئی، کوچ برکت علی، کوچ عزت اللہ سینئر، کوچ جاوید کاظمی، و دیگر سینئر کھلاڑی بھی موجود تھے۔ شاندار فائنل میچ کے مہمان خاص حاجی شاہ فیصل شیخ، سیکرٹری ڈی ایف اے سردار زادہ ڈی سی منور حسین سمالانی، اور صحافی حضرات نے ٹورنامنٹ انتظامیہ اور کھلاڑیوں میں انعامات و شیلڈ تقسیم کیئے جبکہ مہمان خاص نے ونر اور رنر ٹیموں کو ٹرافی اور کھلاڑیوں کو سامان و شیلڈ تقسیم کی۔ فائنل میچ کے مہمان خاص حاجی شاہ فیصل شیخ نے کہا کہ خاران کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہیں فٹبال کے دنیا میں خاران کے نوجوان کھلاڑیوں نے پورے ملک بلکہ بلوچستان کے کونے کونے میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے علاقے خاران کا نام روشن کیئے ہیں خاران کے کھلاڑیوں کو حوصلہ افزائی کی ضرورت ہیں اسپورٹس دوست حضرات بالخصوص حکومت کو چاہیئے کہ وہ خاران جیسے دور افتادہ علاقے میں فٹبال کے کھلاڑیوں کے بنیادی ضروریات کو پورا کرتے ہوئے ان کے حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ مزید کھیلوں میں دلچسپی لے سکیں اور سماجی سرگرمیوں اور برائیوں سے بچ سکیں اج کے فائنل میچ میں رنر اور ونر ٹیم مبارکباد کے مستحق ہیں جنھوں نے پورے ٹورنامنٹ میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرکے فائنل تک رسائی حاصل کی ہیں اور ساتھ ہی ٹورنامنٹ کے تمام منتظمین بھی مبارکباد کے مستحق ہیں

فاطمہ ثنا نے پندرہ گیندوں پر نصف سنچری بنا کر ریکارڈ بنا ڈالا

کراچی (این این آئی) پاکستانی ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں نیا ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا، انہوں نے 15 گیندوں پر نصف سنچری بنادی۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ کی بیٹر صوفی ڈیوائن نے 18 گیندوں پر نصف سنچری بنائی تھی، تیسرے ٹی ٹوئنٹی میں زمبابوے کے خلاف بیٹنگ کرتے ہوئے پاکستانی کپتان فاطمہ ثنا نے 19 گیندوں پر 62 رنز ناٹ آؤٹ اسکور کیے۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے زمبابوے ویمنز ٹیم کو تیسرے اور آخری ٹی 20 میچ میں 133 رنز سے شکست دے دی اور سیریز میں کلین سوئپ مکمل کرلیا۔

شمالی ٹیکساس میں فیفا ورلڈ کپ 2026ء کا جوش عروج پر پہنچ گیا

ٹیکساس (این این آئی) شمالی ٹیکساس میں فیفا ورلڈ کپ 2026ء کے انعقاد کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں اور اسی سلسلے میں نارتھ ٹیکساس فیفا ورلڈ کپ آرگنائزنگ کمیٹی نے امریکی فٹبال کی معروف ٹیم 'ڈیلس کاؤبائز' اور ممتاز اسپورٹس و کاروباری شخصیت ڈینیئل ایل ہنٹ کو باضابطہ طور پر آفیشل ڈیلس ورلڈ کپ ہوسٹ سٹی سپورٹرز میں شامل کرنے کا اعلان کردیا۔ اس اعلان کے بعد نا صرف کھیلوں کے حلقوں بلکہ شمالی ٹیکساس کے عوام میں بھی زبردست جوش و خروش بڑھ گیا جبکہ فٹبال شائقین ڈیلس کے لیے ایک تاریخی لمحہ قرار دے رہے ہیں۔ ڈیلس کاؤبائز اور ڈینیئل ایل ہنٹ کی شمولیت سے ان اداروں اور نمایاں شخصیات کی فہرست مزید وسیع ہوگئی ہے جو فیفا ورلڈ کپ 2026ء کے دوران ڈیلس کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ آرگنائزنگ کمیٹی کے مطابق یہ شراکت داری نا صرف کھیلوں کے فروغ بلکہ کمیونٹی انگیجمنٹ، ثقافتی سرگرمیوں اور خطے کی عالمی شناخت کے لیے بھی اہم سمجھی جارہی ہے۔

پنجاب نے اسپیشل اولمپکس پاکستان نیشنل گیمز کا ٹائٹل جیت لیا

پنجاب نے بارہ گولڈ اور تیرہ سلور میڈلز جیتے، سندھ دوسرے نمبر پر آ گیا

اسلام آباد (آن لائن) اسپیشل اولمپکس پاکستان نیشنل گیمز میں پنجاب نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی طور پر بارہ گولڈ اور 13 سلور میڈلز کیساتھ ٹائٹل اپنے نام کیا۔ پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقدہ تین روزہ ایونٹ میں پنجاب نے سندھ نے 9 گولڈ اور 10 سلور میڈلز کے ساتھ دوسری جبکہ وفاقی ریجن 8 گولڈ اور 9 سلور میڈلز کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کیا اختتامی تقریب میں وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ اور ڈائریکٹر جنرل پاکستان اسپورٹس بورڈ محی الدین احمد وانی تھے جنھوں نے اسپیشل اولمپکس پاکستان کی چیف ایگزیکٹو رونک لاکھانی، سابق ڈی جی پاکستان اسپورٹس بورڈ اختر نواز گنجیرا، سیکرٹری اسلام آباد اولمپک ایسوی ایشن رضوان الحق رازی کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم ک ?ے۔ گیمز کے آخری روز 200 میٹر میز فائنل پلس سی کیٹیگری میں سندھ کے احمد رجب نے 28.01 سیکنڈز کے ساتھ گولڈ میڈل جیت لیا، جبکہ پنجاب کے محمد عادل خان اور طیب وحید نے بالترتیب سلور اور برانز میڈلز حاصل کیے۔ 800 میٹر لیول بی مقابلے میں بلوچستان کے محمد جابر نے 2 منٹ 41.88 سیکنڈز کے ساتھ گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔

کوئٹہ، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ ٹوکیو سے موصول ہونے والا سرٹیفکیٹ کھلاڑی کو دے رہے ہیں

بعدالت جناب سمیع اللہ سول جج صاحب زیارت بااختیار ڈسٹرکٹ جج صاحب زیارت

مثل نمبر 01/2026 آئندہ تاریخ پیشی 21/5/2026

1۔ بی بی عائشہ بیوہ عبدالوہاب مرحوم 2۔ عبدالرحمٰن 3۔ ودان خان پسران عبدالوہاب مرحوم اقوام پانیزئی ساکنان کلی بچی تحصیل وضلع زیارت۔۔۔۔۔ سائلان بنام عوام الناس۔۔۔۔۔ مسئول علیہم

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1972 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص وعام:۔ ہرگاہ سائلان نے عنوان بالا میں ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عبدالوہاب مرحوم دائر کی ہے جس کے مطابق متوفی کی چھوڑی ہوئی جائیداد منقولہ جائیداد کی تفصیل درج ذیل ہے بینک کا نام UBL اور برانچ زیارت اکاؤنٹ نمبر 000287817296 تین سالہ رقم 60000 کل رقم مبلغ 1000841 سائلان کی استدعا ہے کہ متوفی کے مذکورہ بینک اکاؤنٹ کی رقم نکالنے کیلئے جانشینی سرٹیفکیٹ بنام سائلہ نمبر 1 بی بی عائشہ بیوہ عبدالوہاب جاری کیا جائے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 21/5/2026 مقرر ہوچکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست مندرجہ بالا پر اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنے اعتراضات پیش کرے بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج بمورخہ 14/5/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت کے جاری ہوا

نمائندہ زیارت

بعدالت جناب حضرت بلال شیرانی جوڈیشل مجسٹریٹ III / سول جج پشین

رجسٹر نمبر 18/25

تیمور شاہ بنام عبداللہ خان وغیرہ دعویٰ دیوانی

اشتہار بنام:۔ مدعا علیہ نمبر 1 عبداللہ خان ولد عبدالباقی قوم سید ساکن یارو تحصیل ضلع پشین

ہرگاہ مندرجہ عنوان بالا میں مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 1/6/2026 کو مقرر ہوچکی ہے مقدمہ ہذا میں آپ کو نوٹسز جاری ہوئے اور بعد ازاں نوٹسز نشاندہی چسپاندگی بھی جاری ہوئے لیکن باوجود اطلاع کے آپ نہ تو اصالتاً اور نہ ہی وکالتاً پیش ہوئے جس سے آپ کی پیروی دعویٰ میں عدم دلچسپی ظاہر ہورہی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ سماعت مورخہ 1/6/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی دعویٰ کریں بصورت دیگر آپ کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج بتاریخ 11/5/2026 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

نمائندہ پشین

اطلاع عام

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایم ایس نعمان اینڈ برادرز، کیٹگری C-4 لائسنس نمبر 16848 کا نام تبدیل کر کے ایم ایس ایم فور کنسٹرکشن کمپنی رکھ لیا ہے اور اس کے ساتھ پرانا پتہ فوجی کلر لیب ایم اے جناح روڈ نزد فیاض لیب کوئٹہ سے تبدیل کر کے نیا پتہ آفس نزد میرویس کا نٹا تحصیل مسلم باغ ضلع قلعہ سیف اللہ بلوچستان کر دیا ہے لہذا تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے، کلائنٹس اور متعلقہ افراد نئے نام (ایم ایس ایم فور کنسٹرکشن) اور نئے ایڈریس پر اپنے خط وکتابت کرے تمام متعلقہ افراد سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ریکارڈ میں ضروری تبدیلی فرمائیں المشتہر عبدالرحیم کاکڑ ولد عثمان غنی

اطلاع عام

میں محمد نعمان علی ولد حضرت علی مالک کمپنی ایم/ایس نعمان اینڈ برادرز کیٹیگری C-4 لائسنس نمبر 16848 بذریعہ اشتہار ہذا اعلان کرتا ہوں کہ میں اپنی مذکورہ کمپنی کے تمام حقوق و اختیارات سمیت جناب عبدالرحیم کاکڑ کے نام ٹرانسفر کر رہا ہوں اگر کسی فرد ادارے یا فریق کو اس منتقلی کے متعلق کوئی اعتراض ہو تو وہ 14 دن کے اندر اندر اپنے تحریری اعتراضات بمعہ ثبوت پیش کر سکتا ہے بصورت دیگر بعد از مدت کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر:۔ محمد نعمان علی ولد حضرت علی مالک ایم ایس نعمان اینڈ برادرز

بقیہ منصوبہ شیئر کردیا 1

کرنے کا ٹارگٹ دیدیا۔ ذرائع کیمطابق نئے وفاقی بجٹ کا حجم 17 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہونےکا امکان ہے، اگلے مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں 7 ہزار ارب، جون 2027 تک 15 ہزار 267 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف متوقع ہے۔ وزارت خزانہ اور ایف بی آر کا عوام پر 430 ارب کا اضافی بوجھ ڈالنے کا پلان ہے۔ 215 ارب روپیا ضافی ٹیکس اور باقی 215 ارب ا؟ ڈٹ اور سخت نگرانی سے حاصل کئے جائیں گے، چاروں صوبے بھی 430 ارب کے نئے ٹیکس لگائیں گے۔ ذرائع کیمطابق بتایا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کی مد میں 1727 ارب وصول کئے جائیں گے جو موجودہ مالی سال سے 260 ارب روپے زیادہ ہیں، کسی شعبے کو ریلیف دینے کیلئے دیگر ٹیکس پیئرز پر بوجھ ڈالا جائیگا۔ ا؟ ئی ایم ایف سیوعدہ کیے باوجود حکومت زرعی ا؟ مدن پر ٹیکس وصولی میں ناکام رہی، زرعی شعبہ کا معیشت میں حصہ تقریبا 25 فیصد جبکہ ٹیکس وصولی صرف 0.3 فیصد ہے۔ مہنگائی پہلےہی ڈبل ڈیجیٹ تک پہنچ چکی، ا؟ ئندہ مالی سال میں اس کی اونچی اڑان برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔ وفاقی حکومت نے عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کو سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرنے کی یقین دہانی کروا دی ہے اور 2027 سے بجلی کمپنیوں کی فروخت شروع ہوگی اور خصوصی اقتصادی زونز کی ٹیکس مراعات 2035 تک ختم کرنے کا منصوبہ بھی شیئر کردیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا متبادل پلان بھی آئی ایم ایف مشن کے سامنے پیش کیا گیا، حکام کے مطابق اگر بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری ممکن نہ ہوئی تو بعض کمپنیوں کو ضم کرنے کی تجویز زیرغور ہے۔ مزید بتایا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئیسکو، گیپکو اور فیسکو کے 51 سے 100 فیصد شیئرز 2027 کے آغاز میں فروخت کیے جائیں گے جبکہ انتظامی کنٹرول بھی نجی شعبے کو منتقل کیا جائے گا۔ حکومت نے آئی ایم ایف کو بتایا ہے کہ 27 سرکاری اداروں کی نج کاری پر پیش رفت جاری ہے جبکہ پی آئی اے اور فرسٹ ویمن بینک کی نج کاری کے معاہدے مکمل ہوچکے ہیں، دوسری جانب روز ویلٹ ہوٹل کے لیے نئے مالی مشیر کی تقرری میں تاخیر کا انکشاف بھی سامنے آیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی ہے کہ معیشت میں ریاستی کردار محدود کیا جائے گا اور آسان کاروبار فریم ورک، ٹیرف اصلاحات اور غیر ضروری پابندیاں ختم کرنے کے اقدامات کیے جائیں گے اور حکومت نے معاشی استحکام کے لیے ٹیکس نیٹ بڑھانے، مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے، بجلی اور گیس نرخ لاگت کے مطابق رکھنے کی پالیسی جاری رکھنے کا عزم بھی ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کمزور طبقوں کو ٹارگٹڈ امداد کے ذریعے تحفظ دینے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی ہے اور آئی ایم ایف نے کامیاب نج کاری کے لیے اقتصادی اصلاحات، شفافیت اور بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات کو ضروری قرار دیا ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ زیادہ تر تجارتی سرکاری اداروں میں آزاد بورڈز کی تقرری مکمل کرلی گئی ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے (ا؟ ئی ایم ایف) نے پاکستان پر گیس اور بجلی کی قیمتوں میں تواتر سے اضافہ کرنے، نیب کی خودمختاری اور شفافیت میں اضافے سمیت 11 نئی شرائط عائد کردیں۔ ا؟ ئی ایم ایف نے ا؟ ئندہ مالی سال کے لیے ایف بی آر کا ٹیکس ہدف 15 ہزار 267 ارب روپے مقرر کرنے کی تجویز بھی دی ہے آئی ایم ایف کی نئی شرائط (اسٹرکچرل بینچ مارک) میں آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ کی پارلیمنٹ سے منظوری، انسداد بدعنوانی اور سرکاری خریداریوں کے فریم ورک کی مضبوطی، ٹیکس ریونیو انتظامیہ میں بہتری، پاکستان کے غیر مشروط کیش ٹرانسفر پروگرام (کفالت پروگرام) کے سلسلے کو برقرار رکھنا، کرنسی ایکسچینج کی بتدریج خودمختاری کے لیے روڈ میپ کی تیاری اور ریگولیٹری شفافیت میں اضافے کی اہم شرائط بھی شامل ہیں۔ عالمی مالیاتی ادارے کی نئی شرائط میں پیپرا رولز میں ترامیم، نیب کی خودمختاری اور شفافیت میں اضافہ کرنا، توانائی کے شعبے میں گیس اور بجلی کے سالانہ اور ششماہی اضافہ کے نوٹیفکیشن، خصوصی اکنامک زونز کی 2035 تک مراعات کا مکمل خاتمہ اور وفاقی حکومت اور اسلام ا؟ باد کیلیے کاروبار کے ریگولیشن کیلیے پاکستان ریگولیٹری رجسٹری کا قیام بھی شامل ہے۔

بقیہ میڈیا سے گفتگو 2

پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیرداخلہ نے امریکا کے ساتھ تنازع کے حل کے لیے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کوششوں کو سراہا۔ دوسری جانب، ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محمد مخبر نے کہا ہے کہ حالیہ علاقائی صورتحال کے بعد ایران کا صبر ہمیشہ برقرار نہیں رہے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں محمد مخبر نے بعض خلیجی ممالک کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے برسوں تک ان ممالک کو دوست اور برادر سمجھا لیکن انہوں نے اپنی خودمختاری کو داؤ پر لگا کر اپنی سرزمین اور وسائل ایران اور فلسطین کے دشمنوں کے حوالے کردیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ جنگ کے دوران سینٹکام کے زیر استعمال اڈوں کے خلاف ایران نے اپنے ردعمل میں تحمل کا مظاہرہ کیا تاہم یہ تحمل ہمیشہ جاری نہیں رہے گا۔ محمد مخبر نے کہا کہ اگر حالات اسی طرح رہے تو ایران آئندہ زیادہ سخت ردعمل دے سکتا ہے۔ دریں اثناء امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر فیصلہ کن حملہ پاکستان کے بعض بہت اچھے لوگوں کی درخواست پر روکا، وہ شخصیات ایران کے بہت قریب ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ایران پر فیصلہ کن حملہ پاکستان کے بعض بہت اچھے لوگوں کی درخواست پر روکا، وہ شخصیات ایران کے بہت قریب ہیں، انہوں نے کہا کہ کیا ا؟ پ رک سکتےہیں، ہم ڈیل کرادیں گے۔ ٹرمپ نے ایران سے متعلق کہا کہ ہر بار جب وہ ڈیل کرتے ہیں تو اگلے روز ایسا لگتا ہےکہ ہماری بات چیت ہوئی ہی نہیں۔ ان کے ساتھ کچھ مسئلہ ہے، اصل میں وہ پاگل ہیں۔ اس کے علاوہ چین سے واپسی پر ایئرفورس ون میں میڈیا سے بات کرتےہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ جنگ بندی کے حق میں نہیں تھے مگر دوسری اقوام کے کہنے پر جنگ بندی کی، یہ جنگ بندی پاکستان پر نوازش تھی۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے دونوں کو شاندار شخصیات قرار دیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ بندی کا فیصلہ دیگر ممالک خصوصاً پاکستان کی درخواست پر کیا تھا۔ ان خیالات کا اظہار امریکی صدر نے چین کے دورے سے واپسی پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکا مستقبل میں ایران پر دوبارہ حملے بھی کر سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ امریکا نے ایران کی فوجی صلاحیت کو تقریباً تباہ کردیا ہے تاہم ایک ماہ کی جنگ بندی کے بعد وہ کھڑے ہوئے ہوں گے تو اب شاید ہمیں دوبارہ جا کر تھوڑا بہت 'کلیئر اپ ورک' کرنا پڑے گا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ میں ذاتی طور پر ایران کے ساتھ جنگ بندی کا حامی نہیں تھا لیکن دیگر ممالک بالخصوص پاکستان کی اپیل پر امریکا نے یہ قدم اٹھایا ہے۔ دوسری جانب ایران نے امریکی بیانات کو "نفسیاتی حربے" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی دفاعی حالت برقرار ہے۔ اگر ایران پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو اس کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حالیہ ہفتوں میں پاکستان، سعودی عرب، ترکی اور قطر نے پس پردہ سفارتی رابطوں کے ذریعے امریکا ایران جنگ بندی مذاکرات کے لیے بھرپور کوششیں کی ہیں۔

بقیہ مریم نواز شریف 3

ی کانسٹیبل شکیلہ پر قوم کو فخر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے حملے میں زخمی شوہر اور بیٹے کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

بقیہ نام تعریفی خط 4

پاکستان کاکس کی جانب سے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کے لیے مخلصانہ تشکر اور دائمی قدردانی کا اظہار کیا گیا ہے۔ کانگریشنل پاکستان کاکس کے شریک چیئرمین اور امریکی رکن کانگریس جیک برگمین کا کہنا ہے کہ پاکستان کا امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانا حقیقی ریاستی بصیرت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کے درمیان جاری امن مذاکرات میں پاکستانی سیاسی و عسکری قیادت کی رہنمائی پر دلی طور پر مشکور ہوں۔ جیک برگمین کے مطابق پاکستان اور امریکا کے تعلقات دیرپا اسٹریٹجک اہمیت کے حامل ہیں۔ امریکی رکن کانگریس کا کہنا تھا کہ وائٹ ہاؤس اور امریکی کانگریس پاکستان کے منفرد اور مثبت سفارتی کردار کا عوامی سطح پر اعتراف کر چکے ہیں۔ جیک برگمین نے مزید کہا کہ پاک امریکا اسٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے جلد پاکستان کا دورہ کروں گا۔

بقیہ وزیراعظم 5

شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دی جائیں گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور قیام امن کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ وزیراعلیٰ 6

خواتین، اساتذہ اور بچوں کو نشانہ بنا کر دہشت گرد عناصر خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں، تاہم حکومت اور سیکیورٹی ادارے ایسے عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے مکمل طور پر متحرک ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لیڈی پولیس اہلکار کے خاندان پر حملہ دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے اور معصوم شہریوں پر حملے کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھرپور کارروائی جاری رکھی جائے

بقیہ کارگو موصول 7

سرائیل کے ایران کے ساتھ تنازع سے پیدا ہونے والے علاقائی سپلائی کے تعطل کے درمیان بجلی کی بڑھتی ہوئی قلت سے بچنے کے لیے کوششیں تیز کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز پاکستان کو قطر سے مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کا اپنا کارگو موصول ہوا ہے جو تین دنوں کے اندر قطر سے پاکستان پہنچنے والا دوسرا کارگو ہے۔ حکام کے مطابق تقریباً 160000 کیوبک میٹر ایل این جی لے جانے والا ایل این جی بردار جہاز "محزم"، پورٹ قاسم، کراچی میں پاکستان گیس پورٹ کنسورشیم لمیٹڈ کے ٹرمینل 1 پر لنگرانداز ہوا۔ اس سے قبل 13 مئی کو فلیکس ایل این جی بردار جہاز "الخریطیات" اینگرو ایل این جی ٹرمینل پر لنگرانداز ہوا تھا۔

بقیہ نواز شریف 8

یہ بات وفاقی وزرا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال نے جاتی امرا میں میاں نواز شریف سے ملاقات کی، ملاقات میں ملکی اور خطے کی صورتحال، امریکا، ایران جنگ اور پاکستان کی ثالثی کی کاوشوں پر گفتگو کی گئی۔ اسحاق ڈار نے نواز شریف کو آئندہ بجٹ کی تفصیلات سے تفصیلی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر نواز شریف نے ہدایت کی کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کنٹرول ہوگی تو عوام کو سکون ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسی پالیسیاں بنائی جائیں کہ عوام پر بوجھ کم سے کم پڑے۔ اسحاق ڈار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکا، ایران جنگ کے خاتمہ اور امن کے حصول کیلیے پاکستان کا کردار تاریخی ہے، امریکا، ایران تنازع کے حل کیلیے مسلسل مذاکرات اور سفارتکاری ناگزیر ہے، مذاکرات ہی چیلنجز سے نمٹنے اور دیرپا علاقائی امن واستحکام کا واحد ذریعہ ہیں۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف معیشت مزید مضبوط کرنے کیلیے دن، رات ایک کررہے ہیں، پاکستان نے ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے کیلیے تیاری مکمل کرلی، برآمدات میں اضافہ ہوا تو 2035 تک پاکستان کا شمار دنیا کی بہترین معیشتوں میں ہوگا۔

بقیہ لیکچرار جاں بحق 9

افراد زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لیڈی کانسٹیبل شکیلہ اپنی شوہر سنیل جان اور بیٹے کے ہمراہ موٹر سائیکل پر بازار جارہی تھی کہ تربت کے علاقے آبسر ریسرچ فارم کے قریب نامعلوم ملزمان نے ان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں لیڈی کانسٹیبل موقع پر شہید جبکہ اس کا شوہر اور بچہ شدید زخمی ہوگیا فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور ملزمان موقع سے فرار ہوگئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس، سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی بتایا جاتا ہے کہ شہید کانسٹیبل شکیلہ بی بی 3 بچوں کی ماں تھی اور 2015ء سے بلوچستان پولیس میں خدمات سرانجام دے رہی تھی۔ جاں بحق لیڈی پولیس کانسٹیبل شکیلہ کی نماز جنازہ پولیس لائن تربت میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی جبکہ ایس پی ہیڈ کو ذوہیب محسن ڈی ایس پی محسن بلوچ، ڈی ایس پی خالد، ڈی ایس پی لال جان اور ایس ایچ او عبدالغفار دشتی سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ ایس پی ذوہیب محسن نے واقعے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حملے کی باریک بینی سے تحقیقات کی جارہی ہیں

بقیہ کا اظہار افسوس 10

افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم ہاؤس کی جانب سے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مرحوم الطاف حسین قریشی کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ میں کمی کا امکان 11

ل کی قیمت 330 روپے 32 پیسے مقرر کی گئی ہے، اس سے قبل فیول کی قیمت 441 روپے 66 پیسے تھی۔ دوسری جانب لائٹ ڈیزل آئل 8 روپے 8 پیسے فی لٹر کمی ہوئی اور نئی قیمت 265 روپے 84 پیسے سے بڑھا کر 273 روپے 92 پیسے مقرر ہے۔

بقیہ نام تعریفی خط 12

کے نام اہم تعریفی خط ارسال کیا ہے۔ کانگریشنل پاکستان کاکس کی جانب سے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کے لیے مخلصانہ تشکر اور دائمی قدردانی کا اظہار کیا گیا ہے۔ کانگریشنل پاکستان کاکس کے شریک چیئرمین اور امریکی رکن کانگریس جیک برگمین کا کہنا ہے کہ پاکستان کا امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانا حقیقی ریاستی بصیرت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کے درمیان جاری امن مذاکرات میں پاکستانی سیاسی و عسکری قیادت کی رہنمائی پر دلی طور پر مشکور ہوں۔ جیک برگمین کے مطابق پاکستان اور امریکا کے تعلقات دیرپا

بقیہ اے پی این ایس 13

پیش کرتے ہوئے انہیں اردو صحافت کی سب سے معزز اور بااثر شخصیات میں سے ایک قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافت اور فکری مباحث میں ان کی نمایاں خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ APNS کے عہدیداران نے کہا کہ اردو ڈائجسٹ کے ذریعے جناب الطاف حسن قریشی نے پاکستان میں سنجیدہ صحافت، قومی فکر اور ادبی اقدار کے فروغ میں شاندار کردار ادا کیا۔ ان کا ادارتی وژن، دیانت داری اور ذمہ دار صحافت سے وابستگی نے انہیں میڈیا برادری اور ملک بھر کے قارئین میں بے پناہ احترام دلایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قریشی کا انتقال پاکستان کی صحافتی اور ادبی برادری کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ APNS

بقیہ نوٹس لے لیا 14

پر واقعے میں ملوث ملزم کے خلاف کارروائی تیز کردی گئی ہے۔ معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ ٹریفک پولیس اہلکار پر گاڑی چڑھانے والے ملزم کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور قانون شکن عناصر کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ گاڑی چلانے والے شخص کی شناخت میں قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعاون کریں۔ اگر کسی شہری کے پاس ملزم سے متعلق کوئی بھی معلومات ہوں تو فوری طور پر متعلقہ اداروں کو آگاہ کیا جائے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ ریمانڈ میں مزید توسیع 15

دوبارہ پیش کرنیکا حکم دیا گیا ہے۔ عدالت نے ضلع جنوبی کے دیگر 13 مقدمات میں ملزمہ کا جوڈیشل ریمانڈ دے دیا۔ ادھر ملیر کی عدالت نے بچل تھانے کے کیس میں انمول عرف پنکی کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر سے 14 روز میں چالان طلب کرلیا۔ اس حوالے سے پراسیکیوشن کا کہنا ہےکہ عدالتی فیصلہ چیلنج کریں گے۔ خیال رہےکہ ملزمہ پنکی کو کراچی کی عدالتوں میں پیشی کے موقع پر آج چہرہ ڈھانپ کر لایا گیا

بقیہ ،شاہد رند 16

بنانا کھلی بربریت ہے، دہشت گردوں کی فائرنگ سے لیڈی پولیس اہلکار کے شوہر اور بیٹے کا زخمی ہونا افسوسناک ہے، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، یہاں جاری کردہ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ پروفیسر غمخوار حیات پر حملہ بلوچستان کی علمی، ادبی اور فکری اقدار پر حملہ ہے، علم و قلم کے دشمن عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، دہشت گرد اساتذہ، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا کر خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں، حکومت اور سیکورٹی ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ ،عراقچی 17

برداشت کرنے ہوں گے، امریکا میں مہنگے پٹرول اور اسٹاک مارکیٹ کی بات نہ بھی کی جائے تو اصل تکلیف اس وقت شروع ہوگی، جب امریکا کے قرض میں اضافہ ہوگا اور مارگیج کی شرح بڑھے گی۔

بقیہ بنانے کا فیصلہ 18

کرینوالے افراد سے رابطے کیے جائینگے، رضا کارانہ طور پر بیان دینے والے متاثرہ افراد کو گواہ کے طور پر تحقیقات کا حصہ بنایا جائیگا۔ پنکی کیس میں اعلیٰ افسران کی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی سربراہی ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے کی، اجلاس میں ڈی آئی جیز اسد رضا، اظفر مہیسر، عرفان بلوچ، عامر فاروقی اور شیراز نذیر، ایس ایس پی ایس آئی یو سمیع اللہ سومرو شریک ہوئے۔

بقیہ علمبردار خاموش 19

ین پراکسی نے نشانہ بنایا۔ بلوچستان کی ایک اور بیٹی، کانسٹیبل شکیلہ بلوچ بھی انڈین پراکسی کی نذر ہو گئی۔ تربت میں لیڈی کانسٹیبل شکیلہ بلوچ کو فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے اس وقت نشانہ بنایا جب وہ ڈیوٹی پر جارہی تھی۔ یہ حملہ صرف ایک ذمہ دار خاتون پر نہیں بلکہ بلوچستان کی ان تمام بہادر خواتین پر حملہ ہے جو عوام کے تحفظ کے لیے فرنٹ لائن پر کھڑی ہیں۔

بقیہ تیاری شروع 20

حکام سے ملاقات کی جس میں راول کاسترو کے پوتے راول روڈریگیز کاسترو بھی موجود تھے۔ تاہم اس ملاقات کے حوالے سے زیادہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ خدشہ ہے وینزویلا کے صدر اور اہلیہ کی طرح راول کاسترو کو بھی گرفتار کرکے امریکا لایا جائے گا۔ ادھر امریکی حکام کا کہنا ہے کہ راول کاسترو پر فرد جرم کے لیے گرینڈ جیوری کی منظوری درکار ہوگی اور تمام تر قانونی تقاضوں کا بغور جائزہ لیا

بقیہ تعلیم اور تربیت 21

کہ فنڈ کو 10 رکنی بورڈ کے ذریعے شفاف اور پیشہ ورانہ انداز میں چلایا جائے گا، جبکہ اس میں سرکاری و نجی شعبوں کے ماہرین اور خواتین کی نمائندگی بھی شامل ہوگی شرکاء کو بتایا گیا کہ فنڈ کے تحت میری ٹائم سیکٹر میں نوجوانوں کے لئے ملکی و بین الاقوامی اسکالرشپس متعارف کرائی جائیں گی تاکہ انہیں عالمی معیار کی تعلیم اور تربیت فراہم کی جاسکے

بقیہ انتقال کرگئے 22

کے فروغ کے لیے تاریخی اور غیرمعمولی کردار ادا کیا۔

بقیہ نامہ موصول 23

کو بھجوا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین محسن نقوی کے بھارت جانے یا نہ جانے کا حتمی فیصلہ وزیراعظم شہباز شریف کریں گے۔ واضح رہے آئی پی ایل کا فائنل 31 مئی کو بھارتی شہر احمد ا؟ باد میں شیڈول ہے۔ دوسری جانب کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے اجلاس رواں ماہ میں دو مرحلوں میں ہوں گے، ا؟ ئی سی سی چیف ایگزیکٹو کمیٹی کا ورچول اجلاس 21 مئی کو ہوگا جبکہ ا؟ ئی سی سی بورڈ میٹنگ 30 اور 31 مئی کو بھارت کے شہر احمد ا؟ باد میں ہوگی

بقیہ 262 روپے کا ہوگیا 24

کا ہوگیا، جبکہ 10 گرام سونا 515 روپے کم ہوکر 4 لاکھ 8 ہزار 317 روپے کا ہوگیا ہے۔ اسی طرح 24 قیراط فی تولہ چاندی 159 روپے سستی ہوکر 8 ہزار 73 روپے پر آ گئی ہے۔ دوسری جانب انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس سونا 6 ڈالر گھٹ کر 4 ہزار 539 ڈالر پر آ گیا۔ صرافہ ڈیلرز کے مطابق مقامی مارکیٹ میں فی تولہ سونا دو روز میں 16 ہزار 1 سو روپے سستا ہوگیا ہے۔

بقیہ ٹرمپ 25

داعش کیاعلیٰ رہنما کو ختم کردیا، میری ہدایت پر امریکی فوج نیداعش کمانڈر کو ہلاک کیا، بلال المنوکی عالمی سطح پرداعش کا دوسرا کمانڈر تھا، بلال المنوکی اب افریقا کے لوگوں کو دہشت زدہ نہیں کرے گا۔ امریکی صدر نیمزید کہاایران کوروزانہ تیل 200 ڈالر تک بھی جاتا تو منظور تھا

بقیہ جماعت اسلامی 26

قابل گیم چینجر (Game Change) بن گیا، مفت آئی ٹی تعلیم کی فراہمی کے الخدمت پاکستان کے اس پروگرام میں اب تک چودہ لاکھ پچاس ہزار بچے رجسٹرڈ ہو چکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے چترال میں بنو قابل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا شمالی عنایت اللہ خان، سیکرٹری جنرل الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان وقاص انجم جعفری اور امیر ضلع وجیہ الدین نے بھی شرکاء سے خطاب کیا۔ مغفرت شاہ، عبدالحق، بنو قابل کے چیف ایگزیکٹو شاہد اقبال، عمیر ادریس اور دیگر رہنما بھی اس موقع پر موجود تھے۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے زیراہتمام مفت آئی ٹی تربیت میں داخلہ کی تقریب میں ہزاروں طلبا و طالبات نے امتحان دیا۔

بقیہ عمارت کو جلادیا، 27

لینے کے بعد عمارت کو نذر آتش کردیا ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملہ آور بھاری اور جدید اسلحے سے لیس تھے، جنہوں نے اچانک حملہ کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنایا اور تھانے سمیت دیگر سرکاری تنصیبات کا گھیراؤ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حملے کے دوران شدید فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں دور دور تک سنی گئیں، جس سے شہریوں میں شدید خوف وہراس پھیل گیا

بقیہ پربات چیت 28

معاملات پر متحدہ عرب امارات کے تعاون کو بھی سراہا۔ روسی صدر آئندہ منگل کو دو روزہ دورے پر چین روانہ ہونے والے ہیں۔ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف جنگ اور اس کے جواب میں ایران کے علاقائی حملوں کے بعد ایران اور متحدہ عرب امارات کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

بقیہ کردار ادا کررہا ہے 29

روزمرہ زندگی میں قابل اعتماد اور قابل رسائی روابط کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ آج ڈیجیٹل نیٹ ورکس تعلیم، صحت، تجارت، بینکاری اور عوامی خدمات کیلئے بنیادی ضرورت بن چکے ہیں خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والے شہریوں کے لئے یہ رابطہ کاری اب معاش اور معلومات تک رسائی کا اہم ذریعہ بن گئی ہے۔ پاکستان کا ٹیلی کمیونی کیشن شعبہ قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہا ہے

بقیہ میر ضیا لانگو 30

شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ لیڈی پولیس اہلکار شکیلہ اور ان کے خاندان پر حملہ نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں بلکہ پوری انسانیت پر حملہ ہے، اور ایسے بزدلانہ حملوں میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیرداخلہ بلوچستان نے واضح کیا کہ قانون شکن اور ریاست دشمن عناصر ریاستی اداروں کی رٹ کو چیلنج نہیں کرسکتے، اور ان کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ طلب کرلیا گیا 31

چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ اس کے علاوہ زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس بھی صوبائی ہیڈکوارٹرز لاہور، کراچی، کوئٹہ اور پشاور میں منعقد ہوں گے، جہاں سے موصول ہونے والی شہادتوں کی روشنی میں چاند نظر آنے یا نہ آنے کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ کا اعلان 32

طے پانے کی تصدیق کردی۔ چینی میڈیا کے مطابق وزارت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان چین کی جانب سے امریکی طیاروں کی خریداری اور امریکا کی طرف سے طیاروں کے انجنز اور پرزہ جات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر اتفاق ہوا ہے جبکہ متعلقہ شعبوں میں تعاون جاری رکھنے پر بھی رضامندی ظاہر کی گئی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس سے قبل کہہ چکے ہیں کہ معاہدے کے تحت کم از کم 200 طیارے امریکی کمپنی بوئنگ سے خریدے جائیں گے

بقیہ نرمی کا فیصلہ 33

لاک ڈاؤن میں نرمی کا اطلاق کیم جون تک جاری رہے گا، جس دوران تمام چھوٹی بڑی دکانیں، کاروباری مراکز، شاپنگ مالز اور مارکیٹیں کھلی رہیں گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد عید کی خریداری کے دوران شہریوں کو سہولت فراہم کرنا اور کاروباری طبقے کو درپیش مشکلات میں کمی لانا ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے توانائی بچت پالیسی کے تحت ملک بھر میں لاک ڈاؤن نافذ کیا تھا، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں محدود ہوگئی تھیں۔ تاہم عیدالاضحی کے پیش نظر بلوچستان حکومت نے حالات کا جائزہ لینے کے بعد عوامی مفاد میں نرمی دینے کا فیصلہ کیا ہے

بقیہ تعاون کا نیا باب 34

برقرار رکھا۔ چینی ٹی وی کو انٹرویو اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پانڈا بانڈ کا اجرا پاکستان اور چین کے مالیاتی تعاون کا نیا باب ہے، پاکستان کو پہلی بار چین کی مقامی سرمایہ مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوئی ہے۔ چینی ٹی وی کو انٹرویو میں محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پانڈا بانڈ کا اجرا پاکستان کی معاشی ساکھ پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے، جس سے پاکستان اور چین کے مالیاتی روابط مزید مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان ایک چوتھائی تجارت آر ایم بی اور یوآن میں ہورہی ہے

بقیہ ،اعظم نذیر 35

پراسیس نہیں ہوگا، ابھی کچھ واضح نہیں، ڈرافٹ بنے پر ترمیم کے خدوخال واضح ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاق کو چلانے کیلیے کچھ مسائل درپیش ہیں، ایم کیوایم کے ساتھی کہتے ہیں کہ مقامی حکومتوں کو مضبوط کیا جائے، جو تجویز وہ لائے وزیراعظم نے اس پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی ذمہ داری سونپی تھی، وزیراعظم حکومت میں ہیں

بقیہ حماس 36

اس حملے میں عزالدین الحداد کی اہلیہ، بیٹی اور دیگر فلسطینی شہری بھی شہید ہوئے۔ حماس نے کہا کہ یہ حملہ غزہ میں جاری جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی اور بے گناہ شہریوں کے خلاف اسرائیلی جارحیت کا تسلسل ہے۔ حماس کے بیان میں کہا گیا کہ عزالدین الحداد، جنہیں ابوصہیب بھی کہا جاتا تھا، القسام بریگیڈز کے سربراہ تھے اور انہوں نے اپنی زندگی مزاحمت، جدوجہد اور فلسطینی عوام کے دفاع کے لیے وقف کررکھی تھی

بقیہ گیا، بیرسٹر گوہر 37

کہا کہ کشمیر الیکشن کمیشن نے بغیر کسی معقول وجہ کے پی ٹی آئی کشمیر کی رجسٹریشن مسترد کردی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر ہائی کورٹ نے 5 اکتوبر 2023 کو تمام سیاسی جماعتوں کی رجسٹریشن منسوخ کرتے ہوئے ازسرنو رجسٹریشن کا حکم دیا تھا، جس کے تحت پی ٹی آئی کشمیر نے 20 نومبر 2023 کو تمام مطلوبہ دستاویزات جمع کروادی تھیں۔ واضح رہے کہ سنچ کو پاکستان کے زیرانتظام کشمیر میں 2026 کے انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف کی رجسٹریشن کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی نے عدالت عالیہ کے فیصلے 'وحید اشرف و دیگر بنام الیکشن کمیشن و دیگر' اور متعلقہ انتخابی قوانین کی روشنی میں رجسٹریشن کے لیے درخواست جمع کروائی تھی۔ بیرسٹر گوہر کے مطابق دیگر بڑی سیاسی جماعتوں، پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن)، جمعیت علمائے اسلام اور جماعت اسلامی، کو رجسٹر کر لیا گیا، جبکہ پی ٹی آئی کی درخواست کو طویل عرصے تک زیر التوا رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 30 ماہ بعد اب الیکشن کمیشن نے ایک پریس ریلیز کے ذریعے رجسٹریشن سے انکار کردیا ہے، حالانکہ پی ٹی آئی کشمیر کی بڑی جماعتوں میں شمار ہوتی ہے

بقیہ جمال شاہ کاکڑ 38

کی سازش کی جارہی ہے، مگر ایسے بزدلانہ ہتھکنڈوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، جو قیام امن کیلئے لازوال قربانیاں دے رہے ہیں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ان کے خلاف بھرپور کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی اور کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں امن و امان کے قیام کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھا رہی ہیں۔

بقیہ سینیٹر عبدالقادر 39

سرکاری اسکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں جبکہ دیہی علاقوں میں صورتحال زیادہ تشویشناک ہے۔ خصوصاً بلوچستان میں کئی اسکول اساتذہ، عمارتوں اور تدریسی سہولیات کے بغیر چل رہے ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ غربت، پسماندگی اور تعلیمی اداروں کی کمی کے باعث بڑی تعداد میں بچے اسکول جانے کے بجائے محنت مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ لڑکیوں کی تعلیم کی صورتحال بھی انتہائی خراب ہے۔ کوئی بھی ملک بلند شرح خواندگی کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا۔ دنیا کی ترقی یافتہ اقوام نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا جبکہ پاکستان میں تعلیمی بجٹ اب بھی تہایت کم ہے۔ اگر صورتحال یہی رہی تو بے روزگاری، غربت اور جرائم میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے

بقیہ پشتونخوا نیپ 40

چوری اور جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات عوام کیلئے شدید تشویش کا باعث بن چکے ہیں، جبکہ حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام نظر آتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ علاقہ تکتو کے منگلہ، سرغوزئی، خولہ، کلی شبک تاسران کچھ اور گردونواح کے علاقوں پر قبضے کی ناروا کوششیں مسلسل جاری ہیں، جس پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور مقامی عوام کو سخت تشویش لاحق ہے۔ پارٹی نے واضح کیا کہ مذکورہ زمینیں ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق مقامی عوام (بازئی قبائل) کی ملکیت ہیں، لہٰذا کسی بھی فرد، گروہ یا بااثر عناصر کی جانب سے ان زمینوں پر قبضے کی کوشش نہ صرف غیر قانونی بلکہ عوام کے بنیادی حقوق پر حملہ ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ پشتون عوام اپنی قومی زمینوں، وسائل اور ملکیتی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے اور نہ ہی کسی ناجائز قبضے کو تسلیم کیا جائے گا

بقیہ گاڑی بے قابو 41

ریسکیو 1122 کی ایمبولینس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تمام زخمیوں کو خضدار ٹراما سینٹر منتقل کیا۔ شدید زخمیوں کو ڈاکٹروں کے مشورے پر فوری طور پر کراچی ریفر کر دیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی، ایس پی خضدار دوستین دشتی، اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر وڈھ اکبر علی مزارزئی اور ڈی جی اور کے بی وائی ٹی ڈاکٹر عطاء اللہ غدرانی ہسپتال پہنچ گئے۔ انہوں نے زخمیوں کی عیادت کی اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔ ضلعی انتظامیہ نے متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ اسٹیٹ بینک 42

تک ایس ایم ای فنانسنگ 1500 ارب تک لیکر جائیں گے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ قرضوں کا حجم بھی بڑھایا ہے، اندرونی قرض بڑھا ہے، بیرونی قرض کم کیا ہے، برآمدات کم ہونے کی وجہ عالمی حالات ہیں اور رواں مالی سال کے برآمدی اہداف 2 ارب روپے کم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے نوٹوں پر کام جاری ہے اور حکومت سے منظوری کا عمل بھی جاری ہے۔

بقیہ پشتونخوا میپ 43

گیا ہے مگر دوسری جانب سرکاری سطح پر لوٹ مار، کرپشن اور شاہ خرچیاں بدستور جاری ہیں غریب دکاندار اور چھوٹے تاجر فاقوں پر مجبور ہیں جبکہ حکومت محض نمائشی اقدامات اور دعوؤں میں مصروف ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ سمارٹ لاک ڈاؤن کے باعث عیدالاضحی کے موقع پر کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں بلکہ معیشت کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے تاجر برادری، دکانداروں اور عام شہریوں کو خرید و فروخت، آمد و رفت اور روزمرہ ضروریات کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے بازاروں کی محدود بندش اور اوقات کار میں کمی نے چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد کے معاشی مسائل میں اضافہ کردیا ہے اس سلسلے میں پنجاب اور سندھ میں بھی سمارٹ لاک ڈاؤن ختم کرتے ہوئے تاجروں، ہوٹلز، ریسٹورنٹس، شاپنگ مالز، دکانداروں اور ہر مکتبہ فکر کے عوام کو ریلیف دیا گیا ہے

بقیہ نسیم الرحمان خان 44

کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے، جبکہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان کے عوام کو صحت کے شعبے میں تاریخی منصوبے دے کر ایک نئی امید پیدا کی ہے۔ صوبائی مشیر ماحولیات نے کہا کہ 150 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سینٹر کے قیام سے حادثات اور ہنگامی صورتحال میں فوری اور معیاری علاج کی سہولت میسر آئیں گی، جو صوبے میں ایمرجنسی ہیلتھ سروسز کو مزید مؤثر بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر ایمبولینس سروس کا آغاز ایک اہم سنگ میل ہے، جس کے ذریعے حاملہ خواتین، زخمی افراد اور دیگر مریضوں کو بروقت اسپتال منتقل کیا جا سکے گا، جبکہ بلوچستان کی پہلی سرکاری ایئر ایمبولینس سروس دور دراز اور دشوار گزار علاقوں سے مریضوں کی فوری فضائی منتقلی یقینی بنائے گی۔ نسیم الرحمن خان نے مزید کہا کہ باچا خان میموریل ہسپتال خواتین اور بچوں کو جدید طبی سہولیات فراہم کرے گا، جبکہ 164 بنیادی صحت مراکز کی بحالی سے دیہی اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ عثمان بادینی 45

واقعات بلوچستان کی علمی، ادبی اور تہذیبی شناخت پر حملہ ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حیات غمخوار ایک فرد نہیں بلکہ ایک علمی ادارہ تھے، جنہوں نے پوری زندگی براہوی زبان، ادب، تعلیم اور شعور کے فروغ کیلئے وقف کررکھی تھی۔ نوجوان نسل کو علم، قلم، شعور اور مثبت فکر کا راستہ دکھایا۔ ان کی ادبی تخلیقات، خدمات اور تدریسی کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ایسے عظیم انسان کا قتل پورے بلوچستان خصوصاً نوشکی کے علمی و ادبی حلقوں کے لئے ناقابل تلافی نقصان ہے

بقیہ سوالیہ نشان 46

ہے آئے روز ٹرانسپورٹرز کی کروڑوں روپے کی گاڑیاں نذر آتش کی جارہی ہے جس کی آج تک کوئی روک تھام نہیں ہو سکا جبکہ ٹرانسپورٹرز پاکستان میں ہر شعبے سے زیادہ قومی خزانے میں ٹیکس دیرہے ہیں ہر روز ٹرانسپورٹروں کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا جارہا ہے پاکستان میں سب سے زیادہ ٹیکس بھی ٹرانسپورٹ کی مد میں ادا ہوتا ہےاس کے باوجود بھی ٹرانسپورٹروں کو کوئی تحفظ نہیں ملتا یہ ریاست کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے ہم متعلقہ حکام اور ملک کو چلانے والے حساس اداروں سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ بلوچستان کے تمام سڑکوں پر ہمیں ذمہ دارانہ تحفظ فراہم کرے اور جلے ہوئے ٹرکوں کے مالکان کو معاوضہ دیا جائے بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز ایک سنگین احتجاج کرے گی۔

بقیہ بصیر خان بارکزئی 47

نے کہا کہ ملکی سطح پر تمام صوبوں میں جمہوری وطن پارٹی گلدستے کی مانند ہے جس میں ہر رنگ اور ہر خوشبو کے لوگ موجود ہیں انہوں نے کہا کہ نوابزادہ شازین بگٹی اور نوابزادہ گہرام خان بگٹی کی قیادت میں بلوچستان کے ساحل و وسائل کے حصول اور بلوچستانی عوام کے حقوق کے دفاع کرنے میں پیش پیش ہیں جمہوری وطن پارٹی کے بانی شہید وطن نواب اکبر خان بگٹی کے وژن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ مولانا عبدالقادر لونی 48

کے امیر قاری ثناء اللہ فاروقی نے کہا کہ حکمرانوں نے عجیب مذاق قوم کیساتھ شروع کیا ہے ایک ہفتہ میں 55 روپے پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرکے دوسرے ہفتے 5 روپے کمی کرکے عوام کو بیوقوف بنارہے ہیں دوسری جانب آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر مسلسل قوم کا استحصال کیا جارہا ہے اور اب تمام شرائط تسلیم کرنے کا اعلان حکومت نے کردیا جس سے ملک سنگین اقتصادی ومعاشی مسائل کا شکار ہوگا نارواٹیکسز سے انڈسٹریز تباہ، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ ہورہا ہے

بقیہ عبدالرحمان رفیق 49

علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے 22 مئی کو قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کی ہدایت پر مہنگائی، بدامنی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی جائے گی انہوں نے تمام یونٹوں کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ ریلی کی کامیابی کو یقینی بنانے کیلئے فوری طور پر بھرپور اور منظم تیاریوں کا آغاز کریں اور عوامی رابطہ مہم کو مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی ظالمانہ اور ناکام پالیسیوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور معاشی بدحالی نے غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔

بقیہ عارف کاکڑ 50

ے تمام اختیارات اپنے پاس رکھے جبکہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور امن و امان کی گھمبیر صورتحال پر صوبائی حکومت کو موردالزام ٹھرایا جاتا ہے جو سراسر ظلم و ناانصافی ہے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام ایک پرامن قوم ہیں جو ہمیشہ امن، بھائی چارے اور ترقی کے خواہاں رہے ہیں لیکن جان بوجھ کر ہمارے علاقوں کو بدامنی کیطرف دھکیلا جارہا ہے انہوں نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پنجاب میں ترقیاتی منصوبے، تعلیم، بجلی، گیس اور دیگر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ ان وسائل میں بلوچستان اور پشتونخوا کا بھی برابر حق ہے۔

بقیہ بابر یوسفزئی 51

جبکہ معصوم خاندان پر 31 راؤنڈ فائرنگ دہشتگردوں کی سفاکیت کی انتہاء ہے انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں پر حملے دہشتگردوں کی بزدلانہ ذہنیت کا ثبوت ہیں اور فتنہ الہندوستان کو خواتین کے احترام نہ ہی بچوں کی معصومیت کا خیال ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کی بہادر خاتون اہلکار نے وطن پر جان قربان کردی، شہید لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں اور دہشتگرد عناصر اپنے منطقی انجام کے قریب پہنچ چکے ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ خواتین اہلکاروں کے حوصلے بلند ہیں اور دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ بابر یوسفزئی نے مزید کہا کہ فتنہ الہندوستان بلوچ نسل کو تعلیم سے محروم رکھنا چاہتا ہے اور خواتین اہلکاروں اور اساتذہ کو نشانہ بنانا کھلی دہشتگردی ہے انہوں نے بتایا کہ آج صبح پروفیسر غمخوار حیات کو بھی شہید کیا گیا، جبکہ خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ گوادر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر رزاق صابر اور ڈاکٹر منظور کو بھی فتنہ الہندوستان نے اغواء کیا ہے انہوں نے کہا کہ دہشتگرد بلوچستان میں تعلیم کے دروازے بند کرنا چاہتے ہیں، تاہم بلوچستان کے عوام دہشتگردی اور جہالت کے ایجنڈے کو مسترد کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فتنہ الہندوستان کا مقصد بلوچستان میں خوف، جہالت اور بدامنی پھیلانا ہے، جبکہ تعلیم دشمن عناصر بلوچ نوجوانوں کا مستقبل تاریک کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ ہدایت الرحمان بلوچ 52

کے زیراہتمام ممبرسازی بدل دو نظام دعوتی کیمپ میں میڈیا ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امراء ڈاکٹر عطاالرحمان مولانا محمد عارف دمڑ حافظ نورعلی جماعت اسلامی کوئٹہ کر رہنماء مولانا عبدالحمید منصوری جمیل احمد مشوانی محمد حلیم حماس اعجاز محبوب ودیگر نے بھی خطاب کیا بدل دو نظام دعوتی ممبرسازی کیمپ میں سینکڑوں نوجوانوں شہریوں علماء کرام نے جماعت اسلامی کی ممبرشپ اختیار کی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے نئے ممبرز کو مبارکباد دی اور اپنے خطاب میں مزید کہا کہ بلوچستان کے بارڈرز، کاروبار تجارت کو بند کیا گیا ہے پچاس لیٹر پٹرول لانے والوں کو شہید کیا جارہا ہے عوام محفوظ نہ علمائے کرام اور بچے بلوچستان میں خوف دہشت کا ماحول بنادیا گیا ہے۔

بقیہ اظہار افسوس 53

نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے اور حکومت انہیں ہر صورت منطقی انجام تک پہنچائے گی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان حکومت شہید لیڈی پولیس اہلکار کے خاندان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندان کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گرد عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

بقیہ دوکانیں خالی کرالیں 54

جن کرایہ داروں نے مقررہ وقت میں واجبات ادا کیے، ان کی دکانیں فوری طور پر ڈی سیل کر دی گئیں۔ یہ کارروائی اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ میونسپل مجسٹریٹ، ایم سی کیو حکام، اینٹی انکروچمنٹ ٹیم اور پولیس کی مشترکہ نگرانی میں انجام دی گئی۔ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق ریونیو ریکوری، ادارہ جاتی استحکام اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ طلباء کا احتجاج 55

اظہار کیے تھے اور مغوی اساتذہ کی بحفاظت واپسی کے حق میں نعرے لگائے۔ طلبہ کا کہنا تھا کہ تعلیمی شخصیات اور اداروں کے سربراہوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے اور اس سے نہ صرف تعلیمی ماحول متاثر ہورہا ہے بلکہ طلبہ اور والدین میں شدید خوف و تشویش بھی پائی جارہی ہے۔ احتجاجی طلبہ نے مطالبہ کیا کہ تعلیمی شخصیات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور مغوی اساتذہ و یونیورسٹی عملے کی جلد از جلد بحفاظت بازیابی عمل میں لائی جائے۔ طلبہ نے واضح کیا کہ جب تک وائس چانسلر، اساتذہ اور عملے کی بازیابی ممکن نہیں بنائی جاتی

بقیہ ٹریفک حادثہ 56

۔ تاہم، سر پر شدید چوٹیں) ہیڈ انجری (آنے کے باعث زخمی کی حالت تشویشناک ہونے پر اسے مزید علاج کے لیے فوری طور پر کوئٹہ ریفر کردیا گیا ہے۔ لیویز حکام نے حادثے کی تفتیش شروع کر دی ہے تاکہ وجوہات کا تعین کیا جاسکے۔

بقیہ سمارٹ لاک ڈاؤن 57

ڈاؤ نافذ کر کے چھوٹے تاجروں دکانداروں اور مزدور طبقے کے معاشی مسائل میں مزید اضافہ کردیا ہے بیان میں کہا گیا کہ ایران کی جنگ کو جواز بنا کر کاروبار بند کرنا لمحہ فکریہ ہے کیونکہ جن ممالک میں براہِ راست جنگی صورتحال موجود ہے وہاں بھی معمولات زندگی مکمل طور پر معطل نہیں کئے گئے ایران سمیت دیگر ہمسایہ و خلیجی ممالک جو اس صورتحال سے براہ راست متاثر ہیں وہاں بھی کاروباری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں جبکہ یہاں حکومت نے خوف و ہراس پیدا کر کے تاجر برادری کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی یہاں پہلے ہی مہنگائی بے روزگاری بجلی وگیس کے بھاری بلوں اور ٹیکسوں نے عوام اور تاجروں کی کمر توڑ دی ہے ایسے حالات میں مارکیٹیں بند کرنا ہزاروں خاندانوں کے چولہے ٹھنڈے کرنے کے مترادف ہے حکومت زمینی حقائق کو مدنظر رکھنے کے بجائے ایسے فیصلے کررہی ہے جن سے معیشت مزید تباہی کی طرف جارہی ہے عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ تاجروں مزدوروں اور عام عوام کے حقوق کی آواز بلند کرتی رہی ہے اور موجودہ صورتحال میں بھی پارٹی تاجر برادری کے شانہ بشانہ کھڑی ہے بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ حکومت فوری طور پر لاک ڈاؤن کا فیصلہ واپس لے مارکیٹیں اور شاپنگ سینٹرز کھولے جائیں اور تاجر برادری کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں تاکہ عید کے موقع پر کاروباری سرگرمیاں بحال ہو معاشی بحرانوں کا حل کاروبار بند کرنا نہیں بلکہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے حکومت اگر واقعی عوام کے مسائل حل کرنا چاہتی ہے تو تاجروں کے لئے آسانیاں پیدا کرے بلاجواز پابندیوں کا خاتمہ کرے اور ایسے فیصلوں سے گریز کرے جن سے عوامی مشکلات میں اضافہ ہو۔

بقیہ سکول ٹیچر 58

ہوگئے جبکہ جعفرآباد کے علاقے پولیس تھانہ حفیظ اباد جمالی کی حدود دیر ڈپ کے مقام پر گورنمنٹ ہائی سکول عبدالکریم جمالی کے ٹیچر روبیل اوڈ سے نا معلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر موٹر سائکل دو عدد موبائل فون اور پچیس ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے ادھر صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ ملک محمد علی کی حدود دچھن پٹی قبرستان میں میت کی تدفین کے دوران نا چور عبدالمالک کا موٹر سائکل چوری کر کے فرار ہوگئے۔

بقیہ سامان لوٹ لیا 59

کے جدید اسلحے کے زور پر متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں ودیگر سامان چھین لیا واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور پولیس و ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا تاہم ڈاکو رات کی تاریکی میں فرار ہوگئے جبکہ نصیراباد نوتال پولیس تھانے کی حدود قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کو لوٹ مار کے دوران فائرنگ سے دو افراد زخمی ہوگئے جبکہ گولیاں لگنے سے تین مزدہ گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا ڈاکوؤں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعے کے خلاف مشتعل افراد اور ڈرائیوروں نے قومی شاہراہ کو بلاک کردیا جس سے گاڑیوں کی لمبی قطریں لگ گئیں پولیس حکام کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کردیا گیا۔

بقیہ میر عاشق حسین 60

صوبائی صدر اسلم بلوچ رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ چیئرمین بی ایس او پجار بوئیر صالح بلوچ ممبر مرکزی کمیٹی وضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلزئی صوبائی جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ میر عبدالرحیم گرد حمید ایڈووکیٹ رئیس بشیر احمد نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے نائب صدر حنیف کاکڑ عاشق حسین کرد نے خطاب کیا۔ جبکہ نظامت کے فرائض نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر حاجی عبدالصمد بلوچ نے سرانجام دیئے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے عاشق حسین کرد اور ان کے ساتھیوں کی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے کہا کہ عاشق حسین کے والد میر عبدالصمد کرد نیشنل پارٹی کے بانی رہنماؤں میں سے تھے جنہوں نے نظریات و افکار کو مقدم رکھا اور آج ان کے فرزند نے نیشنل پارٹی میں شمولیت کرکے اپنے والد کے کارواں کو تقویت دی

بقیہ این پی 61

پر حملے اور اس کے نتیجے میں خاتون اہلکار کی جان عزیز کے ضیاع کو بھی انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا گیا نیشنل پارٹی کے ترجمان نے کہا کہ حکومت صوبے میں امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور عملاً اس کی کارکردگی صفر دکھائی دیتی ہے۔ گزشتہ دنوں گوادر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر عبدالرزاق صابر، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر منظور بلوچ اور ان کے پرسنل اسٹاف ڈاکٹر ارشاد بلوچ کے اغواء کے بھی بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور عدم تحفظ کے سنگین حالات کو واضح کرتے ہیں۔ بیان میں افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ بلوچستان میں اہل علم اہل قلم شاعر ادیب استاد اور دانشور مسلسل اغواء اور قتل کا نشانہ بن رہے ہیں، جو نہ صرف تشویشناک ہے بلکہ پورے معاشرے کے علمی وفکری مستقبل کے لئے خطرناک صورتحال ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور ایسے واقعات کے روک تھام کرنے کے لیے حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔

بقیہ شمس کرد 62

روزگاری اور عدم تحفظ کا شکار ہیں، ایسے میں مزدور طبقے پر طاقت کا استعمال ناقابل برداشت اور افسوسناک عمل ہے۔ میر شمس کرد نے کہا کہ نہتے شہریوں کے خلاف اس قسم کی کارروائیاں عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے بڑھانے کا سبب بن رہی ہیں۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہداء کے لواحقین کو انصاف اور مناسب معاوضہ فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 278 رنز بنا کر آؤٹ 63

سنچری بھی بنانے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ نجم الحسن شانتو نے 29، تنزید حسن نے 26، مومن الحق نے 22، مشفیق الرحمان نے 23 اور تیج السلام نے 16 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے خرم شہزاد نے 4، محمد عباس نے 3، حسن علی نے 2 اور ساجد خان نے ایک وکٹ حاصل کی۔

بقیہ احد چیمہ 64

کامیاب نفاذ کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صوبائی حکومتوں کے ساتھ مشاورت آئندہ وفاقی بجٹ سے قبل مکمل کرلی جائے گی تاکہ اگلے مالی سال کے لیے وسائل کی بہتر اور مؤثر منصوبہ بندی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے صوبائی حکومتیں اپنی تجاویز بروقت وزارت آئی ٹی کو ارسال کریں گی، جبکہ نئے ترقیاتی منصوبوں کے پی سی ون میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کا خصوصی کالم شامل کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ڈیجیٹل گورننس، ڈیجیٹل معیشت اور جدید ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ان کے مطابق ڈیجیٹل معیشت کے فروغ سے نہ صرف سرمایہ کاری بڑھے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ احد چیمہ کا کہنا تھا کہ نیشنل ڈیجیٹل ماسٹر پلان کا سب سے زیادہ فائدہ عام شہریوں کو ہوگا، کیونکہ تعلیم، صحت، ٹیکسیشن اور دیگر شعبوں میں عوامی خدمات کو مرحلہ وار ڈیجیٹلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن سے انسانی مداخلت کم ہوگی اور شہریوں کو بنیادی سرکاری سہولیات کے حصول کے لیے دفاتر کے غیر ضروری چکر نہیں لگانے پڑیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق ای آفس سمیت متعدد ڈیجیٹل اقدامات کامیابی کے ساتھ مکمل کیے جا چکے ہیں اور حکومت نیشنل ڈیجیٹل ماسٹر پلان کو بھی کامیاب بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ، سیکرٹری آئی ٹی ضرار ہاشم خان، چیئرمین پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی ڈاکٹر سہیل منیر سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی

بقیہ نصراللہ خان زیرے 65

دوست سیاست کو فروغ دیا ہے اور ہر قسم کے مشکل حالات، سیاسی جبر، ناانصافیوں، ریاستی دباؤ اور عوام دشمن پالیسیوں کے باوجود کبھی بھی اپنے عوام کے حقوق کی جدوجہد سے دستبرداری اختیار نہیں کی انہوں نے ان خیالات کا اظہار تختانی بائی پاس اول، لوہڑ کلی میں حاجی راز محمد عرف جانان ماما اچکزئی حمیدزئی اور دیگر ساتھیوں کی قیادت میں 198 افراد کی پشتونخوا نیپ میں شمولیت کے سلسلے میں منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور پارٹی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ اجتماع میں حاجی راز محمد عرف جانان ماما اچکزئی کی قیادت میں 20 افراد، رحمت اللہ اچکزئی حمیدزئی کی قیادت میں 10، یار محمد ملیزئی کی قیادت میں 15، حاجی رمضان آغا کا ملیزئی کی قیادت میں 13، حاجی عبدالخالق اچکزئی کی قیادت میں 20، بسم اللہ خان اچکزئی کی قیادت میں 10، عبدالکریم خان سلیمان خیل کی قیادت میں 9، ڈاکٹر محمد الکوزئی کی قیادت میں 16، احمد اللہ سلیمان خیل کی قیادت میں 12، شاہ ولی خان الکوزئی کی قیادت میں 5، محمد اشرف ملیزئی کی قیادت میں 13، نجیب اللہ نورزئی کی قیادت میں 4، شمس الرحمٰن کی قیادت میں 8، عبدالرحمٰن کی قیادت میں 8 افراد محمد حنیف علیزئی کی قیادت میں 10، محمد رسول اورکزئی کی قیادت میں 9، اسد گل آغا کی قیادت میں 7، سیف اللہ خان کی قیادت میں 4 جبکہ روندی خان کی قیادت میں 6 عوامی و سیاسی شخصیات نے پشتونخوا نیپ میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا اجتماع سے ضلعی معاون سیکرٹری امین اللہ کاکڑ، حاجی راز محمد عرف جانان ماما اچکزئی، تیمور شاہ لالا، حاجی رازق درانی سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے قومی سیاست میں شرافت، اصول پسندی، سیاسی شعور، جمہوری روایات اور عوامی خدمت کی ایک نئی مثال قائم کی ہے

بقیہ فاروق ستار 66

ترمیم بجٹ سے پہلے آ سکتی ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے پیپلز پارٹی کی قیادت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ مقتدر حلقوں کو یہ غرور کہ "پیپلز پارٹی کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا بہت جلد خاک میں ملنے والا ہے، کیونکہ آئین کے تحت پی پی پی کے بغیر بھی بہت کچھ ممکن ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے انکشاف کیا کہ 27 ویں ترمیم کے فوری بعد ہی ایم کیو ایم کو واضح عندیہ دیا گیا تھا کہ ملک میں 28 ویں آئینی ترمیم لائی جا رہی ہے، جو قوی امکان ہے کہ بجٹ سے پہلے آ جائے گی۔ انہوں نے کہا ایم کیو ایم کی پیش کردہ آرٹیکل 140-A کے تحت بلدیاتی آئینی ترمیم اس 28 ویں ترمیم کا لازمی حصہ ہوگی، جس سے شہری حکومتوں کو مالی وسائل، اختیارات اور آئینی تحفظ ملے گا، اگر اس ترمیم میں این ایف سی کے ہاتھ پاؤں کھولے گئے تو ایم کیو ایم اس کی بھرپور حمایت کرے گی۔ رہنما ایم کیو ایم نے بتایا کہ پیپلز پارٹی کے علاوہ ملک کی تمام سیاسی جماعتیں ایم کیو ایم کی اس بلدیاتی ترمیم کی حامی ہیں، جبکہ مسلم لیگ ن نے اس حوالے سے باقاعدہ معاہدے پر دستخط کر رکھے ہیں۔ فاروق ستار نے پیپلز پارٹی کے سیاسی رویے پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آصف زرداری اور بلاول بھٹو صرف اپنے سیاسی مفادات دیکھ رہے ہیں

بقیہ درخواستیں طلب 67

57 سال اور تعلیمی قابلیت کے لئے بیچلر آف انجینئرنگ ہونا لازم ہے۔ پائلٹس کیلئے فلائنگ کا کم از کم تجربہ 4500 گھنٹے جبکہ اسسٹنٹ کیلئے تجربہ 3500 گھنٹے لازم ہے، ایسے امیدوار نااہل قرار دیئے جائیں گے جو اپنی ذاتی خامی کے باعث قبل از وقت ریٹائرڈ یا برطرف کیے گئے ہوں، پائلٹ کی غلطی یا فلائٹ سیفٹی خلاف ورزیوں پر کوئی حادثہ ہوا تو ایسے امیدوار بھی نااہل قرار دیئے جائیں گے۔ خواہشمند افراد کوائف میں سی وی، تجربے کے سرٹیفکیٹس شناختی کارڈ کی کاپی ڈائریکٹر چیف منسٹر ہیلی کاپٹر فلائٹ حکومت سندھ میں جمع کرائیں۔ حکام کے مطابق انٹرویو کے لیے صرف منتخب امیدواروں کو طلب کیا جائے گا۔

بقیہ ہیروئن برآمد 68

جات اور ایکسائز نارکوٹکس میں 6 مقدمات درج ہیں۔ حیدرآباد پولیس نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمہ تعلیمی اداروں میں منشیات کی فروخت میں ملوث ہے۔

بقیہ پاک جرمنی تعلقات 69

کے درمیان معاشی اور تجارتی روابط کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس موقع پر جرمنی کے قونصل جنرل تھامس اے شاتز نے سندھ میں جاری ترقیاتی منصوبوں، تجارتی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے مواقع میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق بھی کیا۔ جرمن قونصل جنرل کا کہنا تھا کہ جرمنی میں پاکستان کی ٹیکسٹائل، لیدر، سرجیکل آلات اور اسپورٹس گڈز کی مانگ میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ قومی اسمبلی میں جمع 70

جمع کروادی ہیں۔ دستاویزات کے مطابق مارچ دو ہزار تیئیس کے بعد ریٹائر ہونے والے ریلوے ملازمین کو اب تک واجبات ادا نہیں کیے جا سکے۔ ریٹائرڈ ملازمین کے پانچ ہزار پانچ سو اٹھتر گریجویٹی کلیمز کی مد میں دس ارب روپے جبکہ وزیراعظم معاونت پیکج کے تحت چار ہزار ایک سو پینتیس کلیمز کی مد میں سات ارب باون کروڑ روپے واجب الادا ہیں۔ اس کے علاوہ میرج گرانٹ کی مد میں ایک ارب اٹھارہ کروڑ اور بنیوولنٹ فنڈ کی مد میں ایک ارب باون کروڑ روپے کے بقایاجات ہیں۔ وزارت ریلوے کے مطابق متعدد درخواستوں کے باوجود وزارت خزانہ نے اضافی فنڈز مختص نہیں کیے۔ آٹھ ارب انیس کروڑ روپے کی اضافی گرانٹ کی سمری دسمبر دو ہزار پچیس سے زیر التوا ہے۔ گزشتہ پانچ ماہ سے اسے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے ایجنڈے پر بھی نہیں لایا گیا۔

بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات ناقابل برداشت ہیں، جمال شاہ کاکڑ

معصوم شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں، رکن قومی اسمبلی

پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، دہشتگرد عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، رہنما ن لیگ کا مذمتی بیان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگردی کے حالیہ واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ذریعے بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو سبوتاژ کرنے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جمعیت علماء اسلام کے نائب امیر مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا محمد طاہر توحیدی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گوادر، پسنی کے ساحل پر نایاب فن لیس پورپوائز مردہ برآمد

پسنی (یو این اے) پسنی کے نواحی علاقے گرانی کے ساحل پر ایک انتہائی نایاب سمندری ممالیہ انڈو پیسفک فن لیس پورپوائز (Indo Pacific Finless Porpoise) مردہ حالت میں پایا گیا ہے۔ اور ماڑہ سے تعلق رکھنے والے وائلڈ لائف ایکسپرٹ اور ماحولیاتی صحافی محمود سگار نے سائنسی مشاہدے کے بعد اس نایاب نسل کی باقاعدہ تصدیق کر دی ہے 15 مئی 2026 کو ساحل پر ملنے والے اس جاندار کو مقامی زبان میں ناپی کہا جاتا ہے، جو عالمی سطح پر تحفظ فطرت کی تنظیم (IUCN) کی ریڈ لسٹ میں خطرے سے دوچار (Vulnerable) قرار دی جا چکی ہے۔ محمود سگار نے گزشتہ واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ مکران کی ساحلی پٹی ان نایاب جانداروں کا قدرتی مسکن ہے۔۔۔

وفاقی بجٹ میں تعلیم کیلئے نمایاں فنڈز مختص کیے جائیں، سینیٹر عبدالقادر

ملک میں تعلیم سے محروم اڑھائی کروڑ بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے

ملک بلند شرح خواندگی کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا، چیئرمین قائمہ کمیٹی دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں تعلیم کے شعبے کو مسلسل نظر انداز کیے جانے کے باعث ملک میں تعلیمی بحران شدت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ کم بجٹ اور حکومتی عدم توجہی کے باعث اڑھائی کروڑ بچے آج بھی بنیادی تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ تعلیم پر ناکافی اخراجات قومی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکے ہیں۔ ملک بھر میں ہزاروں .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ظفر خان بازئی کا اغواء قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیپ

مغوی کو فوری بازیاب کر کے ان کے اہل خانہ کی بے چینی کا خاتمہ کیا جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کلی منگلہ کے رہائشی مرحوم حاجی عبداللہ جان بازئی کے فرزند ظفر خان بازئی کے اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت، ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ انہیں فوری طور پر بازیاب کر کے ان کے اہل خانہ کی بے چینی کا خاتمہ کیا جائے بیان میں کہا گیا کہ آئے روز شہریوں کے اغواء، بدامنی، .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وڈھ، ٹریفک حادثے میں طالب علم جاں بحق 5 افراد زخمی

حادثہ گاڑی الٹنے کے باعث پیش آیا، ضلعی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی، مزید تحقیقات جاری

خضدار (این این آئی) وڈھ کے قریب نیشنل ہائی وے این 25 پر طلباء کی گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی ایک نوجوان جاں بحق جبکہ 5 زخمی ہو گئے، تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو کراچی سے کوئٹہ جانے والے طلباء کی گاڑی وڈھ میں بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں سالم بلوچ موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا بھائی دینار بلوچ اور دوست درخان ولد ارشاد بلوچ، رحیم شاہ ولد یونس، شاداب ولد نثار احمد اور صادق ولد عبیداللہ زخمی ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اجتماعی قربانی ووقف قربانی

اجتماعی قربانی: اونٹ فی حصہ 66000 روپے، اجتماعی قربانی: گائے فی حصہ 30000 روپے، فی سبیل اللہ وقف قربانی: گائے فی حصہ 25000 روپے، وقف بکری، دنبہ: 40000 روپے نوٹ: اجتماعی قربانی حصہ گھر پہنچانے کا بھی انتظام ہے

زیر اہتمام: جامعہ دار العلوم ضیاء القرآن رحیمی ٹاؤن سریاب کسٹم سبی روڈ کوئٹہ

رابطہ 03218887273 0812892545

مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، مولانا عبدالرحمان رفیق

22 مئی کو عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی جائے گی، عین اللہ شمس

ریلی کی کامیابی یقینی بنانے کیلئے تیاریوں کا آغاز کیا جائے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ جمعیت .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اقدامات اٹھائے، پی ٹی آئی

آئے روز دہشتگردی و انتہاپسندی کے واقعات نے عوام کا جینا محال کر دیا، عارف کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کوئٹہ ڈویژن کے صدر عارف کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت وقت دہشت گردی اور بدامنی کے خاتمے کے فوری اقدامات اٹھائے تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ن لیگ کے دور اقتدار میں ہمیشہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بدامنی، دھماکے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے آئے روز دہشتگردی اور انتہاء پسندی سے عوام کا جینا محال ہو گیا ہے یہ بات اپنے جاری کردہ بیان میں کہی کہ وفاقی حکومت نے اس حوالے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الہندوستان نے خواتین و اساتذہ کو نشانہ بنانا شروع کر دیا، بابر یوسفزئی

تربت میں لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کو بچوں کے سامنے شہید کرنا کھلی دہشتگردی ہے، معاون محکمہ داخلہ بلوچستان

فتنہ الہندوستان کو خواتین کا احترام نہ ہی بچوں کی معصومیت کا خیال ہے، بہادر خاتون اہلکار نے وطن پر جان قربان کر دی

عوام و سیکیورٹی فورسز متحد، اہلکاروں کے حوصلے بلند، دہشتگرد عناصر اپنے منطقی انجام کے قریب پہنچ چکے، مذمتی بیان

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان نے خواتین، اساتذہ اور بلوچستان کے معصوم لوگوں کو نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے تربت میں بلوچستان کی بہادر شہید بیٹی، پولیس اہلکار لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کو بچوں کے سامنے شہید کرنا کھلی دہشتگردی ہے، .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو: ڈی سی عظیم جان دمڑ بوائز ڈگری کالج میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد ٹریفک حادثے میں زخمی بینک منیجر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد ٹریفک حادثے میں زخمی بینک منیجر دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا، پولیس کے مطابق ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے نیشنل بینک اوستہ محمد برانچ کے منیجر عبدالغفار جمالی دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا۔۔

ملک میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 7 فیصد تک جائے گی، سٹیٹ بینک

اگلے سال کی دوسری ششماہی میں مہنگائی کم ہونا شروع ہوگی، جون 2028 تک ایس ایم ای زفنانسنگ 1500 ارب تک لیکر جائیں گے

قرضوں کا حجم بھی بڑھایا، اندرونی قرض میں اضافہ ہوا، بیرونی قرض کم کیا ہے، برآمدات کم ہونے کی وجہ عالمی حالات ہیں، گورنر جمیل احمد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کا کہنا ہے کہ ملک میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 7 فیصد تک جائے گی۔ کراچی چیمبر سے خطاب کرتے ہوئے جمیل احمد کا کہنا تھا کہ رواں مالی سال نو مہینوں میں معاشی نمو 3.7 فیصد رہی جبکہ مہنگائی بڑھنے کی شرح 7 فیصد تک جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگلے سال کی دوسری ششماہی میں مہنگائی کم ہونا شروع ہوگی، جون 2028 .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ بلوچستان غلام سرور بروہی، کاشف اقبال و دیگر میر ہیبت خان حلیمی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت لاک ڈاؤن کے نام پر عوام سے روزگار چھین رہی ہے، پشتونخوا میپ

مہنگائی، ٹیکسوں اور پابندیوں کا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا دوسری جانب سرکاری سطح پر لوٹ مار و شاہ خرچیاں بدستور جاری ہیں

سمارٹ لاک ڈاؤن کے نام پر پولیس و انتظامیہ خدمت کی بجائے عوام و تاجروں کو تنگ کرنے پر تلی ہوئی ہے

حکومت بلاجواز پابندیاں ختم اور فوری طور پر عوام، تاجروں اور محنت کش طبقے کے مسائل حل کرے، صوبائی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ صوبے بھر بالخصوص کوئٹہ شہر میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے نام پر حکومت کی نااہلی، غفلت اور دوغلی پالیسی نے عوام اور تاجر برادری کی زندگی اجیرن بنا دی ہے عید کے قریب کاروبار بند کر کے لاکھوں خاندانوں کا روزگار چھینا جا رہا ہے، کفایت شعاری کے نام پر عوام پر مہنگائی، ٹیکسوں اور پابندیوں کا بوجھ ڈال دیا .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عبداللہ جان بازئی کے فرزند مظفر بازئی کو بازیاب کروایا جائے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ کے علاقے کلی منگلہ میں قبائلی رہنما مرحوم عبداللہ جان بازئی کے فرزند مظفر بازئی کے مبینہ اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے فوری طور پر مغوی کی بحفاظت بازیابی اور اغواء کاروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سازش کے تحت مقامی قبائل کی جدی پشتی اراضیات پر قبضہ کرنے اور قبائل کو اپنے زمینوں سے بیدخل کرنے کا سلسلہ مختلف اداروں کی سرپرستی میں جاری ہے۔ سرہ غوڑگئی، منگہ، غبرگ، ہنہ اوڑک، نوحصار، مارگٹ، مارواڑ، سورینج، ڈیگاری، زرغون غر، شعبان کے علاقوں میں مختلف ناموں سے حملے، خوف وہراس، لوگوں کو گھروں سے اٹھانے، مارنے کا سلسلہ جاری ہے۔۔

کوئٹہ: ائیرپورٹ روڈ منڈی میں لوگ قربانی کے جانور خرید رہے ہیں

منصوبوں کے اعلان سے نیا انقلاب آئے گا، نسیم الرحمان ملاخیل

حکومت عوام کو جدید و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی مشیر

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی مشیر برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے گزشتہ روز بلوچستان میں صحت کے شعبے سے متعلق متعدد اہم منصوبوں کا افتتاح کیا گیا، جن سے صوبے میں ہیلتھ کے شعبے میں ایک نئے انقلاب کا آغاز ہوگا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

علمی شخصیات کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے، انجینئر عثمان بادینی

ایسے واقعات بلوچستان کی علمی، ادبی اور تہذیبی شناخت پر حملہ ہیں، رکن قومی اسمبلی

اسلام آباد (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما رکن قومی اسمبلی انجینئر حاجی عثمان بادینی نے براہوی زبان کے نامور شاعر، ادیب، مصنف، دانشور اور لیکچرار حیات غمخوار کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں اہل قلم، اساتذہ، دانشوروں اور علمی شخصیات کو مسلسل نشانہ بنانا افسوسناک، تشویشناک اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ ایسے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

6 لوڈ ٹرکوں کا جلایا جانا قیام امن پر بڑا سوالیہ نشان ہے

آئے روز ٹرانسپورٹرز کی کروڑوں روپے کی گاڑیاں نذر آتش کی جارہی ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالباقی کاکڑ نائب صدر حاجی خدائے داد شاہوانی اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے آباد ضلع مستونگ میں معدنیات سے لوڈ جلائے جانے والے 6 ٹرک پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس کو صوبائی حکومت کی نااہلی اور جنگل کا قانون قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک ذمہ دار ریاست کے اندر اس قسم کے واقعات انتہائی تشویشناک۔ .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جے ڈبلیو پی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، بصیر خان بارکزئی

تمام یونین کونسلوں میں اپنے امیدوار میدان میں اتاریں گے، عبدالواسع کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) جمہوری وطن پارٹی کے سینئر صوبائی صدر بصیر خان بارکزئی اور سابق صوبائی ڈپٹی آرگنائزر عبدالواسع کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جے ڈبلیو پی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لے گی اور ہر یونین کونسل سے اپنا امیدوار نامزد کریں گے کیونکہ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان سمیت پاکستان بھر میں ایک مضبوط پارٹی ہے، جس میں تمام اقوام اور ہر نسل کے لوگ شامل ہیں جمہوری وطن پارٹی تعصب سے پاک ہے انہوں .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ نظام نے عوام کو اندھیروں میں دھکیل دیا، مولانا ہدایت الرحمان

پاکستان کے نظریے کیساتھ غداری کرنے والے مسلط ہیں، امیر جماعت اسلامی

پاکستان کے نظریے کیساتھ غداری کرنے والے مسلط ہیں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ موجودہ نظام نے عوام کو اندھیروں میں دھکیل دیا، عوام کو بار بار دھوکہ دیا گیا، عوام سے غداری کی گئی پاکستان کے نظریے کیساتھ غداری کرنے والے ہم پر مسلط ہے ملک کو دولخت کیا گیا بلوچستان کو مقبوضہ و مفتوحہ سمجھا جا رہا ہے تمام وسائل کو مال غنیمت سمجھ کر لوٹا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میزان چوک میں جماعت اسلامی کوئٹہ .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بخت محمد کاکڑ کا تربت میں لیڈی کانسٹیبل کی شہادت پر اظہار افسوس

خواتین اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے تربت میں لیڈی کانسٹیبل شکیلہ کی شہادت اور ان کے خاندان پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی دہشت گردی اور سفاکیت کی بدترین مثال قرار دیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں اور ایسے دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں۔ انہوں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کرایہ کی عدم ادائیگی، کوئٹہ میٹروپولیٹن نے دو دکانیں خالی کرالیں

مقررہ وقت پر واجبات ادا کرنیوالوں کی دکانیں ڈی سیل کر دی گئیں

میونسپل مجسٹریٹ، ایم سی کیو حکام، اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کی مشترکہ کارروائی

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور نے کارپوریشن املاک کے کرایہ نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دکانیں خالی کروائیں۔ متعلقہ دکاندار جولائی 2021 سے کرایہ ادا نہیں کر رہے تھے۔ متعدد نوٹسز اور یاددہانیوں کے باوجود عدم ادائیگی پر کارروائی عمل میں لائی گئی، تاہم مارکیٹ نمائندوں کی یقین دہانی پر نادہندگان کو واجبات کی ادائیگی کے لیے 2 گھنٹے کا وقت دیا گیا۔ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

وی سی اور عملے کی بازیابی کیلئے جامعہ گوادر کے طلباء کا احتجاج

مغویان کی فوری اور بحفاظت بازیابی کیلئے ہنگامی اقدامات کی اپیل

گوادر (آئی این پی) جامعہ گوادر کے وائس چانسلر، اساتذہ اور یونیورسٹی عملے کی گمشدگی کے خلاف طلبہ سراپا احتجاج بن گئے۔ طلبہ نے مغوی اساتذہ اور عملے کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت اور سیکیورٹی اداروں سے ہنگامی اقدامات کی اپیل کی ہے۔ گوادر میں جامعہ گوادر کے طلبہ نے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، پرو وائس چانسلر سید منظور احمد، لیکچرار ارشاد بلوچ اور ڈرائیور آتم بلوچ کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا۔ احتجاج میں طلبہ کی بڑی تعداد شریک ہوئی جنہوں نے بینرز اور پلے کارڈز .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ: ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق ایک شدید زخمی

زخمی انعام اللہ کو ہیڈ انجری کے باعث ٹراما سنٹر میزئی اڈہ سے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا، انتظامیہ

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ میں زڑہ بند کے قریب ایک ہولناک ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔ لیویز اور ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی لاش اور زخمی کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عصمت اللہ ولد محمد کریم کے نام سے ہوئی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق حادثے میں شدید زخمی ہونے والے شخص کی شناخت انعام اللہ ولد حاجی عبدالباری کے نام سے ہوئی ہے، جسے ٹراما سنٹر میزئی اڈہ میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سول سروس ایگزیکٹو برانچ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کے اجلاس سے بی سی ایس آفسران خطاب کر رہے ہیں

سمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ ظلم و ناانصافی کے مترادف ہے، اے این پی

عید کے موقع پر کاروباری سرگرمیاں عروج، حکومت نے بلاجواز لاک ڈاؤن نافذ کر کے معاشی مسائل میں مزید اضافہ کر دیا

پہلے ہی مہنگائی، بیروزگاری، بجلی و گیس کے بھاری بھرکم بلوں اور ٹیکسوں نے عوام و تاجروں کی کمر توڑ ڈالی، صوبائی بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں حالیہ سمارٹ لاک ڈاؤن پر شدید رد عمل دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ عید کے موقع پر صوبے بھر کی مارکیٹوں بازاروں اور شاپنگ سینٹرز کو بند کرنے کا فیصلہ تاجر برادری کے ساتھ سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے عید کے ایام میں تاجر برادری پورے سال کی امیدیں وابستہ کرتی ہے اور انہی دنوں میں کاروباری سرگرمیاں عروج پر ہوتی ہیں مگر حکومت نے بلاجواز لاک .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی: ڈاکوؤں نے سکول ٹیچر سمیت متعدد افراد کو لوٹ لیا

متاثرین سے موٹر سائیکلیں، موبائل فونز، ہزاروں روپے نقدی چھین لی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ڈکیتی رہزنی کی وارداتیں تھم نہ سکیں سکول ٹیچر سمیت چار افراد سے موٹر سائیکلز پانچ موبائل فون ہزاروں روپے نقدی چھین لی گئی۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن روڈ گوٹھ صدیق کے مقام پٹ فیڈر ریبرون نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر صدر ولد محمد حسین بلیدی سے موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی حدود نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر نوجوان ارشاد علی ابڑو سے موٹر سائیکل دو عدد موبائل فون چھین کر فرار .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا کابینہ میں توسیع کا فیصلہ، سمری تیار

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کابینہ میں توسیع کا فیصلہ، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے سمری تیار کر لی۔ نجی ٹی وی کے مطابق صوبائی کابینہ میں 3 وزراء، 3 مشیروں اور 5 معاونین خصوصی کو شامل کیا جائے گا۔ نذیر احمد عباسی، شکیل احمد، محمد عدنان قادری، کو صوبائی وزیر بنائے جانے کا امکان ہے۔۔۔

عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے سلسلے میں جامع گائیڈ لائنز جاری

عید کے ایام میں تمام لوکل گورنمنٹ دفاتر کے عملے کی چھٹیاں منسوخ رہیں گی

لاہور (آئی این پی) عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے سلسلے میں محکمہ لوکل گورنمنٹ نے جامع گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ گائیڈ لائنز کے مطابق اتوار تک پنجاب بھر میں عارضی کیٹل سیل پوائنٹس مکمل طور پر فعال کر دیے جائیں گے جبکہ غیر قانونی مویشی منڈیوں اور سڑک کنارے جانوروں کی فروخت کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ لوکل گورنمنٹ نے ہدایت کی ہے کہ عید کے ایام میں تمام لوکل گورنمنٹ دفاتر کے عملے کی چھٹیاں منسوخ رہیں گی تاکہ صفائی اور دیگر انتظامات کو یقینی بنایا جا سکے۔ گائیڈ لائنز میں کہا گیا کہ شہریوں کو بائیوڈیگریڈیبل ویسٹ بیگز کی بروقت فراہمی اور تقسیم یقینی بنائی جائے گی

آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر قوم کا استحصال جاری ہے، جمعیت نظریاتی

ناروا ٹیکسز سے زراعت و انڈسٹریز تباہ، مہنگائی اور بیروزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

اشرافیہ کو نوازنے کیلئے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا جا رہا ہے، مولانا عبدالرؤف، مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ سندھ کے امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان نکیال پنجاب .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

حالت انتہائی سنگین، وی سی اغواء اور پروفیسر قتل ہو رہے ہیں، مالک بلوچ

عام انتخابات میں مینڈیٹ چرا کر حاجی عطاء محمد بنگلزئی کی نشست کو فارم 47 کے حوالے و تربت کی نشستیں بھی چھین لی گئیں، سربراہ این پی

سیاسی کارکن کے ذریعے ہی سماجی تبدیلی ممکن ہے، خضدار میں شمولیتی تقریب سے اسلم بلوچ و دیگر رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) خضدار سے تعلق رکھنے والے اہم سیاسی کارکنوں نے میر عاشق حسین کرد کی قیادت میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور نیشنل پارٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا، اس سیاسی شمولیت اجتماع سے نیشنل پارٹی خضدار کے رہنماؤں میر عبدالرحیم کرد حمید ایڈووکیٹ رئیس بشیر احمد ناصر کمال نے اہم کردار ادا کیا۔ تقریب سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ای پی آئی بلوچستان کے صحافیوں کا تربیتی ورکشاپ کے بعد ضیاء الرحمان سالانی، خیر محمد اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی ملزمان نے متعدد وارداتوں کا اعتراف کیا ہے پولیس کے مطابق گزشتہ روز بروری پولیس کی جانب سے موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے قاہر سکنہ ژوب، ابراہیم سکنہ نواں کلی کوئٹہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے موٹر سائیکل برآمد کر لی تفتیش کے دوران ملزمان نے چند روز قبل کینٹ کے علاقے ہزارہ سوسائٹی سے 125 موٹر سائیکل چھیننے کا اعتراف کیا ہے۔۔۔

ڈی ایم جمالی، مسلح افراد کا ٹیوب ویل پر حملہ سولر پلانٹ و مشینری تباہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نچی میں مسلح افراد کا ٹیوب ویل پر حملہ سولر پلانٹ اور مشینری تباہ، ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق چھتر کے علاقے پولیس تھانہ نچی کی حدود بانڑی میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے سید صدام شاہ کے ٹیوب ویل کے سولر پلانٹ و مشینری کو تباہ کر دیا جبکہ اٹھارہ سے زیادہ سولر پلیٹس بھی اٹھا کر ساتھ لے گئے واقعہ کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

گنداواہ، معروف ہندو تاجر مسلح افراد کے حملے میں شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) گنداواہ معروف ہندو تاجر پر مسلح افراد کا حملہ شدید زخمی کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ضلع جھل مگسی گنداواہ میں گزشتہ روز نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے معروف ہندو تاجر سیٹھ سریش کمار کو زخمی کر کے فرار ہو گئے زخمی کو ڈی ایچ کیو گنداواہ منتقل کر دیا گیا واقعہ کے بارے میں پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

پروفیسر حیات کا قتل سماج کو اندھیرے میں دھکیلنے کے مترادف ہے، این پی

دانشور، اہل قلم اور علمی شخصیات سماج کا روشن چہرہ، قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں

تربت میں لیڈی کانسٹیبل کو شہید کرنا قابل مذمت عمل ہے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں نوشکی میں نامور پروفیسر شاعر ادیب اور مصنف غمخوار حیات کے بہیمانہ قتل کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پروفیسر غمخوار حیات جیسے دانشور، اہل قلم اور علمی شخصیات سماج کا روشن چہرہ اور قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں ان کا بے دردی سے قتل نہ صرف ایک فرد کا نقصان بلکہ مکمل سماج کو اندھیرے میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ بیان میں تربت میں لیڈی کانسٹیبل .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر میں فائرنگ سے مزدوروں کی شہادتیں قابل مذمت ہیں، شمس کرد

غریب عوام بدترین معاشی بدحالی، بے روزگاری اور عدم تحفظ کا شکار ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمہوری وطن پارٹی کے سابق مرکزی ترجمان میر شمس کرد نے گوادر کے علاقے کلانچی ہور میں فائرنگ سے نہتے بلوچ مزدوروں کی شہادت پر شدید افسوس اور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت مزدوری کر کے اپنے اہل خانہ کا پیٹ پالنے والے بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا انسانیت، قانون اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غریب عوام پہلے ہی بدترین معاشی بدحالی، بے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاکہ: بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم 278 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی

لٹن داس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 126 رنز بنائے

ڈھاکہ (م ڈ) پاکستان نے پہلے روز کے کھیل کے اختتام پر بنگلہ دیش کے 278 رنز کے جواب میں بغیر کسی وکٹ کے نقصان پر 21 رنز بنا لیے ہیں اور 257 رنز کا خسارہ باقی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا اور بنگلہ دیش کو بیٹنگ کی دعوت دی جس پر بنگلہ دیش کی پوری ٹیم 278 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ بنگلہ دیش کی جانب سے لٹن داس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور 126 رنز بنائے تاہم ان کے علاوہ کوئی اور کھلاڑی نصف .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل ڈیجیٹل ماسٹر پلان ایک جامع قومی فریم ورک ہے، احد چیمہ

پلان کے کامیاب نفاذ کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے، مشاورت بجٹ سے قبل مکمل کر لی جائیگی

ڈیجیٹل معیشت کے فروغ سے نہ صرف سرمایہ کاری بڑھے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر احد چیمہ اور وزیراعظم آفس کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ کی زیر صدارت نیشنل ڈیجیٹل ماسٹر پلان سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں ملک میں ڈیجیٹل گورننس، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے فروغ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے احد چیمہ نے کہا کہ نیشنل ڈیجیٹل ماسٹر پلان ایک جامع قومی فریم ورک ہے، جس کے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، حاجی بشیر احمد، ندا عابد بٹ، محمد عمر جتک و دیگر میر شکر خان رئیسانی کے انتقال پر بھائی اور بیٹوں سے تعزیت کر رہے ہیں

پارٹی نے ہمیشہ اصولی، نظریاتی، جمہوری سیاست کو فروغ دیا، نصراللہ زیرے

ہماری جدوجہد سیاسی جبر، ناانصافیوں اور عوام دشمن پالیسیوں کیخلاف جاری، عوام کے حقوق سے دستبردار نہیں ہوں گے، پشتونخوا نیپ

پشتونخوا نیپ نے قومی سیاست میں شرافت، اصول پسندی، سیاسی شعور، جمہوری روایات اور عوامی خدمت کی ایک نئی مثال قائم کر دی

موجودہ حالات میں عوام ایسی قیادت کی تلاش میں ہیں جو ذاتی مفادات اور وقتی مفاہمتوں سے بالاتر ہو، شمولیتی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے اور صوبائی آفس سیکرٹری نداسکر نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیپ میں عوام کی بڑی تعداد میں مسلسل شمولیت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پشتون عوام آج بھی قومی شعور، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور ملی تشخص کے تحفظ کیلئے پشتونخوا نیپ کو ہی اپنی حقیقی نمائندہ سیاسی قوت سمجھتے ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی نے ہمیشہ اصولی، نظریاتی، جمہوری اور عوام .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اوپل کراؤن سکول اینڈ اکیڈمی کے زیر اہتمام سالانہ تقریب کے موقع پر ڈائریکٹر حاجی طاہر خان اچکزئی شرکاء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

بجٹ سے قبل 28 ویں ترمیم آ سکتی ہے، فاروق ستار

پی پی کے علاوہ تمام جماعتیں بلدیاتی ترمیم کی حامی ہیں

کراچی (آئی این پی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے بجٹ سے قبل 28 ویں ترمیم آنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے علاوہ تمام جماعتیں بلدیاتی ترمیم کی حامی ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ستائیسویں ترمیم کے فوری بعد ایم کیو ایم کو عندیہ دیا گیا تھا کہ اٹھائیسویں ترمیم آئے گی، گمان ہے کہ اٹھائیسویں .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں بھی اسمارٹ لاک ڈاؤن ختم کر دیا گیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پنجاب اور سندھ کے بعد خیبر پختونخوا میں بھی دکانیں، مارکیٹیں، شاپنگ مال، ہوٹل اور ریسٹورنٹس رات جلدی بند کرنے کی پابندی ختم کر دی گئی، کاروباری مراکز اب معمول کے مطابق اپنے اوقات کار جاری رکھ سکیں گے۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے صوبے میں اسمارٹ لاک ڈاؤن کیخاتمے کا نوٹس جاری کر دیا۔

وزیر اعلیٰ سندھ کے ہیلی کاپٹر کیلئے پائلٹس کی بھرتی، درخواستیں طلب

عمر 57 سال اور تعلیمی قابلیت کے لئے بیچلر اف انجینئرنگ ہونا لازم ہے

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے ہیلی کاپٹر کیلئے اسپیشل گریڈ میں 3 افسران کی بھرتی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مراد علی شاہ کے ہیلی کاپٹر کیلئے 2 پائلٹس اور ایک اسسٹنٹ ڈپٹی چیف انجینئر کی بھرتی کیلئے مطلوبہ تجربات کے حامل امیدواروں سے درخواستیں 15 روز میں طلب کی گئی ہیں۔ امیدواروں کا پی سی اے اے لائسنس ہولڈر، امتحان پاس ہونا لازمی ہے اسی طرح امیدوار کی زیادہ سے زیادہ عمر .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی، گردی جنگل میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دشت گوران کا رہائشی زخمی

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے گردی جنگل میں نامعلوم ڈاکوؤں نے فائرنگ کر کے دشت گوران کے رہائشی ایک شخص کو شدید زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعہ میں عبدالصمد ولد محمد انور نامی شہری زخمی ہوا، جسے فوری طور پر رورل ہیلتھ سینٹر چاغی منتقل کیا گیا پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے شواہد اکٹھے اور نامعلوم ڈاکوؤں کی گرفتاری و علاقے میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لئے ناکہ بندی کر کے تفتیش شروع کر دی۔

تعلیمی اداروں میں منشیات بیچنے والی عورت گرفتار کر لی گئی

عنبرین عرف گڈی سے 3 کلو 90 گرام چرس اور 24 گرام ہیروئن برآمد

حیدرآباد (آئی این پی) حیدرآباد کے تعلیمی اداروں میں منشیات کی فروخت میں ملوث عورت کو گرفتار کر لیا گیا۔ حیدرآباد پولیس ٹاسک فورس نے بدنام منشیات فروش عورت عنبرین عرف گڈی کو بھاری مقدار میں چرس اور ہیروئن کے ساتھ گرفتار کر لیا۔ منشیات فروش عنبرین عرف گڈی جانڈیو علی آباد کالونی، حیدرآباد میں رہتی ہے اور تعلیمی اداروں میں بچوں کو منشیات بیچنے کا دھندا کرتی ہے۔ اس منشیات فروش عورت کے قبضے سے 3 کلو 90 گرام چرس اور 24 گرام ہیروئن برآمد کی گئی، عنبرین عرف گڈی جانڈیو کے خلاف حیدرآباد کے مختلف تھانہ .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

جدہ سے لاہور آنے والی نجی ایئرلائن کی پرواز سے قبل پرندہ ٹکرا گیا

لاہور (آئی این پی) جدہ سے لاہور آنے والی نجی ایئرلائن کی پرواز کے ساتھ لینڈنگ سے قبل پرندہ ٹکرا گیا۔ ائیرپورٹ ذرائع کے مطابق پرندہ طیارے کے انجن نمبر ایک سے ٹکرایا جس کے بعد طیارے کی تکنیکی جانچ کیلئے اسے فوری طور پر گراؤنڈ کر دیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متاثرہ پرواز نے بعد ازاں لاہور سے کراچی کیلئے روانہ ہونا تھا تاہم صورتحال کے باعث پرواز کئی گھنٹے تاخیر کا شکار ہو گئی۔ پرواز نمبر 401 کو صبح 10 بجے کراچی کے لیے روانہ ہونا تھا۔۔۔

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے جرمن قونصل جنرل کی ملاقات

پاک جرمنی تعلقات، تجارتی تعاون، سرمایہ کاری کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

کراچی (آئی این پی) جرمنی کے قونصل جنرل تھامس اے شالز نے گورنر ہاؤس کراچی میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے ملاقات کی، جس میں پاک جرمنی تعلقات، تجارتی تعاون، سرمایہ کاری، صنعتی روابط اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گورنر سندھ نے جرمنی کی جانب سے پاکستان، خصوصاً سندھ میں سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلویز ریٹائرڈ و حاضر سروس ملازمین کا اربوں روپے مقروض

21 ارب 36 کروڑ روپے کے واجبات تاحال بقایا ہیں، ریلویز نے سارا ملبہ وزارت خزانہ پر ڈال دیا، تمام دستاویزات قومی اسمبلی میں جمع

متعدد درخواستوں کے باوجود وزارت خزانہ نے اضافی فنڈ مختص نہیں کیے، اضافی گرانٹ کی سمری دسمبر 2025 سے زیر التواء ہے، وزارت

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان ریلوے کے مالیاتی کارکردگی میں بہتری کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، ادارے میں ریٹائرڈ اور حاضر سروس ملازمین کے 21 ارب 36 کروڑ روپے کے واجبات تاحال بقایا ہیں، واجبات کی ادائیگی کے معاملے پر وزارت ریلوے اور وزارت خزانہ آمنے سامنے آ گئیں۔ وزارت ریلوے نے سارا ملبہ وزارت خزانہ پر ڈالتے ہوئے تمام دستاویزات قومی اسمبلی میں .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر